

# ہمارے کاروباری طرز عمل کے معیارات 2026

bat.com/sobc/online

A BETTER TOMORROW

# مشمولات

## تعارف




3 Tadeu Marroco کا پیغام
4 ہمارا مقصد اور اقدار
5 ہمارے کام کرنے کا طریقہ
8 لائن مینیجرز کا کردار
9 اپنا خود کا اخلاقی فیصلہ استعمال کرنا


## آواز اٹھائیں




11 آواز اٹھائیں


## سماج اور ماحول




15 ہمارے لوگ: مقام کار میں احترام
17 انسانی حقوق
20 صحت، حفاظت اور بہبود
22 ماحول


## ذاتی اور کاروباری دیانتداری




25 مفادات کا ٹکراؤ
29 رشوت اور بدعنوانی مخالف
31 تحائف اور تفریح (G&E)


## خارجی اسٹیک ہولڈرز





36 لابنگ اور شمولیت
38 سیاسی شراکتیں
40 کمیونٹی سرمایہ کاریاں


## کارپوریٹ اثاثے اور مالیاتی دیانتداری





44 درست بہی کھاتے اور ریکارڈ
47 کارپوریٹ اثاثوں کا تحفظ
50 ڈیٹا کی رازداری، اخلاقیات اور مصنوعی ذہانت
51 سائبر سیکیورٹی، رازداری، اور معلومات کی سیکیورٹی
54 انسائڈر ڈیلنگ اور مارکیٹ کا غلط استعمال


## قومی اور بین الاقوامی تجارت




57 مقابلہ اور عدم اعتماد
61 پابندیاں اور برآمدات پر کنٹرول
63 غیر قانونی تجارت مخالف
65 ٹیکس چوری مخالف اور منی لانڈرنگ مخالف


## فرہنگ




70 طے شدہ شرائط





1

# تعارف


| | |
|---|---|
| Tadeu Marroco کا پیغام | 3 |
| ہمارا مقصد اور اقدار | 4 |
| ہمارے کام کرنے کا طریقہ | 5 |
| لائن مینیجرز کا کردار | 8 |
| اپنا خود کا اخلاقی فیصلہ استعمال کرنا | 9 |





# Tadeu Marroco کا پیغام

**ہمارے کاروبار کو صحیح طریقے سے تبدیل کرنا اولین ترجیح ہے۔**

BAT میں ہم دھوئیں سے پاک ایک دنیا کی تعمیر کرنے اور **A Better Tomorrow™** تخلیق کرنے کے اپنے مقصد سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ یہی ہمیں حوصلہ دیتا ہے اور اس کام کے مرکز میں ہے جو ہم اپنے کاروبار کو تبدیل کرنے کے لیے کر رہے ہیں۔

ہمارے کاروباری طرز عمل کے معیارات (SoBC) ایک رہنما ہے جس کے مطابق ہم زندگی گزارتے ہیں، اور یہ ان طرز عمل اور معیارات کا تعین کرتا ہے جن کی ہم خود سے توقع کرتے ہیں۔ ہماری اقدار پر قائم، یہ دیانتداری کے ساتھ کام کرنے اور کاروباری نتائج کو ذمہ داری کے ساتھ فراہم کرنے کے ہمارے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اس کا مطلب صحیح کام کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ، ہمارے سپلائرز، ہمارے صارفین کے ساتھ، نیز جن کمیونٹیز میں ہم کام کرتے ہیں ان کے ساتھ شفاف رہنا ہے۔

میرے لیے یہ بابت اہم ہے کہ ہماری ثقافت تعاون اور اعتماد کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، جبکہ ایک محفوظ جگہ ہے جہاں لوگ انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر آواز اٹھانے میں با اختیار محسوس کرتے ہیں۔ ہم اپنے لوگوں پر بھروسہ کرتے ہیں کہ وہ اپنا کام ذمہ داری سے کریں اور غلط کاموں کے بارے میں تشویش کا اظہار کریں۔ یقین رکھیں کہ آپ کی بات سنی جائے گی اور آپ کی حمایت کی جائے گی۔

براہ کرم ہمارے SoBC کو پڑھنے اور سمجھنے کے لیے وقت نکالیں اور اپنے فیصلوں کی رہنمائی کے لیے اسے فعال طور پر استعمال کریں، یہ یاد رکھتے ہوئے کہ ہمیں اصولوں کے جذبے کے ساتھ اس کی روح پر بھی عمل کرنا چاہیے۔ ہر روز صحیح کام کرنا ہماری کامیابی کے لیے اہم ہے - صحیح طریقے سے مضبوط کاروباری کارکردگی کی فراہمی ہماری اقدار کا مرکز ہے اور بالآخر ہماری حکمت عملی اور مقصد کی بنیاد ہے۔

**Tadeu Marroco**
چیف ایگزیکٹیو
اپریل 2026

# ہمارا مقصد اور اقدار

**A Better Tomorrow™ کا مطلب ہے دھوئیں سے پاک دنیا کی تعمیر۔**

یہ ہمارا مقصد ہے، جس کی بنیاد چھ کارپوریٹ اقدار ہیں، ہور یہ ایسا سلسلہ ہے جو ہمارے ہر کام اور ہم اسے جس طریقے سے انجام دیتے ہیں اس میں چلنا ضروری ہے - نیز ہماری حکمت عملی اور مقصد سے اس کا ایک واضح تعلق ہے۔

## ہماری اقدار
### ہمیں اپنے مقصد کو زندہ کرنے کا راستہ دکھاتی ہیں


ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہمارے لوگ ہی ہماری حکمت عملی پیش کریں گے۔ ہمارے کارپوریٹ کلچر کی مضبوط بنیادوں پر بنی چھ 'اقدار'، اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ ہم کس طرح پیش رفت کریں گے: **صحیح معنوں میں شامل**، **صحیح کام کریں**، **ہمارے صارفین سے محبت کریں**، **جیتنے کا جذبہ**، **اعتماد کے ذریعے با اختیار**، اور **ایک ساتھ زیادہ مضبوط**۔




Delivery *with* Integrity

## ہماری ثقافت
### اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ہم صحیح کام کریں۔

جس طرح سے ہم کام کرتے ہیں اس کی بنیاد دیانتداری کے ساتھ کام کرنے، ہر روز صحیح کام کرنے، اور اپنے کاروباری نتائج کو دیانتداری کے ساتھ فراہم کرنے کے اجتماعی عزم پر منحصر ہے۔



## ہمارا SoBC
### ہمارے طرز عمل کی رہنمائی کرتا ہے

ہماری اقدار سے متوقع طرز عمل کا احاطہ ہمارے **کاروباری طرز عمل کے معیارات (SoBC)** میں کیا گیا ہے، جن میں دیانتداری کے ان اعلی معیارات کو بیان کیا گیا ہے جن کو برقرار رکھنے کے تئیں ہم پرعزم ہیں۔






# ہمارے کام کرنے کا طریقہ

ہمارے کاروباری طرز عمل کے معیارات برٹش امریکن ٹوبیکو کی عالمی پالیسیوں کا ایک مجموعہ ہیں، جس میں دیانتداری کے ان اعلی معیاروں کی وضاحت کی گئی ہے جن کی حمایت کے تئیں ہم پرعزم ہیں۔

## SoBC کے مقامی ورژنز

**گروپ میں کام کرنے والی ہر کمپنی کے لیے اس SoBC کو اپنانا ضروری ہے۔ اگر گروپ کی کوئی کمپنی SoBC کے اپنے ورژن کو نافذ کرنا چاہتی ہے تو اسے کم از کم اس SoBC کی طرح سخت ہونا چاہیے، اور قابل اطلاق قانونی امور کے علاقائی سربراہ کی حمایت اور پیشکش کے بعد عالمی قانونی امور کی ٹیم کو اسے نوٹ کرنا چاہیے، اور اس کے بعد AGC کی کاروباری دیانتداری اور تعمیل کے ذریعہ تحریری طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے۔ اگر اس SoBC کا مقامی قوانین کے ساتھ ٹکراؤ ہوتا ہے تو مقامی قوانین کو ترجیح دی جائے گی۔**

## SoBC کی ترجیح

**SoBC (یا مقامی نسخہ، اگر قابل اطلاق ہو) اور گروپ کمپنی (بشمول ملازمت کے معاہدے) کی طرف سے جاری کردہ کسی دیگر دستاویز کے مابین ٹکراؤ یا عدم مطابقت کی صورت میں، SoBC (یا مقامی نسخہ، اگر قابل اطلاق ہو) کی شرائط کو فوقیت حاصل ہوگی۔ SoBC (یا مقامی نسخہ، اگر قابل اطلاق ہو) میں حوالہ دی گئی تمام پالیسیوں اور طریقہ کار کی شرائط BAT کے تمام ملازمین کے لیے لازمی ہیں۔**

ہمارا ڈیلیوری ود انٹیگریٹی گلوبل کمپلائنس پروگرام اخلاقی کلچر کو فروغ دیتا ہے اور ہمارے SoBC میں متعین کردہ متوقع طرز عمل سے باخبر کرتا ہے۔ BAT میں، ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ سب سے زیادہ مستحکم اور دیرپا تعلقات اعتماد اور شفافیت پر مبنی ہوتے ہیں۔

اس وجہ سے، ہم ہمیشہ اپنے مواصلات اور مارکیٹنگ کے اقدامات کو تمام چینلز پر ذمہ دار بنانے کی کوشش کرتے ہیں، اس بات پر پوری توجہ دیتے ہوئے کہ ہم کس طرح، کیا اور کس کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں؛ مارکیٹنگ کے مواصلات کے لیے، یہ ہمارے **ذمہ دار مارکیٹنگ کے اصولوں (RMP)** کے زیر انتظام ہے، جو SoBC سے آزاد ہیں۔

## دیانتداری کا عزم

**ہمارے لیے SoBC (یا مقامی مماثل) اور ان سبھی قوانین وضوابط کی تعمیل کرنا ضروری ہے جو گروپ کمپنیوں، ہمارے کاروباری اداروں، اور خود ہم پر لاگو ہوتے ہیں۔ ہمارے لیے ہمیشہ دیانتداری کے اعلی معیاروں کے ساتھ کام کرنا ضروری ہے۔**

ہمارے اعمال ہمیشہ قانون کے مطابق ہونے چاہئیں۔ ان میں آگے چل کر دیانتداری آنی چاہیے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے اعمال، طرز عمل، اور ہمارے کاروبار کرنے کے طریقہ کو ذمہ دار، ایماندار، مخلص اور قابل اعتماد ہونا ضروری ہے۔

**ہم سبھی کے لیے SoBC یا مقامی مماثل کو جاننا، سمجھنا اور اس کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔**

SoBC کا اطلاق BAT کے سبھی ملازمین، اس کے ذیلی اداروں اور ان جوائنٹ وینچرز پر ہوتا ہے جنہیں BAT کنٹرول کرتا ہے۔ اگر آپ ٹھیکیدار ہیں، کسی متبادل ملازمت میں عارضی طور پر منتقل کر دیئے گئے ہیں، زیر تربیت ہیں، ایجنٹ ہیں یا ہمارے ساتھ کام کرنے والے مشیر ہیں تو ہم مطالبہ کریں گے کہ آپ SoBC کے ساتھ تسلسل سے کام کریں اور خود اپنی تنظیم میں ان جیسے معیاروں کو نافذ کریں۔ SoBC کی تکمیل **BAT سپلائر کوڈ آف کنڈکٹ** سے ہوتی ہے، جو ان کم سے کم معیاروں کی وضاحت کرتا ہے جن کی تعمیل کرنے کی ہم اپنے مہیا کنندگان سے توقع کرتے ہیں اور اسے ہمارے معاہدہ جاتی انتظامات میں شامل کیا گیا ہے۔

## کسی بھی خلاف ورزی کی رپورٹ کرنے کا فریضہ

**ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم SoBC یا قانون کی خلاف ورزی میں کسی بھی قسم کی مشتبہ غلط کاری کی رپورٹ کریں۔ ہمیں گروپ کے ساتھ کام کرنے والے فریقین ثالث کی طرف سے بھی اس طرح کے طرز عمل کی رپورٹ کرنی چاہئے۔**

پریقین رہیں کہ BAT ان لوگوں کے خلاف انتقامی کارروائی کو برداشت نہیں کرے گا جو تشویشات ظاہر کرتے ہیں یا SoBC کی مشتبہ خلاف ورزیوں یا غیر قانونی طرز عمل کی رپورٹ کرتے ہیں۔

## خلاف ورزی کے نتائج

**ایسے برتاؤ کے لیے تادیبی کارروائی کی جائے گی جس سے SoBC کی خلاف ورزی ہوتی ہو یا جو غیر قانونی ہو، جس میں خصوصی طور پر سنگین خلاف ورزیوں کے مدنظر ملازمت کی برطرفی شامل ہے۔**

SoBC، یا قانون کی خلاف ورزیوں میں شامل گروپ اور افراد کے خلاف سنگین نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔ اگر طرز عمل مجرمانہ رہا تو تفتیش کے لیے اسے حکام کو ریفر کیا جا سکتا ہے اور اس کے نتیجہ میں مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔

## SoBC کی سالانہ تصدیق اور تربیت

**ہر سال، ہمارے سبھی ملازمین اور گروپ کے اداروں کے لیے رسمی طور پر اس بات کی تصدیق کرنا ضروری ہے کہ انہوں نے SoBC کی تعمیل کی ہے اور تربیت مکمل کی ہے۔**

ملازمین ایسا ہمارے سالانہ SoBC سائن آف کے حصہ کے طور پر کرتے ہیں، جس میں ہم SoBC کے تئیں اپنے عزم اور اس کی تعمیل کی دوبارہ تصدیق کرتے ہیں اور ہمیں شفافیت کی خاطر کسی بھی قسم کے ذاتی مفادات کے ٹکراؤ کا اظہار کرنے یا دوبارہ اظہار کرنے کی یقین دہانی کرائی جاتی ہے۔

نئے جڑنے والے ہماری SoBC پالیسیوں، بشمول لابنگ اور شمولیت پر محیط ایک لازمی تقرر کو انجام دیتے ہیں، اور ان سے مفادات کے ٹکراؤ کا انکشاف کرنے کے لیے کہا جاتا ہے۔

ہمارے گروپ کے ادارے ایسا کنٹرول نیویگیٹر کے اندر کرتے ہیں، جس میں وہ اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ SoBC کے کمپلائنس کو سپورٹ کرنے کے لیے ان کی کاروباری یونٹ یا مارکیٹ میں مناسب کارروائیاں موجود ہیں۔





## مامون اور محفوظ ماحول

گروپ کمپنیاں ہمارے افراد کی سلامتی نیز اثاثوں کے تحفظ کو بنائے رکھنے کے لیے ذمہ دار ہیں جیسا کہ ہمارے گروپ سکیورٹی پروسیجر میں مزید تفصیل سے بتایا گیا ہے۔

## ذمہ دارنہ مارکیٹنگ

ہمارے مارکیٹنگ کے ذمہ دارانہ اصولوں اور مارکیٹنگ کے ذمہ دارانہ ضابطہ کے زیر انتظام جو کہ **SoBC** سے آزاد ہیں، گروپ کمپنیاں اور ملازمین گروپ کے پروڈکٹس کی ذمہ دارنہ مارکیٹنگ کو یقینی بنائیں گے۔

## میڈیا اور سوشل میڈیا کا استعمال

**اگر آپ سے تبصرہ کرنے کے لیے کسی صحافی یا میڈیا آؤٹ لیٹ کے ذریعہ رابطہ کیا جاتا ہے تو برائے مہربانی ایسی درخواستوں کو اپنی مقامی ایکسٹرنل کمیونیکیشنز ٹیم کو ریفر کر دیں (گروپ پریس آفس سے press_office@bat.com پر رابطہ کیا جا سکتا ہے)۔**

ملازمین کے ذریعہ سوشل میڈیا کے بعض استعمال سے BAT کے اثاثوں اور اس کی ساکھ کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا کا استعمال کرتے وقت ملازمین کو اچھے فیصلے کا استعمال کرنا چاہیے۔

> **ہم سبھی کو SoBC یا مقامی ہم قدر کو جاننا، سمجھنا، اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔**



# لائن مینیجرز کا کردار

ہمارے SoBC، پالیسیاں اور کارروائیاں ہر ایک پر لاگو ہوتی ہیں، خواہ ان کا منصب یا سینئرٹی جو بھی ہو۔ مینیجرز SoBC کے کلیدی رول ماڈل ہیں۔ اگر آپ لوگوں کا بندوبست کرتے ہیں تو آپ کے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ کے سبھی لائن رپورٹس SoBC کو پڑھتے ہیں اور ان سے توقع چیزوں کو سمجھنے کے لیے درکار رہنمائی، وسائل اور ٹریننگ حاصل کرتے ہیں۔

اگر آپ لائن مینیجر ہیں تو آپ کی ایک اضافی ذمہ داری ہے کہ آپ کے علم میں لائی جانے والی کسی بھی تشویشات کا اظہار لیگل کے سامنے کریں۔ جو لوگ اس طرح کے خدشات کو نظر انداز کرتے ہیں، یا کسی کو آواز اٹھانے سے روکتے ہیں یا حوصلہ شکنی کرتے ہیں تو انہیں تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

## لائن مینیجرز سے توقع کی جاتی ہے کہ:

- **BAT کی اقدار کو جانیں اور جو صحیح ہو اس کا ساتھ دیں؛**
- **اپنی ٹیم کو یہ یقینی بنانا سکھائیں کہ وہ 'دیانتداری کے ساتھ کام انجام دینے' کے طریقہ کو جانیں اور موافق رویوں کو پہچانیں؛**
- **مقام کار میں مثالی احترام پیش کریں؛**
- **ایک ایسے ماحول کو فروغ دیں جس میں ان کی ٹیم انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر تشویشات کو ظاہر کرنے میں آزاد محسوس کرتی ہو؛ اور**
- **جب تشویشات کو ظاہر کرنا موزوں ہو تشویشات ظاہر کریں۔**

## کوئی استثناء یا سمجھوتہ نہیں

**کسی بھی لائن مینیجر کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ SoBC کے خلاف، یا قانون کے خلاف کسی بھی کارروائی کا حکم دے یا اس کی منظوری دے۔ ہم کسی بھی حال میں نتائج کی خاطر اپنے معیاروں سے سمجھوتہ نہیں ہونے دیں گے۔ آپ کس طرح ڈلیور کرتے ہیں اتنا ہی اہم ہے جتنا یہ کہ آپ کیا ڈلیور کرتے ہیں۔**

اگر کوئی مینیجر SoBC یا قانون کی خلاف ورزی میں کچھ کرنے کا حکم دیتا ہے تو اسے اعلی انتظامیہ، اپنے مقامی لیگل کونسل، یا کسی 'نامزد افسر' کو **(gdo@bat.com)** پر بتائیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کسی سے داخلی طور پر بات کرنے سے قاصر ہیں تو آپ **ہمارے خفیہ اسپیک اپ ہاٹ لائن (bat.com/speakuphotlines)** کے توسط سے بھی مسئلہ کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔

# اپنا خود کا اخلاقی فیصلہ استعمال کرنا

ہمارا SoBC ہر اس ممکنہ صورتحال کا احاطہ نہیں کر سکتا جس کا آپ کو سامنا ہو سکتا ہے اور یہ بہت اہم ہے کہ آپ جانیں کہ درست قدم کس طرح اٹھایا جائے۔ اگر آپ اخلاقی طور پر مشکل یا غیر یقینی صورتحال میں ہیں تو درج ذیل رہنمائی کی تعمیل کریں۔

## مرحلہ ایک




کیا یہ قانونی ہے اور ہمارے داخلی قوانین اور رہنمائی کے مطابق ہے؟

ہاں ←

نہیں / پریقین نہیں

اگر نہیں، تو آگے نہ بڑھیں۔ آپ کو قانون نہیں توڑنا چاہیے، اور آپ کو SoBC میں محولہ تمام پالیسیوں اور طریقہ کار کی تعمیل کرنی چاہیے۔

## مرحلہ دو




کیا یہ صحیح اور منصفانہ محسوس ہوتا ہے؟

ہاں ←

نہیں / پریقین نہیں

اگر نہیں، تو آگے نہ بڑھیں۔ ہمیں ہمیشہ ایمانداری کے ساتھ کام کرنا چاہیے، چاہے کوئی نہ دیکھ رہا ہو۔

## مرحلہ تین




اگر آپ کی کارروائی کی رپورٹ خبروں میں کی جائے یا آپ کو اپنے برتاؤ کی وضاحت اپنی لیڈرشپ ٹیم سے کرنی پڑ جائے تو کیا آپ کو اطمینان ہوگا؟

ہاں ←

آگے بڑھیں

نہیں / پریقین نہیں

اگر نہیں، تو آگے نہ بڑھیں۔ اگر آپ کو بے اطمینانی لگ رہی ہو تو شاید یہ کرنے لائق درست کام نہیں ہے۔

اگر آپ کو یقین نہیں ہے، تو براہ کرم اپنے لائن مینیجر، قانونی مشیر، یا اعلیٰ انتظامیہ سے بات کریں۔





# 2

# آواز اٹھائیں


11 آواز اٹھائیں




# آواز اٹھائیں

غلط کاری کے بارے میں آواز اٹھانے کے لیے جرأت کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آواز اٹھانے کی یہ پالیسی یہاں اس لیے موجود ہے تاکہ ایسا کرنے میں آپ کا سپورٹ کر سکے، اور اس تعلق سے آپ کو یقین اور بھروسہ دلا سکے کہ ہم آپ کی تشویشات کے ساتھ کیسا معاملہ کریں گے۔

## ہم آواز اٹھانے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں

**گروپ کے لیے یا اس کے ساتھ کام کرنے والے جس شخص کو بھی کام پر صحیح معنی میں یا مشتبہ طور پر کسی غلط کاری (خواہ ماضی میں ہوئی ہو، فی الحال ہو رہی ہو یا ہونے کا امکان ہو) کے تعلق سے تشویش ہو اسے آواز اٹھانی چاہیے۔**

اس میں ملازمین، ٹھیکیداران، اتفاقی کارکنان، کاروباری شراکت داران، کسٹمرز، سپلائرز اور ان کے کارکنان شامل ہیں۔



## غلط کاریوں کی مثالیں

**غلط کاری کی مثالوں میں شامل ہیں:**

- مجرمانہ کارروائیاں، بشمول چوری، دھوکہ دہی، رشوت خوری، بدعنوانی اور پابندیوں کی خلاف ورزی؛
- کسی شخص کی صحت یا سلامتی کو خطرہ میں ڈالنا یا ماحولیات کو نقصان پہنچانا؛
- غنڈہ گردی، ہراسانی (بشمول جنسی ہراسانی)، اور امتیازی سلوک، نہ صرف کام کی جگہ پر، بلکہ اس وقت بھی جب آف سائٹ تربیتوں یا سماجی کام سے متعلق ایونٹس میں شرکت کی جاتی ہے۔
- جدید غلامی، یا انسانی حقوق کی دیگر خلاف ورزیاں؛
- اکاؤنٹنگ میں بدعنوانی یا دستاویزات میں جعل سازی کرنا؛
- SoBC یا گروپ کی دیگر پالیسیوں، اصولوں یا معیارات کی دیگر خلاف ورزیاں؛
- عملی طور پر یا بھول چوک سے کسی قانونی فرض کی تعمیل میں نا کام ہونا؛
- انصاف کا گلا گھونٹنا؛
- کسی غلط کاری کو چھپانا؛ اور
- دوسروں کے لیے مندرجہ بالا میں سے کسی کا ارتکاب کرنے کا سبب بننا یا اسے اس پر مجبور کرنا۔

**غلط کاری میں وہ صورتحال شامل نہیں ہیں جن میں آپ اپنی ذاتی ملازمت کی حیثیت یا کیریئر کی پیش رفت سے ناخوش ہوں۔ اس طرح کے معاملات میں شکایت کے طریقہ کار دستیاب ہیں، اور HR کے پاس شکایت کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں تفصیلات دستیاب ہیں۔**

اگر آپ لائن مینیجر ہیں تو 'آپ کس سے بات کر سکتے ہیں' کے تحت چینلز کے ذریعے آپ کے علم میں لائی جانے والی کسی بھی تشویشات کا اظہار کرنا آپ کی ایک اضافی ذمہ داری ہے۔ جو لوگ اس طرح کے خدشات کو نظر انداز کرتے ہیں، یا کسی کو آواز اٹھانے سے روکتے ہیں یا حوصلہ شکنی کرتے ہیں تو انہیں تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

## آپ کس سے بات کر سکتے ہیں

**اپنے خدشات کا اظہار کرنے کے لیے آپ کے پاس متعدد اختیارات ہیں، اور آپ ان میں سے جس سے سب سے زیادہ مطمئن ہوں اس کا استعمال کر سکتے ہیں:**

- ایک نامزد افسر سے؛
- HR بزنس پارٹنر یا لیگل قونصل سے؛
- اپنے لائن مینیجر سے؛ اور
- ہمارے خفیہ، آزادانہ طور پر زیر انتظام بیرونی اسپیک اپ چینلز **(www.bat.com/speakup)** سے، جو انتظامیہ سے آزادانہ طور پر چلائے جاتے ہیں، آپ کو آن لائن یا ٹیلیفون کے ذریعے (اگر آپ ترجیح دیں تو گمنام طور پر) خدشات ظاہر کرنے کا اہل بناتے ہیں۔

چار سینئر گروپ ایگزیکٹیوز ہمارے گروپ ڈزگنیٹیڈ آفیسرز کے طور پر کام کرتے ہیں۔ ان سے کوئی بھی براہ راست تشویش کا اظہار کر سکتا ہے۔

وہ درج ذیل ہیں:

- AGC کی کاروباری دیانتداری اور تعمیل: Tamara Gitto؛
- برٹش امریکن ٹوبیکو p.l.c. کی کمپنی سکریٹری: Caroline Ferland؛
- اندرونی آڈٹ کی گروپ ہیڈ: Graeme Munro؛ اور
- گروپ ہیڈ آف ریوارڈ: Jon Evans۔

آپ ان سے بذریعہ ای میل،**(gdo@bat.com)** **(+44 (0)207 845 1000)** پیر فون کر کے یا British American Tobacco p.l.c., Globe House, 4 Temple Place, London WC2R 2PG کے پتے پر انہیں خط لکھ کر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## تفتیش اور رازداری

اس سے قطع نظر کہ آپ آواز اٹھانے کا انتخاب کیسے کرتے ہیں، آپ کی شناخت کو خفیہ رکھا جائے گا کیونکہ ہم آپ کی تشویش کی منصفانہ اور معروضی طور پر تفتیش کرتے ہیں۔

جہاں مناسب ہوگا، وہاں BAT کارروائی کرے گا جس میں SoBC کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف تادیبی کارروائی شامل ہو سکتی ہے۔

**جہاں ممکن اور مناسب ہوگا، اگر ہم آپ سے رابطہ کرنے سے قاصر ہوں گے تو آپ کو تفتیش کے نتائج پر بھی رائے موصول ہوگی۔**

ہم آپ کی تشویشات کو کس طرح آگے لے جائیں گے اور اس کی تفتیش کیسے کریں گے اس تعلق سے آپ گروپ **SoBC کی یقین دہانی کے طریق کار** میں مزید پڑھ سکتے ہیں۔

## نامزد افسران اور SoBC کی یقین دہانی سے متعلق کارروائی

ہمارے پاس پوری دنیا میں مقامی طور پر موجود نامزد افسران ہیں جو تشویشات کو وصول کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

یہ SoBC پالیسی **گروپ SoBC کی یقین دہانی سے متعلق طریق کار** کے ذریعہ مکمل ہوتی ہے، جو اس بات کی مزید تفصیل کے ساتھ وضاحت کرتی ہے کہ SoBC کی خلاف ورزی کی تشویشات یا الزامات کو کس طرح بڑھایا جاتا ہیں اور ان کی تفتیش کی جاتی ہیں۔ **گروپ SoBC کی یقین دہانی سے متعلق طریق کار** SoBC کا ایک لازمی حصہ ہے اور اس کی تعمیل اسی طرح کی جانی چاہیے گویا یہ SoBC کا حصہ ہے۔

## آواز اٹھانے والوں کا تحفظ

کسی حقیقی یا مشتبہ غلط کاری کے تعلق سے آواز اٹھانے کی وجہ سے آپ کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی (خواہ بالواسطہ ہو یا بلا واسطہ) کا سامنا نہیں کریں گے، بھلے ہی آپ پریقین نہ ہوں۔

ہم کسی بھی ایسے شخص کے ساتھ انتقامی کارروائی، ایذا رسانی یا ظلم و ستم کو برداشت نہیں کرتے جو تشویش کا اظہار کرتا ہے، تشویش کا اظہار کرنے والوں کو مدد فراہم کرتا ہے یا تحقیقات میں حصہ لیتا ہے۔ اس طرح کا طرز عمل اپنے آپ میں SoBC کی خلاف ورزی ہے اور اس کے ساتھ ایک سنگین تادیبی معاملہ کے طور پر برتاؤ کیا جائے گا۔

## کس سے بات کریں

**اپنے لائن مینیجر سے**

**اعلی انتظامیہ سے**

**اپنے مقامی لیگل کونسل سے**

**کارپوریٹ کمپلائنس کے سربراہ:** sobc@bat.com

**اسپیک اپ پورٹل:** bat.com/speakup

**اسپیک اپ ہاٹ لائنز:** bat.com/speakuphotlines

**گروپ کے نامزد افسران:** gdo@bat.com





# 3

# سماج اور ماحول

15 ہمارے لوگ: مقام کار میں احترام
17 انسانی حقوق
20 صحت، حفاظت اور بہبود
22 ماحول



# ہمارے لوگ: مقام کار میں احترام

ہمیں اپنے تمام رفقائے کار اور کاروباری شراکت داروں کے ساتھ جامعیت کے ساتھ، وقار اور احترام کا برتاؤ ضرور کرنا چاہیے۔

## ہم کیا مانتے ہیں

**ہمارا ماننا ہے کہ مزدوروں کے بنیادی حقوق کا احترام کیا جانا چاہیے، بشمول ایسوسی ایشن کی آزادی، جبری یا لازمی مزدوری اور بچہ مزدوری کی تمام شکلوں کا خاتمہ، نیز روزگار اور پیشہ کے تعلق سے امتیازی سلوک کا خاتمہ۔**

لوگوں اور انسانی حقوق کے طریقۂ کار سے متعلق ہماری پالیسی مزدوروں کے بارے میں مقامی اور بین الاقوامی قوانین، سفارش کردہ طریقۂ کار اور رہنما اصولوں[1] پر مبنی ہے۔

ہم مزدوروں سے متعلق سبھی قابل اطلاق قوانین وضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔

> **ہم ایک دوسرے کے اختلافات اور قدروں کا احترام اور ان پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں، یہی وہ چیز ہے جو ہم میں سے ہر ایک کو ممتاز بناتی ہے۔**

[1] جائے کار میں بنیادی اصول اور حقوق سے متعلق انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کا اعلامیہ، کاروبار اور انسانی حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کے رہنما اصول اور ملٹی نیشنل انٹرپرائزز کے لیے OECD کے رہنما اصول۔

## ایک شمولیتی ثقافت کو فروغ دینا

**ہم اپنے تمام ملازمین کے لیے، یکساں مواقع اور منصفانہ سلوک فراہم کرنے، اور ایک جامع افرادی قوت پیدا کرنے کے تئیں پرعزم ہیں۔**

واقعی جامع اور ایک ساتھ مضبوط ہماری دو اقدار ہیں۔ ایک جامع ثقافت کو فروغ دینا، جہاں ہر ملازم کو بااختیار بنانے کے شعور اور تعلق رکھنے کا احساس ہو ہماری کامیابی کے لیے اہم ہے۔ ہم ایک دوسرے کے اختلافات اور قدروں کا احترام اور ان پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں، یہی وہ چیز ہے جو ہم میں سے ہر ایک کو ممتاز بناتی ہے۔

ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم رفقائے کار کے ساتھ بالکل اسی طرح سے برتاؤ کریں جس طرح کہ ہم اپنے ساتھ برتاؤ کیے جانے کی توقع رکھتے ہیں، ان کی خصوصیات اور آراء کا احترام کریں، اور کسی بھی طرح کے غیر قانونی امتیازی سلوک کو رواج نہ دیں۔

امتیاز میں نسل، نسب، رنگ، صنف، عمر، معذوری، جنسی رجحان، صنفی شناخت یا اظہار، طبقہ، مذہب، سیاست، ازدواجی حیثیت، حمل کی حالت، کسی یونین کی رکنیت، سگریٹ نوشی کی عادتوں، یا قانون کے ذریعہ تحفظ یافتہ کسی دیگر خصوصیت کی بنیاد پر کسی بھی ملازم کی تقرری، فروغ، ترقی یا اخراج کے وقت اپنے فیصلہ کو متاثر ہونے کا موقع دینا شامل ہو سکتا ہے (لیکن یہ صرف اسی تک محدود نہیں ہے)۔

یہ اس ILO کنوینشن 111 کے تئیں ہماری تائید کی عکاسی کرتا ہے جو مقام کار میں امتیاز کے خاتمہ سے متعلق بنیادی اصولوں کی وضاحت کرتا ہے۔

شفافیت کو فروغ دینے اور خود کو جوابدہ رکھنے کے لیے، ہم ایک سالانہ شمولیت کی رپورٹ شائع کرتے ہیں جس میں شمولیت کی ہماری ثقافت کو بہتر بنانے کے لیے ہمارے عزم اور توجہ مرکوز کی جانے والی کوششوں کی تفصیلات دی گئی ہیں اور اس میں ہماری صنفی اور نسلی تنخواہ کی رپورٹنگ شامل ہے۔

## ہراسانی اور دھونس جمانے کو روکنا

**ہراسانی اور دھونس جمانے کی سبھی شکلیں مکمل طور پر ناقابل قبول ہیں۔ مقام کار سے اس طرح کے اعمال یا رویوں کو مٹانے کے تئیں ہم پرعزم ہیں۔**

ہراسانی (بشمول جنسی ہراسانی) اور دھونس جمانے میں ایسا کوئی بھی زبانی، غیر زبانی اور جسمانی رویہ شامل ہے، جو توہین آمیز، ذلت آمیز یا دھمکی آمیز ہو، لیکن یہ صرف انہیں تک محدود نہیں ہے۔

اگر ہم اس طرح کے رویہ، یا ایسے رویہ کا مشاہدہ یا سامنا کرتے ہیں جو کسی بھی دیگر انداز میں ناقابل قبول ہے تو ہمیں اس کی رپورٹ کرنی چاہیے۔ ہم اعتماد کا ایک ایسا ماحول فراہم کرنا چاہتے ہیں جہاں ملازمین مسائل اٹھا سکیں اور تمام متعلقہ افراد کے اطمینان کی حد تک فوری تصفیہ کا ہدف رکھتے ہیں۔

ملازمین مقامی شکایت کی کارروائیوں یا گروپ اسپیک اپ چینلز کے توسط سے مسائل کو اٹھا سکتے ہیں۔

## مناسب اجرتیں اور فوائد

**ہم ایسے معاوضے کی فراہمی کے لیے پرعزم ہیں جو منصفانہ، واضح اور مساوی ہو۔**

گروپ کمپنیوں کے لیے کم سے کم اجرت سے متعلق تمام قوانین کی تعمیل کرنا لازمی ہے، اور ہماری حکمت عملی یہ ہے کہ انعام کی سطحیں مقامی علاقہ میں مسابقتی ہوں۔

## لچکدار کام کی حمایت کرنا

**ہم اپنے ملازمین کے لیے لچکدار کام کی حمایت کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔**

گروپ کمپنیوں کے لیے، کسی بھی قانونی طور پر واجب قرار دیئے گئے زیادہ سے زیادہ کام کے گھنٹوں کی شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے، کام کے اوقات سے متعلق تمام قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرنا لازمی ہے۔



# انسانی حقوق

ہمیں اپنے آپریشنز ہمیشہ ایسے انداز میں انجام دینے چاہئیں جو ہمارے ملازمین کے، جن لوگوں کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں ان کے اور جن کمیونٹیز میں ہم کام کرتے ہیں ان کے انسانی حقوق کا احترام کرتا ہو۔

## ہم کیا مانتے ہیں

**ہم سمجھتے ہیں کہ ان بنیادی انسانی حقوق کا احترام کیا جانا چاہیے، جیسا کہ انسانی حقوق کے بین الاقوامی مسودہ قانون کے ذریعہ توثیق کی گئی ہے۔**

لوگوں اور انسانی حقوق کے طریقۂ کار سے متعلق ہماری پالیسی مزدوروں کے بارے میں مقامی اور بین الاقوامی قوانین، سفارش کردہ طریقۂ کار اور رہنما اصولوں[2] پر مبنی ہے۔

ہم مزدوروں سے متعلق سبھی قابل اطلاق قوانین وضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔

[2]انسانی حقوق سے متعلق ہماری حکمت عملی مضبوط پالیسیوں، مؤثر ضروری مستعدی اور (جہاں ضرورت ہو) تدارک پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ یہ کاروبار اور انسانی حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کے رہنما اصولوں (UNGPs)، کام پر بنیادی اصول اور حقوق سے متعلق انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے اعلامیہ اور ملٹی نیشنل انٹرپرائزز کے لیے OECD کے رہنما اصول سے ہم آہنگ ہے۔

## بچہ مزدوری کے لیے صفر برداشت

**ہم اپنی سپلائی چین میں زیرو چائلڈ لیبر کے تئیں کام کر رہے ہیں۔ بچوں کی بہبود، صحت اور حفاظت ہر وقت سب سے اہم ہوتی ہیں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ بچوں، ان کی کمیونٹیز اور ان کے ممالک کی ترقی کے لیے سب سے بہتر خدمت تعلیم کے ذریعہ انجام دی جاتی ہے۔**

ہم ILO کنونشنز 138 اور 182 کی تائید کرتے ہیں جو ملازمت میں داخلہ کے لیے اور بچہ مزدوری کی بدترین شکلوں کے خاتمہ کے لیے کم سے کم عمر سے متعلق بنیادی اصول کی وضاحت کرتے ہیں۔

ہم اپنی سپلائی چین میں بچہ مزدوری کو روکنے کے لیے سپلائرز کے ساتھ کام کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ جب کسی واقعے کی نشاندہی ہوتی ہے، تو ہم اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے مناسب اصلاحی اقدامات کرتے ہیں۔

اس طرح:

- بچوں اور نوجوانوں کو رات کے وقت ملازمت نہیں دی جانی چاہیے؛؛
- کوئی بھی کام جو خطرناک سمجھا جاتا ہو یا بچوں کی صحت، سلامتی، یا اخلاقیات کے لیے ممکنہ طور پر نقصان پہنچانے والا ہو، اسے 18 سال سے کم عمر کے کسی فرد کے ذریعہ نہیں کیا جانا چاہیے؛ اور
- کام کے لیے کم از کم عمر مقامی قانون کے تحت کام کی کم از کم عمر یا لازمی اسکول کی تعلیم مکمل کرنے کی قانونی عمر سے کم نہیں ہونی چاہیے اور، کسی بھی صورت میں، 15 سال سے کم نہیں ہونی چاہیے؛
- جہاں مقامی قانون اجازت دیتا ہو وہاں، 13 اور 15 سال کے درمیان کی عمر کے بچے ہلکے کام کر سکتے ہیں، بشرطیکہ یہ ان کی تعلیم یا پیشہ ورانہ تربیت میں رکاوٹ نہ ڈالتا ہو، یا اس میں کوئی ایسی سرگرمی شامل نہ ہو جو ان کی صحت یا نشوونما کے لیے نقصان دہ ہو (مثال کے طور پر، مشینی آلات یا ایگرو کیمیکلز کو ہینڈل کرنا)۔ ہم کسی مجاز اتھارٹی کے ذریعہ منظور شدہ تربیت یا کام کے تجربہ سے متعلق اسکیموں کو بھی استثناء کے طور پر تسلیم کرتے ہیں۔

ہم اپنے مہیا کنندگان اور کاروباری شراکت داروں سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ ان اصولوں پر عمل کریں اور ہمارے کم سے کم عمر کے تقاضوں کو پورا کریں، جیسا کہ ہمارے **سپلائر کوڈ آف کنڈکٹ**میں بیان کیا گیا ہے۔

## انسانی حقوق کا انتظام

**ہم انسانی حقوق اور انسانی حقوق کے اثرات کے احترام اور تدارک کے مقصد سے اقدامات کرنے کے لیے پرعزم ہیں، جیسا کہ UNGPs نے تصور کیا ہے۔**

ہمارا کاروبار اور سپلائی چین متعدد انڈسٹریز نیز انسانی حقوق کے معلومات امکانی ناموافق اثرات اور تحفظات، بشمول زراعت، الیکٹرانکس اور مینوفیکچرنگ کا احاطہ کرتا ہے۔ ہم اپنی سپلائی چین اور کاروباری اعمال میں UNGPs کے ساتھ ہم آہنگی میں انسانی حقوق کے مسائل اور واقعات کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس کام کے لیے، ہم ایک متعین عمل انجام دیتے ہیں اور مضبوط پالیسیوں، مؤثر ضروری مستعدی، مناسب نگرانی اور رپورٹنگ، اور (جہاں ضرورت ہو) مؤثر تدارک پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ ہم اپنے اہم اسٹیک ہولڈرز کے خیالات اور ان پر پڑنے والے اثرات کو سمجھنے میں مشغول رہتے ہیں اور اپنے متعلقہ انسانی حقوق کے پروگراموں میں ان کی عکاسی کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر، ہمارے تمام سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے **سپلائر کے ضابطہ اخلاق** کے تقاضوں کو پورا کریں، اور یہ سپلائرز کے ساتھ ہمارے معاہدہ جاتی انتظامات میں شامل ہے۔

ہمارے پاس جاری ضروری مستعدی کے متعدد اعمال ہیں جو ہمارے سپلائی چین، نیز ہمارے اپنے کاروباری آپریشنز پر لاگو ہوتے ہیں، اور ہم اپنی **مشترکہ سالانہ اور پائیداری کی رپورٹ میں اس کی رپورٹ کرتے ہیں۔**

ہماری ضروری مستعدی کے طریق کار (مناسب حد تک) ہمارے سائز، ہمارے اعمال کی نوعیت اور سیاق و سباق، اور انسانی حقوق کے ناموافق اثرات کے خطرے کی شدت کو زیر غور رکھتے ہیں۔

ہم اپنے آپریشنز یا سپلائی چین میں شناخت کیے گئے مسائل پر کارروائی کرنے، اور UNGPs اور OECD کے رہنما خطوط کے مطابق اس طرح کے اثرات جہاں پیش آئیں وہیں ان کو حل کرنے یا ان کا تدارک کرنے، اور مسلسل بہتری کے مدنظر کوشش کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

اگر ہم کسی مہیا کنندہ کے ضمن میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی شناخت کرتے ہیں، لیکن اصلاحی کارروائی کے تئیں کوئی واضح عہدبستگی نہیں پائی جاتی ہے، مسلسل عدم کارروائی، یا عدم بہتری پائی جاتی ہے تو پھر ہم آخری حربہ کے طور پر اس کاروباری تعلق میں شمولیت ختم کرنے یا ذمہ دارانہ طور پر اس کو ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

## ایسوسی ایشن کی آزادی

**ہم ایسوسی ایشن کی آزادی اور مجموعی سودے بازی کا احترام کرتے ہیں۔**

ہمارے کارکنوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی پسند کی ٹریڈ یونین بنائیں اور اس میں شامل ہوں، اور قانون، ضابطہ، مروجہ لیبر سے متعلق رشتوں اور طریقۂ کار اور کمپنی کی متفقہ کارروائیوں کے فریم ورک کے اندر ٹریڈ یونینوں یا دیگر حقیقی نمائندوں کی طرف سے ان کی نمائندگی کی جائے۔ اس قسم کے کارکنان اور نمائندوں کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کیا جانا چاہیے اور انہیں مقام کار پر قانون، ضابطہ، مروجہ مزدوری سے متعلق رشتوں اور طریقۂ کار اور کمپنی کی متفقہ کارروائیوں کے فریم ورک کے اندر اپنی سرگرمیاں انجام دینے کے قابل ہونا چاہیے۔

مہیا کنندہ پارٹنرز سے بھی توقع کی جاتی ہے کہ وہ کارکنوں کے ایسوسی ایشن کی آزادی اور اجتماعی طور پر سودے بازی کرنے کے حقوق کا احترام کریں اور یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ کارکنوں سے ان کے روزگار اور سلامتی سے متعلق معاملات پر مشورہ کریں۔

## کوئی جدید غلامی یا لیبر کا استحصال نہیں

**ہم اپنے آپریشنز میں غلامی، محکومی اور جبری، لازمی، بندھوا، غیر رضاکارانہ، اسمگل شدہ یا استحصال شدہ مزدوری کے لیے صفر برداشت رکھتے ہیں۔ گروپ کمپنیوں اور ملازمین کو (اور کسی بھی روزگار ایجنسیوں، لیبر بروکرز، یا جن فریقین ثالث کو وہ ہماری طرف سے کام کرنے کے لیے اپنے پاس رکھتے ہیں انہیں) درج ذیل سے منع کیا گیا ہے:**

- ملازمت کی شرط کے طور پر کارکنوں کو بھرتی کی فیس ادا کرنے، قرض لینے یا غیر معقول سروس چارجز یا ڈپازٹ ادا کرنے کا تقاضا کرنا؛ اور
- ملازمت کی شرط کے طور پر کارکنوں کے شناختی کاغذات، پاسپورٹ یا پرمٹ کو روک لینا یا انہیں حوالے کرنے کا مطالبہ کرنا۔

جہاں قومی قانون یا ملازمت کی کارروائیاں شناختی کاغذات کے استعمال کا تقاضا کرتی ہیں، وہاں ہم قانون کے مطابق انہیں سختی سے استعمال کریں گے۔ شناختی کاغذات کو صرف سیکیورٹی یا محفوظ رکھنے کی وجوہات کی بنا پر اور صرف کارکن کی باخبر، حقیقی، اور تحریری رضامندی کے ساتھ ہی رکھا جانا چاہیے۔ کارکنان کے پاس ہر وقت کسی رکاوٹ کے بغیر ان کی بازیافت کے لیے لامحدود رسائی ہونی چاہیے۔

## مقامی کمیونٹیز

**ہم جن کمیونٹیز میں کام کرتے ہیں ان کے منفرد سماجی، اقتصادی، اور ماحولیاتی مفادات کی نشاندہی کرنے اور سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔**

ہم انسانی حقوق کے مخصوص خطرات کی نشاندہی کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو ہمارے آپریشنز اور سپلائی چین کے لیے متعلقہ ہو سکتے ہیں، یا اس سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ ایسا کر کے، ہم اپنے اسٹیک ہولڈرز، بشمول ملازمین اور ان کے نمائندگان کی رائے طلب کریں گے۔

جہاں ہم اپنی سپلائی چین میں انسانی حقوق کے منفی اثرات کی نشاندہی کرتے ہیں وہاں، ہم اطمینان بخش تدارک کے سلسلے میں مناسب اقدامات کرنے کے پابند ہیں۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اپنی سپلائی چین میں مثبت سماجی اثر ڈالنے میں ہمارا ایک اہم کردار ہے۔ مثال کے طور پر، ہم کسانوں کی روزی روٹی اور خوراک کی حفاظت کو بڑھانے میں ان کی مدد کرتے ہیں اور ان کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ہمارے کمیونٹی پروگرام جن دیہی کمیونٹیز میں ہم کام کرتے ہیں ان کے لیے طویل مدتی لچک پیدا کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ ہمارے نقطہ نظر کو ہمارے کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک سے تقویت ملتی ہے۔

ہم اپنے ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اپنے مقامی اور کاروباری کمیونٹیز دونوں میں سرگرم کردار ادا کریں۔ گروپ کمپنیوں کو چاہیے کہ وہ ملازمین کے لیے اور ان کمیونٹیز میں جہاں ہم کام کرتے ہیں مہارتوں کے فروغ کے لیے مواقع پیدا کریں اور میزبان حکومتوں کے ترقیاتی اغراض و مقاصد اور اقدامات کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر کام کرنے کا ہدف رکھیں۔

**“ ہمارے تمام مہیا کنندگان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے سپلائر کوڈ آف کنڈکٹ کے تقاضوں کو پورا کریں، اور یہ مہیا کنندگان کے ساتھ ہمارے معاہدہ جاتی انتظامات میں شامل ہے۔**



# صحت، حفاظت اور بہبود

ہمارے لیے کام کرنے کا محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرنا، اور اسے بنائے رکھنا ضروری ہے۔

## ہم کیا مانتے ہیں

**ہم اپنے ملازمین کی صحت، سلامتی اور بہبود، اور چوٹوں اور خراب صحت کی روک تھام کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ ہم پورے گروپ میں صفر حادثے والے مقام کار کی کوشش کرتے ہیں۔**

ہماری **گروپ کی صحت اور سلامتی کی پالیسی** مقامی اور بین الاقوامی لیبر قوانین اور معیارات پر مبنی ہے[3]، اور جن ممالک میں ہم کام کرتے ہیں وہاں قابل اطلاق صحت اور سلامتی کے قوانین و ضوابط کے تقاضوں کو پورا کرنے یا اس سے تجاوز کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

[3] ILO اکوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ مینجمنٹ سسٹمز اور ISO 45001 اکوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی مینجمنٹ۔

## ہیلتھ اینڈ سیفٹی مینجمنٹ

**ہم اپنے کاروبار کے کامیاب انعقاد میں اپنے تمام ملازمین، ٹھیکیداران اور کمپنی سے باہر کے اہلکاروں کی صحت، سلامتی، اور بہبود کی اہمیت تسلیم کرتے ہیں۔**

**گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ:**

- **ہماری گروپ ہیلتھ اینڈ سیفٹی پالیسی کا بیان اور ہمارے ماحول، اور صحت و سلامتی کی پالیسی کا مینول یا قومی قانون (جو بھی اعلی ہو) کے مطابق صحت و سلامتی سے متعلق کارروائیاں اپنائیں۔**

گروپ کے سبھی ملازمین کے لیے ضروری ہے کہ وہ:

- کام کے دوران اپنی اور دوسروں کی صحت اور سلامتی کا معقول خیال رکھیں؛
- صحت اور سلامتی سے متعلق تمام معاملات میں مکمل تعاون کریں؛
- سلامتی کے لیے فراہم کردہ آلات میں مداخلت نہ کریں یا ان کا غلط استعمال نہ کریں؛ اور
- ہمارے **ماحول، اور صحت و سلامتی کی پالیسی کا مینول** کے مطابق کسی بھی غیر محفوظ حالت کی رپورٹ کریں۔

## ملازم کے بہبود کی نگہبانی کرنا

**ہم اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کو بہت زیادہ اہمیت دیتے ہیں نیز حادثوں اور چوٹ کی روک تھام اور پیشہ ورانہ صحت سے متعلق خطرات کو کم سے کم کرتے ہوئے کام کرنے کا ایک محفوظ ماحول فراہم کرنے کے تئیں پُرعزم ہیں۔**

ہم عالمی پیمانہ پر اپنے ملازمین کے جسمانی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کام کریں گے، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ ہماری پالیسیاں اور معیار واضح ہوں، اور یہ کہ تربیت فراہم کی جائے تاکہ ہر شخص اپنے کام سے متعلق صحت، سلامتی، اور سیکیورٹی کے مسائل اور تقاضوں سے واقف ہو۔





# ماحول

ہم ماحولیاتی حالات سے لاحق خطرات کے مدنظر اپنے کاروبار کی لچک کو بڑھانے اور اپنے اعمال اور پروڈکٹس سے ماحول پر پڑنے والے اثرات کو کم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

## ہم کیا مانتے ہیں

**ہم سمجھتے ہیں کہ اچھا ماحولیاتی نظم و نسق، کرنے کے لیے صرف اچھا ہی نہیں ہے، بلکہ اس چیز کے مدنظر پختہ کاروباری احساس بھی پیدا کرتا ہے کہ ہم اپنی مصنوعات کے لیے قدرتی وسائل پر کس حد تک منحصر ہیں۔**

ہماری **گروپ انوائرنمنٹ پالیسی کا بیان** مزدوروں سے متعلق سفارش کردہ طریقۂ کار اور معیار پر مبنی ہے[4]۔

ہم ماحولیات کے سبھی قابل اطلاق قوانین وضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔

[4] انوائرنمنٹل مینیجمنٹ سسٹم ISO 14001۔

# ماحولیاتی انتظام

**گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ:**

- **ہماری گروپ انوائرنمنٹ پالیسی اور ہمارے گلوبل EHS پالیسی مینول یا قومی قانون (جو بھی اعلی ہو) کے مطابق ماحولیاتی کارروائیاں اپنائیں۔**

درج ذیل کے ذریعہ ہمارے ماحولیاتی نظم و نسق کی کوششوں میں تعاون کرنے کے لیے گروپ کے ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے:

- ان کے ذاتی ماحولیاتی اثرات کو سمجھ کر، وسائل کو ذمہ داری سے استعمال کرنے کے مواقع کی نشاندہی کر کے، اور BAT کے ماحولیاتی مقاصد کے حصول میں مدد کر کے؛
- یہ یقینی بنا کر کہ ہمارے مہیا کنندگان اور پارٹنرز اس ماحولیاتی تحفظ پسندی کے لیے کم سے کم معیار کی تعمیل کرتے ہوں جو ہمارے **سپلائر کوڈ آف کنڈکٹ** میں بیان کیے گئے ہیں؛ اور
- **گلوبل EHS پالیسی مینول** کے مطابق کسی بھی عدم مطابقت کی رپورٹ کر کے۔

ہمارے **ماحولیاتی پالیسی کے بیان** میں درج ذیل ترجیحی شعبے ہیں:

- موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنا؛
- فضلے کو ختم کرنا اور ایک سرکلر اکانومی کی طرف بڑھنا؛
- حیاتیاتی تنوع اور جنگلات کا تحفظ کرنا؛ اور
- پانی کی نگرانی۔

تمام ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ **انوائرنمنٹل سسٹین ایبلیٹی فاؤنڈیشن پروگرام** کو انجام دیں، جو ہمارے امپلائی لرننگ پلیٹ فارم، **GRID**، پر دستیاب ہے۔



## کس سے بات کریں

اپنے لائن مینیجر سے

اعلی انتظامیہ سے

اپنے مقامی لیگل کونسل سے

کارپوریٹ کمپلائنس کے سربراہ:
**sobc@bat.com**

اسپیک اپ پورٹل: **bat.com/speakup**

اسپیک اپ ہاٹ لائنز:
**bat.com/speakuphotlines**

گروپ کے نامزد افسران:
**gdo@bat.com**





4

# ذاتی اور کاروباری دیانتداری


25 مفادات کا ٹکراؤ

29 رشوت اور بدعنوانی مخالف

31 تحائف اور تفریح (G&E)




# مفادات کا ٹکراؤ

ملازمین کے طور پر، ہم پر BAT کے مفادات کو آگے بڑھانے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے - ہمیں اپنے کاروباری معاملات میں مفادات کے ٹکراؤ سے بچنا چاہیے، اور ان ذاتی حالات کو ظاہر کرنا چاہیے جہاں ٹکراؤ پیدا ہو سکتا ہے۔ ہمارے کاروبار کو ایمانداری کے ساتھ انجام دینے کے لیے، مفادات کے ٹکراؤ کا مؤثر طریقہ سے بندوبست کیا جانا ضروری ہے۔

## ہماری کمپنی کے بہترین مفادات میں کام کرنا

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم ایسے حالات سے بچیں جہاں ہمارے ذاتی مفادات گروپ یا کسی گروپ کمپنی کے مفادات سے ٹکرا سکتے ہیں، یا ٹکراتے ہوئے لگ سکتے ہیں۔**

بہت سے حالات یا تعلقات میں مفادات کے ٹکراؤ کو جنم دینے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ ٹکراؤ کی سب سے زیادہ عام اقسام صفحہ 27 اور 28 پر بیان کی گئی ہیں۔

عمومی بات کریں تو مفادات کا ٹکراؤ وہ حالت ہے جس میں گروپ کے اندر ہماری پوزیشن یا ذمہ داریاں ہمارے لیے یا ہمارے کسی قریبی شخص کے لیے ذاتی فائدہ؛ یا منافع (ملازمت کی عام نوازشات کے علاوہ) حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں؛ یا جہاں ہمارے لیے، گروپ کے تئیں ہمارے فرائض اور ذمہ داریوں سے بڑھ کر، اپنے ذاتی مفادات، یا ہمارے قریبی لوگوں کے مفادات کو ترجیح دینے کی گنجائش پائی جاتی ہے۔

## مفادات کے ٹکراؤ کا انکشاف کرنا

**پہلی بار BAT سے جڑتے وقت یا جوں ہی کوئی ٹکراؤ وجود میں آتا ہے آپ کے لیے SoBC پورٹل میں ٹکراؤ کا انکشاف کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کو SoBC پورٹل تک رسائی حاصل نہیں ہے تو آپ کو اپنے لائن مینیجر سے اس صورتحال کا انکشاف کرنا چاہیے۔**

اگر آپ پریقین نہیں ہیں کہ آیا کوئی ٹکراؤ ہو رہا ہے یا نہیں، تو آپ کو بہرحال اس کا انکشاف کرنا چاہیے۔ مفادات کے ٹکراؤ کا ظہور تشویشات کو جنم دے سکتا ہے حتیٰ کہ وہاں بھی جہاں ٹکراؤ سرے سے موجود ہی نہ ہو۔ آپ کو انکشاف میں غلطی کرنی چاہئے، تاکہ اعلیٰ انتظامیہ کو صورتحال سے آگاہ کیا جائے۔

انکشاف کے بعد، آپ کا لائن مینیجر اس بات کا جائزہ لے گا کہ آیا BAT کے لیے ٹکراؤ سے جڑا ہوا کوئی امکانی خطرہ پایا جاتا ہے اور آیا کسی خطرہ پر قابو پانے یا اسے کم کرنے کے لیے کوئی اقدامات کیے جانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ کچھ معاملوں میں، BAT کے مفادات کے تئیں کوئی خطرہ اتنا بعید ہو سکتا ہے کہ کسی بھی قسم کے اقدام کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی ہے۔

تاہم، اگر BAT کے مفادات پر ٹکراؤ کی وجہ سے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں تو شرائط کو لاگو کرانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اس میں آپ کے کردار یا رپورٹنگ لائن یا آپ کے اکاؤنٹ کی ذمہ داریوں میں تبدیلیاں شامل ہو سکتی ہیں، یا یہ تقاضا کہ آپ کسی خاص صارف یا مہیا کنندہ کے ساتھ معاملات سے دور رہیں، یا یہ کہ آپ کا کسی BAT ملازم کے ساتھ نگرانی کا رشتہ نہیں ہے۔

اگر آپ لائن مینیجر ہیں، اور آپ کو یقین نہیں ہے کہ آیا اعلان کردہ مفاد کوئی خطرہ پیش کرتا ہے، یا اسے کم کرنے کے لیے شرائط کی ضرورت ہوتی ہے، تو آپ کو **مفادات کے تصادم: لائن مینیجرز کے لیے ایک گائیڈ** کو پڑھنا چاہیے، اور اگر آپ کو پھر بھی یقین نہیں ہے، تو اعلیٰ انتظامیہ یا اپنے مقامی قانونی مشیر سے مشورہ لیں۔

گروپ کمپنیوں کے ڈائریکٹرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس کی اگلی میٹنگ میں کمپنی کے بورڈ کے سامنے ٹکراؤ کا انکشاف کریں، اور اس سے رسمی منظوری حاصل کریں۔

**ہمیں کسی بھی انکشاف شدہ ٹکراؤ اور مطلوبہ تخفیف کی شرائط کا باقاعدگی سے جائزہ لینا چاہیے اور اپ ڈیٹ کرنا چاہیے۔**

## مفادات کے ٹکراؤ کو ریکارڈ کرنا

**لائن مینیجرز کو یقینی بنانا چاہیے کہ کوئی بھی ایسے مفادات کے ٹکراؤ جن کا انکشاف ان کے سامنے کیا گیا ہے ان کا اندراج SoBC پورٹل میں کیا جائے یا، جہاں ملازمین SoBC پورٹل تک رسائی نہیں رکھتے ہیں وہاں، ان کے مقامی لیگل کونسل یا کمپنی کے سکریٹری کو مطلع کیا جائے۔**

جو نیچے ذیل میں آ رہی ہیں وہ مفادات کے ٹکراؤ کی کچھ سب سے عام قسمیں ہیں۔ دیگر حالات بھی مفادات کے ٹکراؤ کو پیدا کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس اس بارے میں کوئی سوال ہے کہ آیا آپ کی کوئی مخصوص صورتحال مفاد کا ٹکراؤ پیدا کرتی ہے تو برائے مہربانی اپنے لائن مینیجر یا لیگل کونسل سے بات کریں۔

**”**

**پہلی بار BAT سے جڑتے وقت یا جوں ہی کوئی ٹکراؤ وجود میں آتا ہے آپ کے لیے SoBC پورٹل میں ٹکراؤ کا انکشاف کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کو SoBC پورٹل تک رسائی حاصل نہیں ہے تو آپ کو اپنے لائن مینیجر سے اس صورتحال کا انکشاف کرنا چاہیے۔**

## خاندانی یا ذاتی رشتے

**قریبی رشتہ داروں کے ساتھ کام کرنا مفادات کا ٹکراؤ پیدا کر سکتا ہے، خواہ وہ قریبی رشتہ دار بھی گروپ کا ملازم ہو، ہمارے حریفوں یا کاروباری شراکت داران میں سے کسی کے لیے کام کرتا ہو، یا کوئی ایسا سرکاری افسر ہو جو BAT کے کاروبار پر اثر انداز ہو سکتا ہو۔**

اگر آپ کا کوئی قریبی رشتہ دار گروپ میں کام کر رہا ہے تو آپ کے لیے اس کا انکشاف کرنا ضروری ہے۔ ان دیگر افراد کے ساتھ والہانہ رشتے جو BAT میں کام کرتے ہیں مفادات کے ٹکراؤ کا سبب بن سکتے ہیں، یا مفادات کے ٹکراؤ کے ظہور کا سبب بن سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسی صورتحال میں مبتلا ہیں تو آپ کو رشتہ داری کا انکشاف ضرور کرنا چاہیے۔

اپنے کام کے دوران، آپ کو ملازمت میں رکھنے، نگرانی کرنے، ملازمت کی شرائط و ضوابط کو متاثر کرنے، یا قریبی رشتہ داروں یا ان لوگوں کے نظم و نسق پر اثر انداز ہونے کا اہل نہیں ہونا چاہیے جن کے ساتھ آپ بہت قریبی رشتے میں ہیں۔ یہ کسی بھی لائن مینیجر اور رپورٹ کے لیے کبھی بھی قابل قبول نہیں ہوگا کہ وہ قریبی رشتہ دار ہو، یا کسی والہانہ رشتہ داری میں ہو۔ آپ کا مینیجر آپ کو آپ کی مخصوص صورتحال کے لیے تخفیف کے اقدامات سے آگاہ کرے گا۔

آپ کے لیے یہ انکشاف بھی کرنا ضروری ہے کہ آیا آپ کسی ایسے حریف، مہیا کنندہ، صارف، کمیونٹی سرمایہ کاری یا ایسے دیگر کاروبار یا تنظیم سے جس کے ساتھ گروپ اہم کاروباری سودے کرتا ہے قریبی رشتہ میں ہیں، یا آپ کا کوئی قریبی رشتہ دار ہے، جو آپ کی جانکاری کے مطابق، ان کے ساتھ کام کرتا ہے یا ان کے لیے خدمات انجام دیتا ہے، یا ان کے ساتھ مادی مالی مفاد رکھتا ہے، یا ان کے یہاں کسی سینئر عہدہ پر ہے۔

اگر آپ کسی صارف، مہیا کنندہ یا کمیونٹی سرمایہ کاری کے یہاں کسی قریبی رشتہ دار کے ساتھ یا کسی ایسے کاروبار یا کمیونٹی سرمایہ کاری کے ساتھ کاروباری وابستگی رکھتے ہیں جس میں آپ کا قریبی رشتہ دار مادی مالی مفاد رکھتا ہے یا سینئر عہدہ پر ہے تو انتظامیہ کو آپ کے کردار یا اکاؤنٹ کی ذمہ داریوں میں تبدیلیاں کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

آپ کے لیے اس چیز کا بھی انکشاف کرنا ضروری ہے کہ آیا آپ کا کوئی ایسا قریبی رشتہ دار ہے جو سرکاری افسر ہے اور جو کسی ایسے منصب کا حامل ہے جس میں وہ BAT کے کاروبار پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

زیر غور فرد کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ کوئی اعلی درجہ کا فیصلہ ساز ہو۔ آپ کو انکشاف کرنا چاہیے کہ آیا وہ سرکاری افسر کسی ایسے منصب کا حامل ہے جس میں وہ BAT کے کاروبار پر اثر انداز ہو سکتا ہے (اس سے عموما خارج ہوں گے، مثال کے طور پر، اسکول ٹیچر، جیل کا گارڈ، فائرمین، یا ریاست کے ذریعہ ملازمت میں رکھی گئی نرس)۔ اگر آپ اس تعلق سے کسی پس و پیش میں مبتلا ہیں کہ آیا انکشاف ضروری ہے تو برائے مہربانی اپنے مقامی لیگل کونسل سے صلاح و مشورہ کریں۔

## مالیاتی مفادات

**آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ خود اپنے اور اپنے گھرانہ میں رہنے والے کسی بھی قریبی رشتہ دار کے لیے درج ذیل کا انکشاف کریں:**

- کسی حریف کے یہاں سبھی مالیاتی مفادات کا؛ اور
- کسی مہیا کنندہ یا صارف کے یہاں کسی مالی مفاد کا، اگر آپ اس مہیا کنندہ یا صارف کے ساتھ گروپ کے سودے میں کوئی شمولیت رکھتے ہیں یا کسی ایسے شخص کی نگرانی کرتے ہیں جو رکھتا ہے۔

**آپ کو عوامی طور پر ٹریڈ کیے گئے میوچول فنڈز، انڈیکس فنڈز اور ملتی جلتی مشترک سرمایہ کاریوں کا انکشاف کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جس میں آپ کا کوئی دخل نہیں ہے کہ کون سی سرمایہ کاریاں شامل کی گئی ہیں۔**

'مادی مالی مفاد' کا مطلب ہے کوئی بھی ایسا مالی مفاد جو آپ کے فیصلہ کو متاثر کر سکتا ہے یا گروپ کمپنیوں کی رائے میں متاثر کرنے والا لگ سکتا ہے۔

**آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ درج ذیل میں کوئی ٹھوس مالیاتی مفادات نہ رکھتے ہوں:**

- کسی مہیا کنندہ یا صارف کے یہاں، اگر آپ اس مہیا کنندہ یا صارف کے ساتھ گروپ کی سودے بازیوں میں کوئی شمولیت رکھتے ہیں یا کسی ایسے شخص کی نگرانی کرتے ہیں جو رکھتا ہے؛ یا
- گروپ کے کسی حریف کے یہاں، یا کسی بھی ایسے کاروبار میں جو گروپ کے مفادات کے خلاف سرگرمیاں انجام دیتا ہے

آپ کو کسی حریف کے یہاں مادی مالی مفاد رکھنے کی اجازت دی جا سکتی ہے، بشرطیکہ آپ نے اسے گروپ میں شامل ہونے سے پہلے حاصل کیا ہو، اپنی تقرری سے پہلے اپنی ملازمت میں رکھنے والی کمپنی کے سامنے تحریری شکل میں اس کا انکشاف کیا ہو، اور آپ کی ملازمت میں رکھنے والی کمپنی نے اعتراض نہ کیا ہو۔ کسی گروپ کمپنی کے ڈائریکٹر کے ذریعہ اس طرح کے مفاد کی پیشگی ملکیت کی اطلاع اس کے بورڈ کو دی جانی اور اگلی بورڈ میٹنگ میں اس کی روداد پیش کی جانی ضروری ہے۔

اگر آپ کسی پس و پیش میں مبتلا ہیں تو اپنے مقامی لیگل کونسل سے مزید رہنمائی حاصل کریں۔



## بیرونی ملازمت

**آپ کے لیے ضروری ہے کہ پہلے اپنے ارادہ کا انکشاف کیے بغیر اور لائن مینجمنٹ سے تحریری منظوری حاصل کیے بغیر کسی تھرڈ پارٹی کے لیے یا اس کی طرف سے ہرگز کام نہ کریں۔**

اگر آپ کل وقتی ملازم ہیں تو ضروری ہے کہ اس طرح کے کام میں بہت زیادہ وقت نہ لگے، یہ کام کے متفقہ گھنٹوں میں نہیں ہونا چاہیے، اور اسے آپ کی کارکردگی پر اثر انداز نہیں ہونا چاہیے یا کسی بھی طرح سے گروپ کمپنی کے تئیں آپ کے فرائض اور ذمہ داری میں مخل نہیں ہونا چاہیے۔

**کچھ صورتحال ایسی ہیں جن میں کبھی بھی اجازت نہیں دی جا سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کسی گروپ کمپنی کے کسی حریف کے لیے یا کسی ایسے صارف یا مہیا کنندہ کے لیے کام نہیں کر سکتے جس کے ساتھ آپ اپنے کام کے دوران سودا کرتے ہیں۔**

'کسی تھرڈ پارٹی کے لیے یا اس کی طرف سے کام کرنے' کا مطلب ہے دوسری ملازمت اختیار کرنا، ڈائریکٹر یا کنسلٹینٹ کے طور پر خدمات پیش کرنا، یا بصورت دیگر گروپ سے باہر کسی بھی ادارہ کے لیے خدمات انجام دینا (جس میں رفاہی یا غیر منافع خور تنظیمیں بھی شامل ہیں)۔ اس میں وہ بلا معاوضہ رضاکارانہ کام شامل نہیں ہے جو آپ اپنے وقت میں انجام دے سکتے ہیں، جب تک کہ یہ گروپ کے تئیں آپ کے فرائض اور ذمہ داریوں میں مخل نہ ہو۔

## مفادات کے ٹکراؤ کی دیگر اقسام

**اگرچہ یہ مثالیں مفادات کے ٹکراؤ کی سب سے عام قسمیں بیان کرتی ہیں، تاہم ٹکراؤ مختلف قسم کے حالات میں سامنے آسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کوئی ٹکراؤ اس وقت پیدا ہو سکتا ہے جب گروپ کی طرف سے کسی ایسی تنظیم میں (رفاہی تعاون سمیت) کمیونٹی سرمایہ کاری کی جاتی ہیں جس کے ساتھ آپ کے قریبی تعلقات ہوں، یا جب آپ اپنے ذاتی فائدے کے لیے کاروباری مواقع سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہوں، جس کی جانکاری آپ کو BAT کے لیے کام کرنے سے ہوئی۔**

اہم سوال یہ ہے کہ کیا آپ کے ذاتی مفادات یا قریبی رشتہ دار کے مفادات BAT کے بہترین مفادات میں کام کرنے کے آپ کے فرض سے ٹکرا سکتے ہیں۔ اگر BAT کی طرف سے آپ کا فیصلہ یا فیصلہ سازی کا عمل ذاتی مفاد سے متاثر ہو سکتا ہے تو آپ کو چاہیے کہ اس مفاد کا انکشاف کریں۔



گروپ پر لاگو قوانین کے تحت، ملک، مقامی قوانین یا رسم و رواج سے قطع نظر، کسی سرکاری اہلکار کو رشوت دینا جرم ہے۔

# رشوت اور بدعنوانی مخالف

BAT کے پاس صفر برداشت کا نظریہ ہے اور وہ رشوت ستانی، بدعنوانی، اور فراڈ کی ساری شکلوں کے خلاف کام کرنے کے تئیں پرعزم ہے۔ گروپ کمپنیوں، ملازمین، یا ہمارے کاروباری شراکت داران کے لیے رشوت ستانی یا دیگر بدعنوانی سے متعلق یا مجرمانہ اعمال میں شامل ہونا یا کسی بھی طرح سے شامل کیا جانا پوری طرح ناقابل قبول ہے، جس میں دھوکہ دہی، غبن یا غصب بھی شامل ہیں۔

## رشوت کیا ہے؟

رشوت میں کوئی بھی ایسا تحفہ، ادائیگی یا دیگر فائدے (جیسے میزبانی، نذرانے، ملازمت کی پیشکش/کام پر لگانا یا سرمایہ کاری کرنے کے مواقع) شامل ہیں جن کی پیشکش فائدہ حاصل کرنے کے لیے کی گئی ہو (خواہ وہ ذاتی ہو یا کاروبار سے متعلق ہو)۔ قانون کی یا SoBC کی خلاف ورزی کے لیے رشوت دیا جانا یا لیا جانا ضروری نہیں ہے؛ بلکہ پیشکش کرنے، رشوت قبول کرنے کے لیے کہنے یا راضی ہونے کا عمل ہی کافی ہے۔

## فراڈ کیا ہے؟

فراڈ میں کوئی بھی بے ایمانی سے بیان دینا، یا کسی کو فائدہ یا نقصان پہنچانے کے ارادے سے مطلوبہ معلومات فراہم کرنے میں بے ایمانی سے ناکام ہونا شامل ہے۔

فراڈ میں بے ایمانی کے ساتھ کاروباری تعلقات کا غلط استعمال، قرض دہندگان کو دھوکہ دینا، جھوٹے اکاؤنٹس فائل کرنا، اور عوامی محصول کو دھوکہ دینا بھی شامل ہے۔

قانون یا اس SoBC کی خلاف ورزی کرنے کے لیے دھوکہ دہی کے نتیجے میں فائدہ یا نقصان ہونا ضرور؛ نہیں ہے

یہاں تک کہ جھوٹا بیان دینا یا بے ایمانی کے دوسرے برتاؤ میں ملوث ہونا بھی کافی ہے۔

## رشوت ستانی یا فراڈ ممنوع ہے

**گروپ پر لاگو قوانین کے تحت، ملک، مقامی قوانین یا رسم و رواج سے قطع نظر، کسی سرکاری اہلکار کو رشوت دینا جرم ہے۔ نجی کاروبار میں شامل ملازمین یا ایجنٹوں (جیسے ہمارے مہیا کنندگان) کو رشوت دینا بھی جرم ہے۔**

**آپ کو کسی بھی:**

- کسی شخص کو (بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر) بشمول سرکاری اہلکار کو کسی شخص کے ذریعے کسی غیر مناسب طرز عمل کی ترغیب یا انعام دینے یا ہمارے فائدہ کے لیے کسی سرکاری افسر کے ذریعہ کیے گئے کسی فیصلہ پر غیر مناسب طریقہ سے اثر انداز ہونے، اثر انداز ہونے کا ارادہ رکھنے کے لیے، یا دوسروں کو ایسا کرنے کی ترغیب دینے کے لیے، پیشکش ہرگز نہیں کرنی چاہئے، اسے منظور نہیں کرنا چاہئے، اس کا وعدہ نہیں کرنا چاہئے یا کوئی تحفہ نہیں دینا چاہئے، ادائیگی نہیں کرنی چاہئے یا کوئی فائدہ نہیں پہنچانا چاہئے؛
- کسی بھی شخص سے (بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر) کوئی تحفہ، ادائیگی یا دیگر فائدہ طلب کرنا، قبول کرنا، قبول کرنے سے اتفاق کرنا، یا وصول کرنا نہیں چاہیے جو غیر مناسب طرز عمل کے لیے انعام یا ترغیب کے طور پر ہو یا جو گروپ کے فیصلے پر غلط طریقے سے اثر انداز ہوتا ہو، یا یہ تاثر دیتا ہو کہ اس کا مقصد اس پر غلط طریقے سے اثر انداز ہونا ہے؛ یا
- فریق ثالث کے خلاف بے ایمانی سے کام کرنا، بشمول جھوٹے بیانات دینا، بے ایمانی سے معلومات چھپانا، جھوٹے اکاؤنٹس فائل کرنا، ٹیکس سے بچنے کی کوشش کرنا، یا کاروباری شراکت داروں کو دھوکہ دینا۔

گروپ اور افراد دونوں کے لیے، رشوت ستانی مخالف اور فراڈ مخالف قوانین کی خلاف ورزی کے شدید ممکنہ نتائج موجود ہیں۔

## کوئی تسہیلی ادائیگیاں نہیں

**آپ کے لیے ضروری ہے کہ تسہیلی ادائیگیاں (بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر) ہرگز نہ کریں، سوائے ان جگہوں کے جہاں کسی ملازم کی صحت، سلامتی، یا آزادی کی حفاظت کے لیے ایسا کرنا ضروری ہو۔**

تسہیلی ادائیگیاں چھوٹی ادائیگیاں ہوتی ہیں جو معمول کے ایسے کام کے لیے نچلی سطح کے افسر کے ذریعہ کارکردگی کو ہموار یا تیز کرنے کے لیے کی جاتی ہیں جس کا ادائیگی کرنے والا پہلے ہی سے حقدار ہوتا ہے۔ یہ بیشتر ممالک میں غیر قانونی ہیں۔

BAT تسہیلی ادائیگیوں کی اجازت نہیں دیتا، سوائے ان غیر معمولی حالات کے جہاں ملازم کی صحت، سلامتی، یا آزادی خطرے میں ہو۔ ان حالات میں، ہم (اگر ممکن ہو، تو کوئی ادائیگی کرنے سے پہلے) مقامی لیگل کونسل کو شامل کرتے ہیں۔ ادائیگی کا گروپ کمپنی کے بہی کھاتوں میں مکمل طور پر ضبط تحریر میں لایا جانا بھی ضروری ہے۔

حکومت یا ریاست کی ملکیت والے کاروباری ادارہ (نہ کہ انفرادی) کو بلاواسطہ ادا کی جانے والی ایک شائع شدہ، اچھی طرح سے تیار کردہ عمل کو تیز تر کرنے والی فیس مثالی طور پر بدعنوانی مخالف قوانین کے تحت تسہیلی ادائیگی نہیں تصور کی جاتی ہے۔

## مناسب کارروائیوں کو برقرار رکھنا

**گروپ کمپنیوں کی طرف سے کام کرنے والے ملازمین اور فریق ثالث خدمت فراہم کنندگان کے غلط یا پرفریب کاموں کے لیے ان کو جواب دہ ٹھہرایا جا سکتا ہے۔ نتیجے کے طور پر، گروپ کمپنیوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ایسے کنٹرولز نافذ کریں اور چلائیں جو یقینی بناتے ہوں کہ ان کی طرف سے خدمات انجام دینے والے افراد اور کمپنیوں کے ذریعہ غلط ادائیگیوں کی پیشکش، ادائیگی، مطالبہ، یا وصولی نہ کی جائے اور یہ کہ وہ ہمارے ساتھ اپنے کاروبار میں دھوکہ نہ کریں۔**

**کنٹرول میں شامل ہونا چاہیے:**

- 'اپنے سپلائر کو جانیں' اور 'اپنے صارف کو جانیں' کی کارروائیاں، جن میں **تھرڈ پارٹی AFC پروسیجر** بھی شامل ہے، جو اس میں شامل خطرہ کے تئیں بالکل متناسب ہیں؛
- فریقین ثالث کے ساتھ معاہدوں میں بدعنوانی مخالف اور فریب مخالف التزامات جو سروس میں شامل رشوت ستانی اور بدعنوانی سے متعلق خطرہ کی سطح کے لیے موزوں ہیں اور اگر خلاف ورزی کی جائے تو ان کے نتیجہ میں معاہدہ ختم ہو سکتا ہے؛
- جہاں مناسب ہو، سپلائر کے تعلقات کو منظم کرنے والے عملہ کے لیے بدعنوانی مخالف اور فریب مخآلف تربیت اور معاونت؛
- لین دین اور اخراجات کی حقیقی نوعیت اور حد کی فوری اور درست رپورٹنگ؛ اور
- **M&A لین دین کی تعمیل کے طریقہ کار** کو قابل اطلاق لین دین پر لاگو کرنا، بشمول ممکنہ جوائنٹ وینچر کے انتظامات۔ اس میں اخلاق سے متعلقہ خطرات کے لیے خطرے کی تشخیص شامل ہے۔

## بہی کھاتے، ریکارڈز اور داخلی کنٹرولز

**گروپ بزنس ریکارڈز میں لین دین اور اخراجات کی صحیح نوعیت اور حد کی درست طریقہ سے عکاسی کی جانی ضروری ہے۔ ہمارے لیے یہ یقینی بنانے کے لیے داخلی کنٹرولز برقرار رکھنا ضروری ہے کہ بدعنوانی مخالف اور فریب مخالف قوانین اور بہترین طریقۂ کار کے مطابق مالی ریکارڈز اور اکاؤنٹس درست ہوں۔**



# تحائف اور تفریح (G&E)

اتفاقی پیشکش یا کاروبار سے متعلق تحائف یا تفریح قابل قبول کاروباری طرز عمل ہو سکتے ہیں۔ تاہم، نامناسب یا زائد تحائف اور تفریح رشوت ستانی اور بدعنوانی کی ایک شکل ہو سکتے ہیں، اور اس سے BAT کو سنگین نقصان لاحق ہو سکتا ہے۔

> گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہمارے آزاد خارجی آڈیٹرز کو کسی ایسے G&E کی پیشکش یا اس کا وعدہ ہرگز نہ کریں جو مفاد کا ٹکراؤ پیدا کر سکتا ہو یا ان کی آزادی کو خطرہ میں ڈال سکتا ہو۔

## G&E کی پیشکش اور قبولیت

**کسی بھی قسم کے تحائف اور تفریح جو آپ پیش کرتے ہیں، دیتے ہیں یا قبول کرتے ہیں اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ:**

- کبھی نہ دیا/قبول کیا جائے، اگر یہ رشوت اور بدعنوانی کے مترادف ہو، جیسا کہ اس SoBC کی رشوت اور بدعنوانی مخالف پالیسی میں بیان کیا گیا ہے؛
- ایسی پارٹیاں شامل نہ ہوں جو کسی ٹینڈر یا مسابقتی بولی لگانے کی کارروائی میں شامل ہوں؛
- کسی بھی گروپ کمپنی سے متعلق لین دین پر مادی اثر نہ رکھتا ہو، یا رکھنے والا سمجھے جانے کے قابل نہ ہو؛
- نقدی یا ریڈیم کرنے کے قابل نقدی کے مماثل تحفہ نہ ہو (واؤچر، گفٹ سرٹیفکیٹس، لون، یا سیکورٹیز)؛
- مانگا یا مطالبہ نہ کیا گیا ہو؛
- کسی چیز کے بدلے میں فراہم نہ کی جائے (یعنی منسلک شرائط کے ساتھ فراہم کی جائے)؛
- شاہانہ یا نامناسب (بد تہذیب، نامعقول، جنسی طور پر واضح یا بصورت دیگر مقامی ثقافت کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی بھی گروپ کمپنی کی خراب طریقے سے عکاسی کر سکنے والا) نہ ہو، یا نہ ایسا لگتا ہو؛
- کھلے عام دیا/لیا گیا ہو؛
- سبھی متعلقہ دائرہ اختیاروں میں جائز ہو، اور دیگر فریق کی تنظیم کے ذریعہ ممنوع نہ ہو؛
- پیشگی تحریری شکل میں منظور کیا گیا ہو (جہاں اس پالیسی اور/یا اضافی مقامی مطلوبات کے ذریعہ منظوری مطلوب ہو)؛
- کاروباری اخراجات کی قابل اطلاق پالیسیوں اور کارروائیوں کے مطابق خرچ کیا گیا ہو؛ اور
- اس کے علاوہ، سرکاری اہلکار اور نجی سیکٹر کے اسٹیک ہولڈرز کے لیے حد سے اوپر کے تمام G&E کو **G&E ٹریکر** میں ریکارڈ اور منظور کیا جانا چاہیے۔

## سرکاری افسران کو G&E

**کسی سرکاری افسر یا قریبی رشتہ دار، دوستوں یا ساتھیوں کو G&E (یا دیگر ذاتی فائدہ) فراہم کرتے ہوئے ان پر بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر اثر انداز ہونے کی کوشش کرنا یا مخصوص کاروباری فائدہ حاصل کرنا ممنوع ہے۔**

انضباطی شمولیت ہمارے کاروبار کا حصہ ہے۔ اس سیاق میں (بیان کردہ تھریشولڈ کے اندر) G&E فراہم یا وصول کرنے کی اجازت ہو سکتی ہے۔ تاہم، اضافی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے کیونکہ بہت سے ممالک میں سرکاری افسران کو G&E قبول کرنے کی اجازت نہیں ہے اور عموما رشوت مخالف قوانین بہت ہی سخت ہیں۔

**ہم پیشگی منظوری کے بغیر کسی سرکاری افسر کو کوئی G&E پیش کر سکتے ہیں یا اس سے قبول کر سکتے ہیں، بشرطیکہ یہ:**

- فی معاملہ فی کس £20 کے تھریشولڈ کی قیمت سے نیچے (یا اس سے کم مقامی مماثل)؛ اور
- جائز، کبھی کبھار اور مناسب ہو۔

**ہمارے لیے سرکاری افسران (یا ان کے قریبی رشتہ داران) کو £20 سے £200 تک کے تھریشولڈ کی کسی G&E کی پیشکش کرنے یا اسے قبول کرنے کے لیے ہمارے لائن مینیجر اور ہمارے مقامی لیگل کونسل سے پیشگی تحریری منظوری لینا ضروری ہے۔**

**کسی سرکاری افسر (یا ان کے قریبی رشتہ داران) کو £200 سے زیادہ کی G&E کی پیشکش کرنا/اس کی طرف سے قبول کرنا صرف اس صورت میں موزوں ہو سکتا ہے جب استثنائی حالات پیش آئیں اور اس کے لیے G&E ٹریکر میں پیشگی تحریری منظوری کی ضرورت ہے (جیسا کہ G&E کے طریقۂ کار میں مزید تفصیلات فراہم کی گئی ہیں)۔**

## G&E پیش کرتے یا قبول کرتے وقت درج ذیل کا خیال رکھیں:

- **ارادہ:** کیا اس کا مقصد صرف کاروباری تعلقات استوار کرنا یا اسے برقرار رکھنا ہے یا عام شائستگی پیش کرنا ہے؟ مخصوص کاروباری فیصلہ کرنے میں وصول کنندہ کی معروضیت کو متاثر کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا G&E کبھی بھی مناسب نہیں ہوگا
- **قانونی حیثیت:** کیا یہ آپ کے ملک میں اور دوسرے فریق کے ملک میں قانونی ہے؟ اگر نہیں، تو یہ مناسب نہیں ہے
- **مالیت:** کیا بازار کی قیمت معقول ہے (یعنی شاہانہ/حد معقولیت سے باہر نہیں ہے) اور کاروباری تعلقات کو استوار کرنے یا برقرار رکھنے یا عام شائستگی پیش کرنے کے ارادے کے متناسب ہے؟ اگر نہیں، تو یہ مناسب نہیں ہے
- **فریکوئنسی:** کیا گروپ کمپنی نے وصول کنندہ کو کبھی کبھار G&E دیا ہے؟
- **شفافیت:** اگر آپ کے مینیجر، رفقائے کار، یا گروپ کے باہر کسی کو G&E کے بارے میں پتہ چل جائے تو کیا آپ یا وصول کنندہ کو شرمندگی ہوگی؟ اگر ہاں، تو یہ مناسب نہیں ہے۔

## آزاد خارجی آڈیٹرز کو اور ان کی جانب سے G&E

گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہمارے آزاد خارجی آڈیٹرز کو کسی ایسے G&E کی پیشکش یا اس کا وعدہ ہرگز نہ کریں جو مفاد کا ٹکراؤ پیدا کر سکتا ہو یا ان کی آزادی کو خطرہ میں ڈال سکتا ہو (خارجی آڈیٹرز سے متعلق G&E پر مزید رہنمائی کے لیے G&E طریقۂ کار دیکھیں) ہے۔ ۔ گروپ اور زیادہ تر گروپ کمپنیوں کے لیے بروقت آزاد خارجی آڈیٹر KPMG۔

## پرائیویٹ سیکٹر کے اسٹیک ہولڈرز

ہم پرائیویٹ سیکٹر کے اسٹیک ہولڈرز کو/کی طرف سے کسی بھی قسم کے G&E کی پیشکش کر سکتے ہیں یا اسے قبول کر سکتے ہیں بشرطیکہ وہ:

- فی معاملہ فی کس £200 کی تھریشولڈ کی قیمت سے کم (یا اس سے کم مقامی مماثل) ہو؛ اور
- قانونی، کبھی کبھار اور موزوں کاروباری طرز عمل کے مطابق ہو

**ہمارے لیے G&E ٹریکر کے ذریعے پیشگی تحریری منظوری لینا ضروری ہے:**

- £200 تھریشولڈ سے اوپر کے کسی بھی G&E کی پیشکش کرنے یا قبول کرنے کے لیے ہمارے لائن مینیجر سے

**ہمیشہ یاد رکھیں:**

- درخواستوں کو منظوری دیتے وقت، منظوری دینے والوں کے لیے اس چیز سے مطمئن ہونا ضروری ہے کہ مجوزہ G&E ان توقعات میں سے کسی کے ساتھ متناقض نہ ہو جو اوپر بیان کی گئی ہیں اور خاص طور پر یہ کہ وقت اور/یا وسیع تر سیاق یہ پتہ دینے والا نہ سمجھا جا سکتا ہو کہ G&E کے ذریعہ کسی بھی فیصلہ پر اثر انداز ہوا جا سکتا ہے؛
- کچھ غیر معمولی حالات ہو سکتے ہیں جہاں پہلے سے منظوری ممکن نہیں ہو سکتی ہے۔ منظوری کی درخواست جلد سے جلد دی جانی چاہیے اور اس بارے میں فراہم کردہ تحریری جواز کے ساتھ G&E دیے یا لیے جانے کے بعد سات دن کے اندر دی جانی چاہیے اس تعلق سے کہ پیشگی منظوری کیوں نہیں طلب یا حاصل کی گئی تھی؛
- لائن مینیجرز، مقامی لیگل کونسل سے رجوع کرتے ہوئے، یہ طے کریں گے کہ گروپ کمپنی کے ملازمین کو یا ان کی طرف سے پیشکش یا وصول کی جانے والی کسی ایسے G&E کے ساتھ کیا جانا ہے جو قابل اطلاق تھریشولڈ سے زیادہ ہو۔ عام طور پر، اس طرح کے G&E کو مسترد کر دیا جانا چاہیے یا لوٹا دیا جانا چاہیے۔ اگر یہ غیر موزوں ہوگا یا قانون شکنی کا باعث ہوگا تو G&E اس بنیاد پر قبول کیا جا سکتا ہے کہ یہ متعلقہ گروپ کمپنی کی ملکیت بن جائے
- آپ کو چاہیے کہ ضروری G&E کی منظوری حاصل کرنے کے لیے اس کے لیے ذاتی طور پر ادائیگی کرتے ہوئے یا کسی اور سے اس کے لیے ادائیگی کراتے ہوئے اپنے فرض سے کبھی گریز نہ کریں؛
- تمام G&E میں موزوں کاروباری اخراجات کی پالیسیوں اور طریقۂ کار کے مطابق خرچ کیا جانا چاہیے؛
- تفریح کسی بھی صورت میں BAT کے کارکنان کی موجودگی کے بغیر BAT کے خرچ پر نہیں ہونی چاہیے
- شبہ سے بچنے کی خاطر، اس پالیسی کے تھریشولڈ سے بچنے کے لیے G&E کو چھوٹے مقداروں/قدروں میں تقسیم نہیں کیا جانا چاہیے؛
- G&E عام طور پر ان لوگوں کے حوالے کیا جانا چاہیے جن کے ساتھ BAT کا کاروباری رشتہ ہے، نہ کہ ان کے دوست یا رشتہ دار کے۔ لیکن اگر کسی فرد کے دوست، رشتہ دار، یا دیگر مہمان شرکت کرتے ہیں تو اخراجات تھریشولڈ کے مقاصد کے لیے اس پالیسی میں جمع کیے جانے چاہئیں؛
- استثنائی منظوریوں اور بلا استثناء منظوریوں سے متعلق مزید رہنمائی کے لیے **G&E کے طریقۂ کار** سے رجوع کریں جو کچھ محدود حالات میں دستیاب ہو سکتی ہیں؛ اور
- اضافی معلومات **G&E کے طریقۂ کار** اور **G&E سے متعلق کثرت سے پوچھے گئے سوالات** میں دستیاب ہیں۔

## گروپ کمپنیوں کی جانب سے G&E

گروپ کمپنی کی طرف سے ملنے والے G&E کو قبول کرنے کے سلسلہ میں ملازمین پر کوئی پابندیاں نہیں ہیں۔ گروپ کمپنی کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ اس طرح کے کوئی بھی G&E قانونی طور پر جائز، موزوں اور متناسب ہیں۔

> اضافی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے کیونکہ بہت سے ممالک میں سرکاری افسران کو G&E قبول کرنے کی اجازت نہیں ہے اور عموما رشوت مخالف قوانین بہت ہی سخت ہیں۔

## رسمی ریکارڈ رکھنا اور نگرانی کرنا

سرکاری افسران کے لیے G&E ٹریکر کی دیکھ بھال اور مانیٹرنگ کے لیے اور یہ یقینی بنانے کے لیے ہر گروپ کمپنی ذمہ دار ہوگی کہ G&E ٹریکر میں پرائیویٹ سیکٹر کے G&E کا ایک ریکارڈ اور ان تمام G&E کا ایک رجسٹر رکھا جائے جو تھریشولڈ سے اوپر ہوتے ہیں۔

### کس سے بات کریں

- اپنے لائن مینیجر سے
- اعلی انتظامیہ سے
- اپنے مقامی لیگل کونسل سے
- کارپوریٹ کمپلائنس کے سربراہ: sobc@bat.com
- اسپیک اپ پورٹل: bat.com/speakup
- اسپیک اپ ہاٹ لائنز: bat.com/speakuphotlines
- گروپ کے نامزد افسران: gdo@bat.com



**G&E** ٹریکر تک رسائی
**www.bat.com/ge** پر حاصل کریں





# 5

# خارجی اسٹیک ہولڈرز


36 لابنگ اور شمولیت
38 سیاسی شراکتیں
40 کمیونٹی سرمایہ کاریاں



# لابنگ اور شمولیت

BAT کارپوریٹ کی شفافیت کے تئیں پرعزم ہے۔ خارجی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہماری شمولیت کی تمام سرگرمیاں شفافیت، کھلے پن اور دیانتداری کے ساتھ انجام دی جائیں گی۔ ہمارے پاس پالیسی سے متعلق بحث میں حصہ لینے کے لیے ایک جائز شراکت ہے جو ہمارے کاموں کو متاثر کرتی ہے، اور ہمارے ملازمین کو اس باب [5] کے مطابق مشغول ہونے کی ضرورت ہے۔

## گروپ کو ایک جائز کردار ادا کرنا ہے

**سیوک پارٹنرشپ ذمہ دارانہ کاروبار اور پالیسی سازی کا ایک بنیادی پہلو ہے، اور BAT کے ملازمین پالیسی سے متعلق کارروائی میں شفاف اور کھلے انداز میں شرکت کریں گے، ان مارکیٹوں کے تمام قوانین و ضوابط کی تعمیل کرتے ہوئے جن میں وہ کام کرتے ہیں، جس میں تمام لابنگ رجسٹریشن اور رپورٹنگ کی ضروریات بھی شامل ہیں۔**

سیاست دانوں، پالیسی سازوں اور ریگولیٹرز کے ساتھ ہماری شمولیت ان کو درست معلومات فراہم کرنے پر مرکوز ہے، جو شفاف طریقے سے پہنچائی جاتی ہے۔ اس سے ایک مضبوط بنیاد بنتی ہے جس پر خارجی اسٹیک ہولڈرز پالیسی فیصلے کر سکتے ہیں۔

[5] لابنگ اور شمولیت کا یہ باب پالیسی آرگنائزیشن فار اکنامک کوآپریشن اینڈ ڈیولپمنٹس (OECD) لابی سازی میں شفافیت اور دیانتداری کے اصولوں پر مبنی ہے۔

## شفافیت اور اعلی درجہ کے پیشہ ورانہ معیار

**خارجی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشغول ہوتے وقت، گروپ کمپنیوں اور ملازمین کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ:**

- وہ پالیسی سے متعلق کارروائی میں کھلے اور شفاف انداز میں شرکت کرتے ہیں، ان مارکیٹوں کے تمام قوانین و ضوابط کی تعمیل کرتے ہوئے جن میں ہم کام کرتے ہیں؛
- وہ خود کی شناخت ہمیشہ نام اور کارپوریٹ سے الحاق کے ساتھ کرتے ہیں؛
- وہ اس SoBC کی ہماری رشوت اور بدعنوانی مخالف پالیسی کی تعمیل کرتے ہیں، بشمول اس کے کہ وہ کسی بھی ایسے شخص کے کسی فیصلہ پر غیر مناسب طریقہ سے اثر انداز ہونے کے لیے جو گروپ یا کسی گروپ کمپنی کے فائدہ کے لیے کام کرتا ہے بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر کسی ادائیگی، تحفہ، یا دیگر منافع کی پیشکش نہیں کرتے ہیں یا نہیں دیتے ہیں؛
- وہ کسی دیگر پارٹی سے تعلق رکھنے والی خفیہ معلومات کسی سے نہیں طلب کرتے ہیں یا دانستہ طور پر حاصل نہیں کرتے ہیں، یا کسی بد دیانت ذریعہ سے معلومات حاصل نہیں کرتے ہیں؛
- وہ رازداری کے فرائض کو توڑنے کے لیے کسی بھی شخص کو ترغیب نہیں دیتے ہیں؛ اور
- وہ ایسے تعمیری حل پیش کرتے ہیں جو، کسی منفی ان چاہے نتائج کو کم سے کم کرتے ہوئے، ضابطہ کے مقاصد کو بہترین طریقہ سے پورا کریں گے۔

## تھرڈ پارٹیاں

**BAT میچوؤل انٹرسٹ کے تعلق سے پالیسی کے مسائل پر تھرڈ پارٹیز کا سپورٹ کرتا ہے۔ ایسے معاملوں میں، گروپ کمپنیوں اور ملازمین کے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ:**

- وہ تجارتی رازداری سے متعلق شرائط اور ڈیٹا پروٹیکشن کے قوانین کے مطابق، تھرڈ پارٹی کے اداروں کے تعاون کا عوامی طور پر اعتراف کرتے ہیں؛
- وہ کبھی بھی کسی فریق ثالث کو ایسا کام کرنے کے لیے نہیں کہتے جو اس لابنگ اور شمولیت کی پالیسی یا اس SoBC کے رشوت اور بدعنوانی مخالف پالیسی کے خلاف ہو؛ اور
- وہ تمام فریقین ثالث سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ جن مارکیٹوں کام کرتے ہیں ان کے، بشمول لابنگ رجسٹریشن اور رپورٹنگ پر نافذ العمل تمام قوانین و ضوابط کی تعمیل کریں۔

## درست، ثبوت پر مبنی مواصلات

**خارجی شمولیت کو انجام دیتے وقت، ملازمین کے لیے یہ کوشش کرنا ضروری ہے کہ وہ:**

- فیصلہ سازی کے لیے بہترین معلومات فراہم کرتے ہوئے ضابطہ کاروں، سیاست دانوں اور پالیسی سازوں کے ساتھ درست، مکمل اور ثبوت پر مبنی معلومات شیئر کرتے ہیں۔

## سرکاری افسران کو مالی سفری تعاون

**سرکاری افسران کو سفر اور/یا رہائش سے متعلق مالی تعاون فراہم کرنا منع ہے (مثلاً کسی تقریب یا کاروباری میٹنگ میں شرکت کرنے کے لیے ان کے سفر/رہائش کے لیے ادائیگی کرنا)۔**

اگر کوئی غیر معمولی صورت حال پیدا ہوتی ہے جو اس اصول کے مختلف ہونے کی درخواست کی ضمانت دیتی ہے، تو AGC بزنس انٹیگریٹی اینڈ کمپلائنس اور CORA کے متعلقہ ریجنل ہیڈ یا گروپ ہیڈ آف ریگولیشن (مرکزی افعال کے لیے) سے **G&E کے طریقہ کار** کے مطابق پیشگی منظوری حاصل کی جانی چاہیے۔

**خارجی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ شمولیت کے وقت، گروپ کمپنیوں اور ملازمین کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ وہ پالیسی سے متعلق کارروائی میں کھلے اور شفاف انداز میں شرکت کرتے ہیں، ان مارکیٹوں کے تمام قوانین و ضوابط کی تعمیل کرتے ہوئے جن میں ہم کام کرتے ہیں۔**



# سیاسی شراکتیں

**جہاں سیاسی شراکت داریوں کو مقامی قانون کے ذریعہ واضح طور پر اجازت دی گئی ہو، اور مقامی کاروبار کے طریقۂ کار کے حصہ کے طور پر عموما قبول کیا جاتا ہو، وہاں انہیں سختی کے ساتھ قانون اور اس پالیسی (یا مقامی مماثل ضابطہ) کے مطابق ہی انجام دیا جانا لازمی ہے۔**

## صحیح وجوہات کی بنا پر تعاون کرنا

**جہاں مقامی قانون کے ذریعہ واضح طور پر اجازت دی گئی ہو، وہاں گروپ کمپنیاں سیاسی پارٹیوں اور تنظیموں کی اور انتخابی دفتر کے امیدواروں کے لیے مہم میں تعاون کر سکتی ہیں (ریاستہائے متحدہ میں وفاقی دفتر کے امیدواروں کے لیے کارپوریٹ تعاون سختی سے منع ہے)، بشرطیکہ اس طرح کی ادائیگیاں:**

- کوئی غیر مناسب کاروبار یا دیگر فائدہ حاصل کرنے کے لیے، یا کسی گروپ کمپنی کے فائدہ کے لیے کسی سرکاری افسر کے ذریعہ کیے جانے والے کسی فیصلہ پر غیر مناسب طریقہ سے اثر انداز ہونے کے لیے نہ کی گئی ہوں؛ یا
- ذاتی طور پر وصول کنندہ یا اس کے خاندان، دوستوں، ساتھیوں، یا جاننے والوں کو فائدہ پہنچانے کے ارادے سے ہوں۔

کسی گروپ کمپنی کے لیے کوئی سیاسی تعاون کرنے کی اجازت نہیں ہے، اگر بذات خود اس تعاون کا مقصد کسی خاص انداز میں کام کرنے یا ووٹ ڈالنے کے لیے کسی سرکاری افسر پر اثر انداز ہونا یا بصورت دیگر کمپنی یا گروپ کے فائدہ کے لیے سرکاری افسر کے ذریعہ کوئی فیصلہ کرانے میں مدد کرنا ہو۔

سیاسی تعاون کو منظور کرتے وقت، بورڈ آف گروپ کمپنیز کو یقینی بنانا چاہیے کہ وہ ان تقاضوں پر عمل کرتے ہیں اور اسے صحیح سے ضبط تحریر کرتے ہیں۔

## منظوری کے سخت تقاضے

**سارے سیاسی تعاون کے لیے ضروری ہے کہ ان کی:**

- مقامی قانون کے ذریعہ صاف اجازت دی گئی ہو، جیسا کہ بیرونی قانونی صلاح ومشورہ کے ذریعہ تصدیق کی گئی ہے؛
- لیگل کے متعلقہ علاقائی سربراہ یا مماثل کو پیشگی اطلاع دی گئی ہو (کسی بھی ایسے قابل اطلاق قانون کے مطابق جو ان اشخاص کی قومیت کو منضبط کرتا ہو جنہیں اس طرح کی سرگرمیوں میں شامل ہونے کی اجازت دی گئی ہے)؛
- متعلقہ گروپ کمپنی کے بورڈ کے ذریعہ پیشگی اجازت یافتہ ہو؛
- کمپنی کے بہی کھاتوں میں پوری طرح سے ریکارڈ کیا گیا ہو؛ اور
- حسب ضرورت، پبلک ریکارڈ میں رکھا گیا ہو۔

جب مملکت متحدہ یا ریاستہائے متحدہ کے اندر کسی ایسی تنظیم کو تعاون کرنے کی تجویز پیش کی جاتی ہو جو سیاسی سرگرمیوں میں شامل ہے تو سخت طریقۂ کار پر عمل کیا جانا ضروری ہے (خاص طور پر اگر کسی ایسی گروپ کمپنی سے تعلق رکھتا ہو جو عملداری سے باہر واقع ہو)۔ یہ ان قوانین کی وجہ سے ہے جن میں حدود ملک سے باہر کی اثرانگیزی ہوتی ہے اور اس میں 'سیاسی تنظیم' کی بہت ہی وسیع تعریف شامل ہے۔

امریکہ میں غیر ملکی تعاون پر پابندی خاص طور پر سخت ہے اور اس کی ضرور تعمیل کی جانی چاہیے۔

اس سے پہلے کہ مملکت متحدہ میں کوئی سیاسی تعاون کیا جائے AGC بزنس انٹیگرٹی اینڈ کمپلائنس کو اطلاع دیا جانا ضروری ہے۔

## ذاتی سیاسی سرگرمی

**انفرادی طور پر، سیاسی کارروائی میں شرکت کرنے کے لیے ہمارے پاس حقوق ہیں۔ ملازمین کے طور پر، اگر ہم کسی ذاتی سیاسی سرگرمی کو انجام دیتے ہیں تو ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم:**

- اپنے ذاتی وسائل کا استعمال کرتے ہوئے، ایسا اپنے ذاتی وقت میں کریں۔ BAT وسائل کی مثالیں جو ذاتی سیاسی سرگرمیوں کے لیے استعمال نہیں کی جا سکتی ہیں ان میں کمپنی کا ای میل، کمپیوٹر، فون، پرنٹرز، کاپیئرز وغیرہ شامل ہیں؛
- ہمارے اپنے خیالات اور اعمال کو غلطی سے کسی گروپ کمپنی کے خیالات اور اعمال کے طور پر سمجھے جانے کے امکان کو کم سے کم کریں؛ اور
- اس بات کا دھیان رکھیں کہ ہماری سرگرمیاں گروپ کے تئیں ہمارے فرائض اور ذمہ داریوں سے متصادم نہیں ہوتی ہیں۔

اگر ہم سرکاری منصب حاصل یا قبول کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں تو ہمیں اپنے لائن مینیجر کو پیشگی اطلاع دینی چاہیے، ان سے اس امر پر گفتگو کرنی چاہیے کہ آیا ہمارے دفتری فرائض ہمارے کام کو متاثر کر سکتے ہیں، اور ایسے کسی اثر کو کم کرنے کے لیے تعاون کرنا چاہیے۔



> **تمام سیاسی تعاون کی مقامی قانون کے ذریعے واضح طور پر اجازت ہونی چاہیے، جیسا کہ تحریری بیرونی قانونی مشورے سے تصدیق کی گئی ہے۔**



# کمیونٹی سرمایہ کاریاں

ہم کارپوریٹ شہری کے طور پر کاروبار کے کردار کو تسلیم کرتے ہیں، اور گروپ کمپنیوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کمیونٹی سرمایہ کاریوں اور خیراتی منصوبوں میں سپورٹ کریں۔

## ہم کیا مانتے ہیں

**کمیونٹی سرمایہ کاریاں رضاکارانہ سرگرمیاں ہیں، جو ہماری تجارتی اور بنیادی کاروباری سرگرمیوں اور ہمارے قانونی فرائض سے الگ ہیں، جو ان ممالک اور کمیونٹیز کی اقتصادی، سماجی اور ماحولیاتی پائیداری میں تعاون کرتی ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔**

یہ سرمایہ کاریاں ان کمیونٹیز میں مختلف مسائل اور وجوہات پر توجہ دیتی ہیں جن میں ہم، اکثر رفاہی اداروں، غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) اور سول سوسائٹی کو شامل کرتے ہوئے، کام کرتے ہیں اور اس میں کمیونٹی پروجیکٹس یا رفاہی تعاون، مخیرانہ عطیات اور ملازم کے رضاکارانہ عمل شامل ہوتے ہیں۔

> **”گروپ کمپنیوں کو چاہیے کہ پہلے گروپ کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک میں بیان کردہ واجبی احتیاط اور نظم و ضبط کے طریقۂ کار کا اطلاق کیے بغیر کوئی کمیونٹی سرمایہ کاری نہ کریں۔**

## مقامی کمیونٹیز کا تعاون کرنا

عالمی کاروباری ادارہ کے طور پر، BAT بہت سارے ممالک میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور گروپ کمپنیوں نے ان کمیونٹیوں کے ساتھ قریبی رشتے ہموار کیے ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔ ہم اپنی کمیونٹی سرمایہ کاری کے واسطہ سے ان کمیونٹیز کا تعاون کرنے اور انہیں بدلہ میں لوٹانے کے تئیں ایک دیرینہ نقطۂ نظر رکھتے ہیں۔

**گروپ کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک** بیان کرتا ہے کہ گروپ کمپنیوں کے لیے، UN سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ گولز کے مطابق، کس طرح کمیونٹی سرمایہ کاریوں کو بڑھانا، فراہم کرنا، اور مانیٹر کرنا ضروری ہے۔

### کس سے بات کریں

**اپنے لائن مینیجر سے**

**اعلی انتظامیہ سے**

**اپنے مقامی لیگل کونسل سے**

**کارپوریٹ کمپلائنس کے سربراہ:** sobc@bat.com

**اسپیک اپ پورٹل:** bat.com/speakup

**اسپیک اپ ہاٹ لائنز:** bat.com/speakuphotlines

**گروپ کے نامزد افسران:** gdo@bat.com

## جو ہم دیتے ہیں اس کا مکمل ریکارڈ رکھنا

کسی گروپ کمپنی کے ذریعہ کی گئی کوئی بھی کمیونٹی سرمایہ کاری کمپنی کے بہی کھاتوں میں پوری طرح درج کی جانی چاہیے اور، اگر مطلوب ہو تو، کمپنی یا وصول کنندہ کے ذریعہ سرکاری ریکارڈ میں رکھی جانی چاہیے۔

گروپ کمپنیوں کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ وہ کمیونٹی سرمایہ کاریاں جن کی وہ پائیداری کی رپورٹنگ کے مقاصد کے لیے رپورٹ کرتی ہیں وہ ان سے مطابقت رکھتی ہوں جن کی وہ مالی اور قانونی رپورٹنگ کے مقاصد کے لیے فائنانس کے واسطہ سے رپورٹ کرتی ہیں۔

## سرکاری افسران، ریاست کی ملکیت والی انٹرپرائزز (SOEs) اور مماثل سرکاری ادارے

اگر تعاون حکومتی تنظیم، SOE، یا مماثل سرکاری ادارے کو (بشمول حکومت کی طرف سے آفات سے متعلق امداد کی کوششوں کے لیے رقم فراہم کرنے کی درخواست کے جواب میں) کیے جاتے ہیں تو پہلے گروپ کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک اور معاون ضمیمہ میں بیان کردہ واجبی احتیاط اور نظم و ضبط کے طریقۂ کار کا اطلاق کرتے ہوئے اضافی واجبی احتیاط اور خطرہ کو کم کرنے والے اقدامات کیے جانے ضروری ہیں۔

گروپ کمپنیوں کے لیے یہ یقینی بنانے پر دھیان رکھنا ضروری ہے کہ اس طرح کا حکومتی تنظیم، SOE، یا مماثل ادارہ حقیقی ہوں اور یہ کہ کمیونٹی سرمایہ کاری کا تعاون سرکاری افسران اور ان کے خاندانوں کو نہیں، بلکہ عام لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔

**ہمیں کسی سرکاری اہلکار کے ذاتی یا ملحقہ خیراتی ادارے میں تعاون نہیں کرنا چاہیے۔**

کمیونٹی سرمایہ کاریوں کو کبھی بھی سیاسی تعاون کرنے، سیاسی اثر و رسوخ حاصل کرنے، نامناسب طرز عمل کی ترغیب یا انعام دینے کے لیے، یا BAT کو فراہم کی جانے والی خدمات کے لیے BAT کے معمول کی ادائیگی کے عمل کے ذریعے ادائیگی کے بدلے میں بالواسطہ ذریعہ کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔

## ساکھ اور حیثیت کی تصدیق کرنا

گروپ کمپنیوں کو چاہیے کہ وصول کنندہ کی ساکھ اور حیثیت کی تصدیق کرنے کے لیے پہلے گروپ کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک اور ضروری مستعدی اور گورننس کے ضمیمہ میں بیان کردہ واجبی احتیاط اور نظم و ضبط کے طریقۂ کار کا اطلاق کیے بغیر کوئی کمیونٹی سرمایہ کاری نہ کریں۔

کوئی بھی تعاون دینے سے پہلے، گروپ کمپنیوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ خود کو مطمئن کریں کہ وصول کنندہ نیک نیتی اور تحفظ پسندی کے اغراض و مقاصد کے ساتھ کام کر رہا ہے، اس طرح کہ یہ تعاون کسی غیر مناسب مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

ان ممالک میں جہاں رفاہی تنظیموں اور/یا NGOs کو رجسٹریشن کرانے کی ضرورت ہے، وہاں گروپ کمپنیوں کو چاہیے کہ کوئی تعاون کرنے سے پہلے ان کی رجسٹرڈ حیثیت کی تصدیق کریں۔




# G&E: اگر آپ اسے دیتے ہیں یا لیتے ہیں، تو براہ کرم اسے ٹریک کریں

آپ www.bat.com/ge پر یا SoBC ایپ* میں ٹاپ مینو کے ذریعے گفٹ اور انٹرٹینمنٹ ٹریکر تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں

* اس دوران جب آپ BAT نیٹ ورک پر ہوں

G&E ٹریکر پورٹل تک رسائی حاصل کریں

GET IT ON Google Play

Download on the App Store





6

# کارپوریٹ اثاثے اور مالیاتی دیانتداری


44 درست بہی کھاتے اور ریکارڈ

47 کارپوریٹ اثاثوں کا تحفظ

50 ڈیٹا کی رازداری، اخلاقیات اور مصنوعی ذہانت

51 سائبر سیکیورٹی، رازداری، اور معلومات کی سیکیورٹی

54 انسائڈر ڈیلنگ اور مارکیٹ کا غلط استعمال




# درست بہی کھاتے اور ریکارڈ

**مالیاتی اور غیر مالیاتی معلومات کی دیانت دارانہ، درست، اور معروضی ریکارڈنگ اور رپورٹنگ گروپ کی ساکھ، اس کی قانونی، ٹیکس سے متعلق، آڈٹ سے متعلق اور انضباطی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے تئیں اس کی صلاحیت، اور گروپ کمپنیوں کے ذریعہ کاروباری فیصلوں اور کارروائیوں میں تعاون کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔**

## درست معلومات اور ڈیٹا

**وہ سبھی ڈیٹا جو ہم تیار کرتے ہیں خواہ وہ مالیاتی ہوں یا غیر مالیاتی، لین دین اور احاطہ کیے گئے واقعات کو درست طریقہ سے ضرور ظاہر کریں۔**

ہمارے لیے مالیاتی اور دیگر کاروباری معلومات کی رپورٹنگ کے لیے قابل اطلاق قوانین، اکاؤنٹنگ کے خارجی تقاضوں اور گروپ کے طریقۂ کار کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔

اس کا اطلاق اس بات پر ہوتا ہے کہ آیا ڈیٹا کاغذ کی شکل میں ہے یا الیکٹرانک شکل میں یا کسی دیگر شکل میں۔

درست ریکارڈ رکھنے میں ناکامی گروپ کی پالیسی کے خلاف ہے اور یہ غیر قانونی بھی ہو سکتا ہے۔

ریکارڈوں کی جعل سازی یا حقائق کی غلط بیانی کا کبھی بھی کوئی جواز نہیں رہا ہے۔

اس طرح کے طرز عمل دھوکہ دہی کے زمرہ میں آتے ہیں اور دیوانی یا مجرمانہ کارروائیوں کا سبب بنتے ہیں۔

## ریکارڈز اور انفارمیشن مینجمنٹ

**اپنی قانونی اور انضباطی ذمہ داریوں کی تعمیل کرنے کے لیے، ہمیں مخصوص معلومات کو متعین مدت کے لیے رکھنا ضروری ہوتا ہے اور کسی بھی برقراری کی مدت کے ختم ہونے سے پہلے ایسی معلومات کو حذف یا ضائع نہیں کر سکتے ہیں۔ مثالوں میں (بلا تحدید) ٹیکس کی معلومات، مالی بیانات، معاہدے یا عہد نامے، مارکیٹنگ کی کچھ معلومات، اور HR دستاویزات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، رازداری کے قوانین کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ ہم لوگوں کی معلومات کو ضرورت سے زیادہ دیر تک نہیں رکھ سکتے۔**

ہم سب **گروپ ریکارڈز اور انفارمیشن مینجمنٹ کے طریقہ کار** کے مطابق ریکارڈز اور معلومات کے انتظام کے لیے ذمہ دار ہیں، جس میں تمام ملازمین کے ضوابط بیان کیے گئے ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم تسلیم کریں کہ کچھ ریکارڈز اور معلومات کو قانونی وجوہات کی بنا پر برقرار رکھنے کی معمول کی مدت سے زیادہ دیر تک رکھنے کی ضرورت ہو سکتی ہے، جیسے کہ وہ جو 'ہولڈ آرڈر' کے تحت ہوں۔ اگر آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کے پاس ہولڈ آرڈر کے تابع معلومات ہو سکتی ہیں، تو آپ کو اسے کسی بھی طرح تبدیل، ضائع یا حذف نہیں کرنا چاہیے۔

## تھرڈ پارٹی کمیونیکیشن ایپلی کیشنز

**اپنے رفقاء کار اور فریق ثالث کے ساتھ تعاون کرنے کی ہماری کوششوں میں، فریق ثالث کے ذریعے میزبانی کی جانے والی غیر BAT مواصلاتی ایپلیکیشنز، جیسے فوری پیغام رسانی یا ذاتی ای میل ایپلیکیشنز، مواصلت کے لیے مقبول چینل ہو سکتی ہیں۔**

تاہم، کام کے لیے تھرڈ پارٹی کمیونیکیشن ایپلی کیشنز کا استعمال سائبر سکیورٹی کے تناظر میں کمپنی کے لیے اور ریکارڈز اور انفارمیشن مینجمنٹ کی ذمہ داریوں پر عمل کرنے کی ہماری اہلیت کے لیے خطرات پیدا کر سکتا ہے۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ایسے غیر معمولی مواقع ہوتے ہیں جہاں اس طرح کے مواصلاتی چینلز کا استعمال انتہائی ضروری ہو سکتا ہے (مثال کے طور پر صحت اور سلامتی کے مقاصد کے لیے براڈکاسٹ پیغام رسانی جب کوئی دوسرا چینل دستیاب نہ ہو)۔ یہ مستثنیات **گروپ ریکارڈز اور انفارمیشن مینجمنٹ کے طریقہ کار** میں بیان کیے گئے ہیں۔

ان اجازت شدہ مستثنیات کو چھوڑ کر، کسی بھی کام سے متعلق مواصلات کے لیے تھرڈ پارٹی کمیونیکیشن ایپلی کیشنز کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

## لین دین کے کاغذات تیار کرنا

**تمام لین دین اور معاہدوں کا سبھی سطحوں پر مناسب طریقہ سے، واضح طور پر اور مکمل طریقہ سے منظور ہونا اور ریکارڈ ہونا ضروری ہے۔**

گروپ کمپنیوں کے ذریعہ کیے گئے تمام معاہدوں کے لیے ضروری ہے کہ ان کے لیے تحریری شکل میں ثبوت فراہم کیے جائیں، خواہ وہ کسی دیگر گروپ کمپنی کے ساتھ ہوں یا کسی تھرڈ پارٹی کے ساتھ۔

اگر ہم کسی گروپ کمپنی کی طرف سے کوئی معاہدہ تیار کرنے، اس کے بارے میں بات کرنے یا اسے منظوری دینے کے لیے ذمہ دار ہیں تو ہمارے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ اسے معاہدوں سے متعلق منظوری کی پالیسی اور طریقۂ کار کے مطابق منظور کیا جائے، اس پر دستخط کیے جائیں اور اسے ریکارڈ کیا جائے۔

کسی گروپ کمپنی کے پروڈکٹس کی فروخت کے ضمن میں، خواہ وہ اندرون ملک یا برآمد کے لیے ہوں، اس کے ذریعہ تیار کردہ تمام دستاویزات کے لیے ضروری ہے کہ وہ درست اور مکمل ہوں اور وہ لین دین کی صحیح جانکاری فراہم کرتی ہوں۔

تمام دستاویزات کے لیے ضروری ہے کہ وہ (متعلقہ مراسلت کے ساتھ) جہاں ٹیکس، کسٹمز یا دیگر حکام کے ذریعہ ممکنہ معائنہ کے لیے مطلوب ہوں، وہاں **گروپ ریکارڈز اور انفارمیشن مینجمنٹ کے طریقہ کار** اور کسی بھی قابل اطلاق مقامی قوانین کے مطابق رکھی جائیں۔

## خارجی آڈیٹرز اور گروپ انٹرنل آڈٹ کے ساتھ تعاون کرنا

ہمارے لیے گروپ کے خارجی اور داخلی آڈیٹرز کے ساتھ پوری طرح تعاون کرنا اور یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ وہ تمام معلومات جو کسی گروپ کمپنی کے آڈٹ سے متعلق ہوں (متعلقہ آڈٹ کی معلومات) اس کمپنی کے خارجی آڈیٹرز یا گروپ انٹرنل آڈٹ کو فراہم کی جائیں۔

خارجی آڈیٹرز اور گروپ انٹرنل آڈٹ کے ساتھ پوری طرح تعاون کرنے کے تئیں ہماری ذمہ داری قانونی بندشوں کے ساتھ مشروط ہے، مثال کے طور پر، قانونی لحاظ سے مستثنیٰ کی ہوئی دستاویزات کے معاملہ میں۔

بصورت دیگر، ہمیں خارجی آڈیٹرز اور گروپ انٹرنل آڈٹ کی طرف سے کسی بھی درخواست کا فوری جواب دینا چاہیے اور انہیں متعلقہ عملہ اور دستاویزات تک مکمل اور بلا روک ٹوک رسائی کی اجازت دینی چاہیے۔ ہمیں کسی بھی حالت میں خارجی یا داخلی آڈیٹرز کو ایسی معلومات نہیں فراہم کرنی چاہیے جس کے بارے میں ہم جانتے ہیں (یا معقول طور پر ہمیں جاننا چاہیے) کہ گمراہ کن، نامکمل یا غلط ہیں۔ آڈیٹرز کی آزادی کو برقرار رکھنے کے لیے، ہمیں آڈیٹرز کے نتائج کے حوالے سے ان پر غیر ضروری طور پر اثر انداز ہونے یا دباؤ ڈالنے کی کوشش سے بھی گریز کرنا چاہیے۔ تعاون کرنے میں ناکامی، آڈیٹرز کے کام میں رکاوٹ ڈالنے کی کوئی بھی کوشش، یا کوئی بھی ایسا عمل جو ان کی آزادی کو نقصان پہنچاتا ہے، SoBC کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔





## حساب کتاب کے معیاروں کی تعمیل کرنا

**مالی ڈیٹا (جیسے بہی کھاتے، ریکارڈز اور کھاتوں) کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقامی مقبول عام اکاؤنٹنگ کے اصولوں اور گروپ کی اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ سے متعلقہ پالیسیوں اور طریقۂ کار دونوں سے مطابقت رکھتا ہو۔**

گروپ کمپنیوں کے مالی ڈیٹا کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقبول عام اکاؤنٹنگ کے ان اصولوں کے مطابق رکھا جائے جو ان کے سکونت کے ملک میں لاگو ہوتے ہیں۔

گروپ رپورٹنگ کے لیے، ضروری ہے کہ ڈیٹا گروپ کی اکاؤنٹنگ کی پالیسیوں (IFRS) اور کارروائیوں کے مطابق ہو۔

> **وہ سبھی ڈیٹا جو ہم تیار کرتے ہیں خواہ وہ مالیاتی ہوں یا غیر مالیاتی، لین دین اور احاطہ کیے گئے واقعات کو درست طریقہ سے ضرور ظاہر کریں۔**




# کارپوریٹ اثاثوں کا تحفظ

ہم سب گروپ کے ان اثاثوں کا مناسب استعمال کرنے اور ان کی حفاظت کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں۔

## ہماری کمپنی کے بہترین مفادات میں کام کرنا

**ہمارے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ گروپ کے اثاثوں کو نقصان نہ پہنچایا جائے، ان کا غلط استعمال نہ کیا جائے، اس میں خیانت نہ کیا جائے یا انہیں ضائع نہ کیا جائے، اور دوسروں کے ذریعے ان کے غلط استعمال یا خیانت کی اطلاع دینی چاہیے۔**

گروپ کے اثاثوں میں طبعی اور ذہانتی املاک، فنڈز، وقت، ملکیت سے متعلق معلومات، کارپوریٹ مواقع، آلات اور سہولیات شامل ہیں۔

## ہمارے کام کے لیے کافی وقت وقف کرنا

**ہم سبھی سے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے اپنے کام کو کافی وقت وقف کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔**

کام پر موجودگی کے دوران، ہم سے توقع کی جاتی ہے کہ ہم پوری طرح سے مشغول رہیں اور ذاتی سرگرمیوں کو اس معمولی سطح سے پرے نہ لے جائیں جو ہمارے کام میں مداخلت نہ کرتا ہو۔ اس میں کوئی بھی اجازت یافتہ اضافی معاوضہ والا کردار شامل ہے (جس کی ہمارے مفادات کے ٹکراؤ کی پالیسی کے تحت اجازت ہے) جو وقت کا مطالبہ کر سکتا ہے جو BAT میں ہمارے روزمرہ کے کردار میں مداخلت کر سکتا ہے۔

## چوری اور فنڈز کے غلط استعمال کی روک تھام کرنا

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم گروپ کے فنڈز کی حفاظت کریں اور ان کے غلط استعمال، دھوکہ دہی اور چوری سے انہیں محفوظ رکھیں۔ اخراجات، واؤچرز، بلوں اور انوائسز کے ہمارے دعوؤں کے لیے ضروری ہے کہ وہ درست ہوں اور انہیں وقت پر جمع کرایا جائے۔**

'گروپ فنڈز' کا مطلب ہے نقدی یا نقدی کے مماثل چیزیں جن کا گروپ کمپنی سے واسطہ ہو، جن میں وہ رقم شامل ہے جو ہمیں اور ہمارے پاس موجود کمپنی کے کریڈٹ کارڈ میں پیشگی
ادا کی گئی ہو۔

ملازمین کے ذریعہ دھوکہ دہی یا چوری کے نتیجہ میں ان کی برطرفی اور مقدمہ کی کارروائی ہو سکتی ہے۔

## ہمارے برانڈز اور ایجادات کی حفاظت کرنا

**ہم سبھی کے لیے گروپ کے اندر مملوکہ فکری املاک کی حفاظت کرنا ضروری ہے۔**

پیٹینٹس، کاپی رائٹس، ٹریڈ مارکس، ڈیزائن کے حقوق اور حق ملکیت سے متعلق دیگر معلومات ذہانتی املاک میں شامل ہیں۔

## ہمارے اثاثوں تک رسائی کو یقینی بنانا

**ہمارے لیے ان معلومات کی حفاظت کرنا ضروری ہے جو گروپ کے اثاثوں تک رسائی فراہم کرنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں۔**

کمپنی کی املاک اور نیٹ ورکس تک رسائی حاصل کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی کسی بھی معلومات کی سیکیورٹی ہمیشہ بنائے رکھیں، جس میں ایکسیس کارڈز، آئی ڈی، پاس ورڈز اور کوڈز تیار کرنا شامل ہیں۔

## تھرڈ پارٹیز کے اثاثوں کا احترام کرنا

**ہمیں یہ جان بوجھ کر ہرگز نہیں کرنا چاہیے:**

- فریقین ثالث کے طبعی اثاثوں کا نقصان، غلط استعمال یا اس میں بے ایمانی؛
- فریقین ثالث کے حقوق کی خلاف ورزی میں باضابطہ پیٹنٹس، ٹریڈ مارکس، کاپی رائٹس یا دیگر ذہانتی املاک کی خلاف ورزی؛ اور
- ایسی غیر مجاز سرگرمیاں انجام دینا جو تھرڈ پارٹیز کے سسٹمز یا وسائل کی کارکردگی پر منفی اثر ڈالتی ہوں

ہمیں تھرڈ پارٹیز کی مادی اور فکری املاک کے تئیں اسی احترام کا مظاہرہ کرنا چاہیے جن کی ہم ان سے گروپ کے اثاثوں کے تئیں مظاہرہ کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔

> **گروپ کے اثاثوں میں طبعی اور ذہانتی املاک، فنڈز، وقت، ملکیت سے متعلق معلومات، کارپوریٹ مواقع، آلات اور سہولیات شامل ہیں۔**

## کمپنی کے آلات کو استعمال کرنا

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم کمپنی کے آلات یا سہولیات کا استعمال ذاتی سرگرمیوں کے لیے نہ کریں، سوائے اس کے جو ذیل میں بیان کیا گیا ہے اور وہ کمپنی کی پالیسی اور ٹیکنالوجی کے طریقہ کار کے قابل قبول استعمال کے مطابق ہو۔**

کمپنی کے آلات اور ہمارے لیے جاری کردہ یا دستیاب کرائے گئے سسٹمز کے محدود، کبھی کبھار، یا اتفاقی ذاتی استعمال کی اجازت ہے، بشرطیکہ یہ:

- یہ معقول ہو اور ہمارے کام کی مناسب کارکردگی میں مداخلت نہ کرتا ہو
- اس کا ہمارے سسٹم کی کارکردگی پر منفی اثر نہ پڑتا ہو؛ اور
- یہ کسی غیر قانونی یا نامناسب مقصد کے لیے نہ ہو

معقول اور مختصر ذاتی فون، ای میل اور انٹرنیٹ کے استعمال کی اجازت ہے۔

نامناسب استعمالوں میں شامل ہیں:

- ایسی مواصلات جو توہین آمیز، ہتک آمیز، جنس پرست، نسل پرست، فحش، بیہودہ یا بصورت دیگر علاوہ ناگوار ہوں؛
- کاپی رائٹ شدہ، لائسنس شدہ، یا دیگر ملکیتی مواد کو غلط طریقے سے پھیلانا؛
- چین لیٹرز، اشتہارات یا التجا بھیجنا (جب تک اجازت نہ ہو)؛ اور
- غیر مناسب انٹرنیٹ سائٹوں کو دیکھنا





# ڈیٹا کی رازداری، اخلاقیات اور مصنوعی ذہانت

**ہم ڈیٹا اور تکنیکی جدت کو اس طریقے سے استعمال کرنے کے لیے پرعزم ہیں جو قانونی طور پر مطابق، اخلاق اور ذمہ دار ہو۔ اس کا مطلب ہے ڈیٹا سے متعلق تمام سرگرمیوں میں اعتماد اور دیانت کو برقرار رکھنے کے لیے مضبوط ڈیٹا گورننس کے طریقوں کو نافذ کرنا، افراد کے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کرنا، اور قانونی تقاضوں پر عمل کرنا۔**

**ایک عالمی کمپنی کی حیثیت سے افراد (جیسے ملازمین، گاہکوں اور صارفین)، کے بارے میں معلومات کی ایک قابل لحاظ مقدار رکھتے ہوئے، گروپ کمپنیوں اور ان کے ملازمین کے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ وہ، ڈیٹا پروٹیکشن سے متعلق مقامی قوانین، گروپ ڈیٹا کی اخلاقیات اورمصنوعی ذہانت کے طریق کار اور گروپ ڈیٹا پرائیویسی پروسیجر کے مطابق، افراد کے ڈیٹا کے ساتھ منصفانہ طور پر، قانونی طور پر اور معقول انداز میں معاملہ کریں۔**

مزید وسیع طور پر، ڈیٹا اور جدت ہمارے کاروبار اور ہماری مستقبل کی کامیابی کا ایک اہم حصہ ہیں۔ ہم اخلاق طور پر اور ذمہ داری کے ساتھ ڈیٹا کا استعمال کرنے کی اپنی ذمہ داری کو تسلیم کرتے ہوئے ہر ایک کو اپنی اقدار کو مجسم کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

عملی طور پر اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں **گروپ ڈیٹا پرائیویسی پروسیجر** اور **ڈیٹا کی اخلاقیات اور مصنوعی ذہانت کے طریقہ کار** میں بیان کردہ اصولوں اور رہنمائی پر عمل کرنا چاہیے جو اس کے لیے فریم ورک فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ ہم بطور کاروبار ڈیٹا (بشمول ذاتی ڈیٹا) کو کس طرح استعمال اور ہینڈل کریں اور اخلاق طریقے سے اختراع (جیسے مصنوعی ذہانت) کو فروغ دیں۔ ہمارا عزم ایسے طریقے سے کام کرنا ہے جو نہ صرف قانونی طور پر مطابقت رکھتا ہو بلکہ ہمارے اخلاق معیارات اور اقدار کے مطابق بھی ہو۔

ہمارے لیے اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ کچھ دائرہ اختیاروں میں کچھ خاص قوانین اضافی مطلوبات نافذ کر سکتے ہیں، اور ہم ڈیٹا (بشمول ذاتی) کے ساتھ اس طرح کے قابل اطلاق قوانین کے مطابق معاملہ کریں گے۔



# سائبر سیکیورٹی، رازداری، اور معلومات کی سیکیورٹی

ہم خفیہ معلومات اور IT سسٹمز کو غیر مجاز رسائی، استعمال یا افشاء سے محفوظ رکھتے ہیں اور ہم تجارتی طور پر حساس تمام معلومات، تجارتی راز اور گروپ اور اس کے کاروبار سے متعلق دیگر خفیہ معلومات کی رازداری کو برقرار رکھتے ہیں۔

## سائبر سکیورٹی کا انتظام کرنا اور سکیورٹی کے خطرے کو کم کرنا

**گروپ سائبر سکیورٹی کے خطرے کو کم کرنے کے لیے اقدامات، عمل اور پالیسیوں کا استعمال کرتا ہے، اور گروپ کے تمام ملازمین اور ٹھیکیداروں کی یہ انفرادی اور اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ اس طریقے سے کام کریں جس سے ہمارے سائبر سیکیورٹی کے خطرے کو کم کیا جا سکے۔ اس میں شامل ہیں:**

- **سائبرسیکیورٹی** کے طریقہ کار کی ہر وقت تعمیل کرنا؛
- قابل اطلاق قوانین کے مطابق اعلی سطح کی دیکھ بھال، پیشہ ورانہ مہارت اور اچھے فیصلے کا استعمال؛ اور
- صرف گروپ کی طرف سے اجازت کے مطابق، بشمول **گروپ ڈیٹا پرائیویسی پروسیجر** اور **گروپ کی جانب سے ٹیکنالوجی کے طریقہ کار کے قابل قبول استعمالکے مطابق ذاتی ڈیٹا اور خفیہ معلومات کو جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، ان تک رسائی حاصل کرنا اور منتقل کرنا۔**

ذاتی ڈیٹا کی رازداری، دیانتداری اور دستیابی، خفیہ معلومات اور گروپ کے IT سسٹمز کے تحفظ کے لیے مناسب اقدامات کرنے میں ناکامی، گروپ کے آپریشنز کا تسلسل، رازداری کے فرائض، ملکیتی معلومات، ساکھ کو خطرہ میں ڈال سکتی ہے اور انضباطی اور قانونی فرائض پر عمل آوری کی ہماری صلاحیت کو خطرہ میں ڈال سکتی ہے۔

## سکیورٹی کے تعلق سے بیداری

**سیکیورٹی کے بیشتر واقعات بشری غلطی کا سبب ہوتے ہیں یا ان کے فعال کردہ ہوتے ہیں جس میں شامل ہیں غیر ارادی کارروائیاں یا مناسب اقدام اٹھانے میں ناکامی جو کہ سکیورٹی کے حادثہ کا سبب بنتی ہیں، پھیلاتی ہیں، یا اسے واقع ہونے دیتی ہیں۔**

“

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم کسی بھی شخص سے کسی اور پارٹی سے تعلق رکھنے والی خفیہ معلومات کی نہ تو درخواست کریں اور نہ ہی اسے حاصل کریں۔**

## خفیہ معلومات

**خفیہ معلومات ایسی کوئی بھی معلومات، مواد یا علم جو عموما عوام کے لیے دستیاب نہ ہو اور اس کا تعلق کسی گروپ، ہمارے ملازمین، صارفین، کاروباری شرکاء یا ایسے دیگر افراد سے ہو جن کے ساتھ ہم کاروبار کرتے ہیں۔ اگر خفیہ معلومات کا انکشاف فریقین ثالث سے کیا جاتا ہے تو وہ گروپ کے مفادات کو خطرہ میں ڈال سکتی ہیں۔**

ہم خفیہ معلومات کو جس طریقہ سے حاصل کرتے ہیں، استعمال کرتے ہیں یا بصورت دیگر سنبھالتے ہیں، خواہ ان کا تعلق گروپ سے ہو یا فریقین ثالث سے ہے، ان طریقوں سے بھی قابل اطلاق قوانین یا گروپ کی دیگر پالیسیوں کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔

خفیہ معلومات کی مثالوں میں شامل ہیں:

- سیلس، مارکیٹنگ اور دیگر کارپوریٹ ڈیٹابیس؛
- قیمت سازی اور مارکیٹنگ کی حکمت عملیاں اور منصوبے؛
- پروڈکٹ کی خفیہ معلومات اور تجارتی راز؛
- تحقیق اور تکنیکی ڈیٹا؛
- نئی مصنوعات تیار کرنے کا مادہ
- کاروباری خیالات، عمل، تجاویز یا حکمت عملیاں؛
- غیر مطبوعہ مالیاتی ڈیٹا اور نتائج؛
- کمپنی کے منصوبے؛
- وہ ذاتی ڈیٹا اور معاملے جو ملازمین پر اثر انداز ہوتے ہیں؛ اور
- وہ سافٹ ویئر جو گروپ کمپنی کے ذریعہ لائسنس شدہ ہو یا تیار کیا گیا ہو۔

## خفیہ معلومات کا انکشاف کرنا

**ہمارے لیے اعلی انتظامیہ کی منظوری کے بغیر کسی گروپ کمپنی یا گروپ کے باہر اس کے کاروبار سے تعلق رکھنے والی خفیہ معلومات کا انکشاف نہ کرنا ضروری ہے اور صرف:**

- ایجنٹوں یا گروپ کمپنی کے نمائندگان جنہیں یہ رازداری کے فریضہ کے طور پر مطلوب ہو اور کمپنی کی طرف سے کام انجام دینے کے لیے معلومات درکار ہو؛
- کسی تحریر شدہ رازداری کے معاہدہ یا ذمہ داری کی شرائط کے تحت ہو؛ اور
- ایک اہل عدالتی، حکومتی، ضابطہ کار یا نگراں ادارہ کے حکم کی شرائط کے تحت ہو، اطلاع دے دی گئی ہو اور آپ کی مقامی لیگل کونسل سے پیشگی منظوری حاصل کر لی گئی ہو۔

اگر خفیہ معلومات الیکٹرانک ذرائع سے منتقل کی جاتی ہے تو تکنیکی اور طریقۂ کار سے متعلق معیار لاگو کیے جانے چاہئیں، اور جہاں ممکن ہو دوسرے فریق کے ساتھ اتفاق کیا جانا چاہیے۔

**ہمیں گفتگو کے دوران خفیہ معلومات کے غیر ارادی انکشاف یا عوامی جگہوں میں دستاویزات کے استعمال کے خطرہ کے تعلق سے محتاط رہنا چاہیے۔**

## خفیہ معلومات تک رسائی اور اس کی ذخیرہ اندوزی

**کسی گروپ کمپنی یا اس کے کاروبار سے متعلق خفیہ معلومات تک رسائی صرف ان ملازمین کو فراہم کی جائے گی جنہیں اپنا کام انجام دینے کے لیے اس کی ضرورت ہوگی۔**

ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اس معلومات کو محفوظ رکھنے کے لیے مناسب انتظامات کیے بغیر کسی گروپ کمپنی یا اس کے کاروباری ادارہ سے متعلق خفیہ معلومات کو گھر نہ لے جائیں۔

مزید رہنمائی کے لیے، براہ کرم لیگل سے رابطہ کریں۔

## خفیہ معلومات کا استعمال

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے، دوست یا کسی رشتہ دار کے ذاتی مالی فائدہ کے لیے کسی گروپ کمپنی یا اس کے کاروباری ادارہ سے متعلق خفیہ معلومات استعمال نہ کریں ('مفادات کا ٹکراؤ' ملاحظہ کریں)۔**

اگر 'اندرونی معلومات' تک ہماری رسائی ہے تو خصوصی توجہ دیا جانا ضروری ہے، اندرونی معلومات، خفیہ معلومات ہے جو پبلک کمپنیوں میں لگائے جانے والے شیئرز اور سکیورٹیز کی قیمت سے متعلق ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے، 'انسائڈر ڈیلنگ اور مارکیٹ کا غلط استعمال' ملاحظہ کریں۔

## تھرڈ پارٹی سے متعلق معلومات

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم کسی بھی شخص سے کسی اور پارٹی سے تعلق رکھنے والی خفیہ معلومات کی نہ تو درخواست کریں اور نہ ہی اسے حاصل کریں۔ اگر ہم غیر ارادی طور پر ایسی معلومات وصول پاتے ہیں جن کے بارے میں ہمیں شبہ ہو کہ یہ کسی اور پارٹی سے تعلق رکھنے والی خفیہ معلومات ہو سکتی ہیں تو ہمیں اپنے لائن مینیجر اور مقامی لیگل کونسل کو فوری طور پر باخبر کرنا چاہیے۔**

## سکیورٹی سے متعلق واقعات کے بارے میں معلومات

**ملازمین اور ٹھیکیداران کے لیے ضروری ہے کہ وہ خفیہ معلومات یا ذاتی ڈیٹا کے کسی بھی امکانی یا حقیقی اتلاف، یا اس تک رسائی یا اس میں ترمیم کرنے کی کسی بھی کوشش یا حقیقی غیر مجاز رسائی کی اطلاع فوری طور پر مقامی IDT سیکورٹی ٹیم کو دیں۔**

اگر آپ کسی ایسے واقعے کے بارے میں آگاہ ہو جاتے ہیں جس میں ایسا ڈیٹا شامل ہو سکتا ہے جسے 'حساس' سمجھا جا سکتا ہے (جیسے تمام ذاتی ڈیٹا، مالیاتی ڈیٹا وغیرہ) تو، آپ کو فوری طور پر اپنی مقامی IDT سیکیورٹی یا قانونی ٹیم (جیسے ڈیٹا پرائیویسی کونسل اور/یا ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر) کو اس کی اطلاع دینی چاہیے۔ خفیہ کاروباری معلومات کو عوامی پلیٹ فارمز، ایپلی کیشنز یا دیگر غیر منظور شدہ ٹیکنالوجی کی تدابیر پر شیئر نہیں کیا جانا چاہیے۔




# انسائڈر ڈیلنگ اور مارکیٹ کا غلط استعمال

ہم پوری دنیا میں درست اور کھلے سکیورٹیز مارکیٹس کے سپورٹ کے تئیں پرعزم ہیں۔ **ملازمین** کو اندرونی معلومات کی بنیاد پر برٹش امریکن ٹوبیکو **p.l.c** (**'کمپنی'**) کے شیئرز یا دیگر سکیورٹیز کا سودا نہیں کرنا چاہیے، یا کسی بھی طرح سےمارکیٹ کے غلط استعمال میں ملوث نہیں ہوناً چاہیے۔

لغت میں اندر کی معلومات کی تعریف تلاش کریں۔

## مارکیٹ کا غلط استعمال

**ہمیں درج ذیل سمیت کسی بھی صورت میں مارکیٹ کا غلط استعمال نہیں کرنا چاہیے:**

- اندرونی معلومات کا نامناسب انکشاف
- اندرونی معلومات ('انسائڈر ڈیلنگ') کی بنیاد پر سکیورٹیز میں ڈیل کرنا؛
- اندرونی معلومات کا غلط استعمال؛ اور
- مارکیٹ کی ہیرا پھیری میں شامل ہونا۔

مارکیٹ کا غلط استعمال (اس کا ارتکاب کرنا یا دوسروں میں اس کی حوصلہ افزائی کرنا) غیر قانونی ہے۔

اس رویے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے جو برطانیہ میں مارکیٹ کا غلط استعمال یا انسائڈر ڈیلنگ کا سبب بن سکتا ہے، **برٹش امریکن ٹوبیکو کوڈ برائے شیئر ڈیلنگ** ('کوڈ') دیکھیں۔

## ذمہ دارانہ شیئر ڈیلنگ

**ہمیں کمپنی کی سیکیورٹیز میں ڈیل نہیں کرنی چاہیے، یا دوسروں کو ایسا کرنے کی ترغیب نہیں دینی چاہیے، جب کہ اس سے متعلق اندر کی معلومات موجود ہوں۔**

اگر آپ کمپنی کی سکیورٹیز میں ڈیل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ کو شیئر ڈیلنگ کے مقامی قوانین اور 'کوڈ' کی تعمیل کرنی ہوگی، جو کمپنی کے تمام ملازمین، ٹھیکیداروں اور ڈائریکٹرز پر لاگو ہوتا ہے۔

اسی طرح، جس دوران ہمارے پاس اس کمپنی سے متعلقہ اندر کی معلومات (یا اس سے ملتی جلتی) موجود ہوں تو ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم عوام طور پر تجارت کردہ کسی دیگر گروپ یا غیر گروپ کمپنی کی سیکیورٹیز میں ڈیل نہ کریں، یا دوسروں کو ایسی ڈیل کرنے کی ترغیب نہ دیں۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم شیئر ڈیلنگ کے سبھی قابل اطلاق قوانین اور مطلوبات کی تعمیل کریں۔

## اندرونی معلومات کو سنبھالنا

**اگر آپ کے پاس ایسی معلومات ہیں یا موصول ہوئی ہیں جو کمپنی سے متعلق اندرونی معلومات ہو سکتی ہیں، اور گروپ کے اندر آپ کے منصب میں آپ کو ایسی معلومات حاصل ہونا یا موصول کرنا شامل نہیں ہے، تو گروپ کمپنی سکریٹری کو فوری طور پر مطلع کرنا آپ کے لیے ضروری ہے۔**

اگر آپ کے منصب میں آپ کو ایسی معلومات حاصل کرنا یا وصول پانا شامل ہے تو آپ کے لیے قابل اطلاق ضروریات اور گروپ کی کارروائیوں پر عملدرآمد کرنا ضروری ہے۔

اندرونی معلومات کو سنبھالتے وقت احتیاط ضروری ہے، کیونکہ اس کا غلط استعمال گروپ اور متعلقہ افراد کے لیے دیوانی اور فوجداری سزاؤں کا سبب بن سکتا ہے۔

اگر آپ کے پاس کوئی ایسی معلومات ہے یا آپ کو موصول ہوئی ہے جس کا تعلق عوام میں تجارت کرنے والی کسی دیگر گروپ کمپنی سے ہے جو 'اندرونی معلومات' کی تعریف سے مماثلت رکھتی ہے یا اس سے ملتی جلتی ہے یا اگر آپ پریقین نہیں ہیں تو متعلقہ کمپنی کے کمپنی سکریٹری کو فوری طور پر آگاہ کریں۔

کوئی بھی اندر کی معلومات (یا اس سے ملتی جلتی) کے ساتھ انتہائی رازداری کا معاملہ ہونا چاہیے، خواہ اس کا تعلق عوامی طور پر تجارت کرنے والی کسی گروپ یا غیر گروپ کمپنی سے ہو۔



**اندرونی معلومات کو سنبھالتے وقت احتیاط ضروری ہے، کیونکہ اس کا غلط استعمال گروپ اور متعلقہ افراد کے لیے دیوانی اور فوجداری سزاؤں کا سبب بن سکتا ہے۔**

### کس سے بات کریں

اپنے لائن مینیجر سے

اعلی انتظامیہ سے

اپنے مقامی لیگل کونسل سے

گروپ کمپنی سکریٹری سے

کارپوریٹ کمپلائنس کے سربراہ:
sobc@bat.com

اسپیک اپ پورٹل: bat.com/speakup

اسپیک اپ ہاٹ لائنز:
bat.com/speakuphotlines

گروپ کے نامزد افسران:
gdo@bat.com





7

# قومی اور بین الاقوامی تجارت


| | |
|---|---|
| مقابلہ اور عدم اعتماد | 57 |
| پابندیاں اور برآمدات پر کنٹرول | 61 |
| غیر قانونی تجارت مخالف | 63 |
| ٹیکس چوری مخالف اور منی لانڈرنگ مخالف | 65 |



# مقابلہ اور عدم اعتماد

ہم آزادانہ مسابقہ میں یقین رکھتے ہیں۔ گروپ کمپنیوں کو منصفانہ اور اخلاقی طور پر مسابقہ (یا 'عدم اعتماد') کے قوانین کے مطابق مقابلہ کرنا چاہیے۔

## مسابقتی قانون ہمارے کاروبار کو کس طرح متاثر کرتا ہے

**مسابقتی قانون ہماری سرگرمیوں کے تقریبا تمام پہلوؤں پر اثر انداز ہوتا ہے، بشمول فروخت اور ڈسپلے، مہیا کنندگان، تقسیم کنندگان، صارفین اور حریفوں کے ساتھ ہمارے تعلقات، M&A لین دین، ہماری بات چیت اور معاہدوں کا مسودہ، اور جب ہم قیمت سازی کی حکمت عملی، کمرشیل حکمت عملی اور تجارتی حالات پر فیصلہ کر رہے ہوں۔ قانون بعض اوقات مارکیٹ کے حالات سے منسلک ہوتا ہے، جو اس بات پر اثر انداز ہوگا کہ مسابقت کے مسئلے سے کیسے رجوع کیا جاتا ہے، جیسے: مارکیٹ کا ارتکاز؛ پروڈکٹس کی یکسانیت اور برانڈ کی تفریق؛ یا ضابطہ، بشمول اشتہار کی پابندیاں، ڈسپلے پر پابندی، اور عوامی سگریٹ نوشی پر پابندیاں۔**

مارکیٹ کی صورتحال سے قطع نظر کچھ رویوں کی ممانعت ہے۔

## جائز مسابقہ کے تئیں عزم

**ہم ہر ملک میں اور اس اقتصادی علاقہ میں سخت مسابقہ اور مسابقتی قوانین کی تعمیل کے تئیں پرعزم ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔ بہت سے ممالک میں مسابقتی رویہ مخالف قوانین موجود ہیں۔ وہ بہت پیچیدہ ہیں اور ملک در ملک، ایک اقتصادی علاقہ سے دوسرے اقتصادی علاقہ تک مختلف ہوتے ہیں لیکن ان کی تعمیل میں ناکامی کی صورت میں سنگین نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔**

## ملی بھگت

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے حریفوں (بلا واسطہ یا کسی تھرڈ پارٹیز کے توسط سے بالواسطہ) سے درج ذیل کو انجام دینے میں ملی بھگت نہ کریں:**

- قیمتوں یا کسی عنصر یا قیمت سازی کے پہلو کو متعین کرنے میں (بشمول تخفیفات، رعایات، اضافی لاگتیں، قیمت سازی کے طریقے، ادائیگی کی میعادیں، وقت، سطح یا قیمت میں تبدیلیوں کا فیصد، یا ملازمت کی شرائط)؛
- دیگر شرائط و ضوابط کو مقرر کرنا؛
- مارکیٹوں، گاہکوں یا خطوں کی تقسیم یا ان کا تخصیص کرنا؛
- پیداوار، سپلائی یا صلاحیت کو محدود کرنا یا روکنا؛
- مسابقتی بولی کے پروسیس کے نتیجہ کو متاثر کرنا؛
- مخصوص فریقوں بشمول نو-ہائر ایگریمنٹس سے مجموعی طور پر ڈیل کرنے سے انکار کرنے سے اتفاق کرنے میں؛ اور
- تجارتی اعتبار سے حساس معلومات کا تبادلہ کرنے یا دیگر صورت میں مسابقہ کو محدود کرنے میں۔

## حریفوں سے ملاقات کرنا

**حریف صنعت کاروں سے کسی بھی ملاقات یا بلا واسطہ یا بالواسطہ رابطہ کے تعلق سے انتہائی احتیاط برتنی چاہیے۔ ہمارے لیے ان کا درست ریکارڈ رکھنا، اور اگر وہ مسابقت مخالف ہیں، یا مسابقت مخالف لگتے ہیں تو ان سے رشتہ منقطع کر لینا ضروری ہے۔**

اگر رابطہ کا تعلق ان کے اور ہمارے درمیان مسابقہ سے ہے تو یہی نظریہ دیگر کمپنیوں کے لیے بھی اپنایا جانا چاہیے۔

حریفوں کے ساتھ کیے جانے والے سارے انتظامات دشوار کن نہیں ہوتے ہیں۔ جائز رابطہ تجارتی انجمنوں، بعض محدود معلومات کے تبادلے، اور انضباطی مشغولیت یا عوامی وکالت کے مشترکہ اقدامات کے تناظر میں ہو سکتا ہے۔

اسی طرح، حریفوں کے ساتھ کچھ معاہدات مسابقہ پر قدغن لگا سکتے ہیں لیکن اگر وسیع تر فوائد کسی بھی نقصان پر بھاری پڑتے ہیں تو یہ قانونی ہو سکتے ہیں۔ حریفوں کے ساتھ کسی بھی قسم کے انتظامات پر غور وخوض کرنے سے پہلے ماہرانہ قانونی صلاح ومشورہ حاصل کیا جانا ضروری ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اس سے مسابقہ پر قدغن نہ لگے اور خطرات کو متصادم کے طور پر نہ دیکھا جائے۔

## حریف سے متعلق معلومات

**ہم اپنے حریفوں کے بارے میں معلومات صرف جائز قانونی ذرائع اور مسابقتی قانون کے مطابق ہی جمع کر سکتے ہیں۔**

چند انتہائی محدود اور استثنائی حالات کے علاوہ حریف سے متعلق معلومات بلا واسطہ حریفوں سے حاصل کرنا کبھی بھی جائز نہیں رہا ہے۔

فریق ثالث (بشمول صارفین، صلاح کاروں، تجزیہ کار اور تجارتی انجمنوں) سے حریف کی معلومات اکٹھا کرنا اکثر پیچیدہ مقامی قانونی مسائل کو جنم دیتا ہے اور اسے صرف مناسب قانونی مشورے سے ہی انجام دیا جانا چاہیے۔

## غالب حیثیت

**جہاں گروپ کمپنی کو 'مارکیٹ کی طاقت' حاصل ہو، وہاں عام طور پر مسابقت کی حفاظت کرنا اور اپنی پوزیشن کا غلط استعمال نہ کرنا اس کی خصوصی ذمہ داری ہوگی۔**

غلبہ'، 'مارکیٹ کی طاقت' اور 'غلط استعمال' کے تصورات ملک در ملک مختلف ہوتے ہیں۔

جہاں کوئی گروپ کمپنی اپنی مقامی مارکیٹ میں غالب سمجھی جاتی ہے، وہاں وہ عام طور پر اس طرح کے اعمال جیسے استثنیٰ کے انتظامات، وفاداری میں رعایت، مماثل صارفین کے مابین امتیاز کرنے، بہت زیادہ یا بہت کم (لاگت سے کم) قیمت وصول کرنے، مختلف مصنوعات کو باندھنے یا ان کا بنڈل بنانے، یا بصورت دیگر اپنی مارکیٹ کی پوزیشن کا غیر معقول طریقہ سے فائدہ اٹھانے میں شامل ہونے کی اپنی صلاحیت میں محدود ہوتی ہے۔

## دوبارہ فروخت سے متعلق پابندیاں

**سپلائی چین کی مختلف سطحوں میں فریقین کے درمیان بعض پابندیاں، مثال کے طور پر مہیا کنندہ اور تقسیم کنندہ یا ری سیلر کے درمیان دوبارہ بیچنے کی قیمت کو برقرار رکھنے کے قوانین، غیر قانونی ہو سکتی ہیں۔**

علاقوں میں یا صارفین کے مخصوص گروپوں کو دوبارہ فروخت کرنے کی اہلیت پر پابندیاں بعض ممالک میں ایک سنگین مسابقتی مسئلہ بن سکتی ہیں۔

دوبارہ فروخت کرنے کی قیمت کو برقرار رکھنا وہاں ہے جہاں مہیا کنندہ ان قیمتوں کو کنٹرول کرتا ہے، یا درحقیقت کرنے یا اثر انداز ہونے (بشمول بالواسطہ، دھمکیوں اور/یا مراعات کے ذریعے) کی کوشش کرتا ہے جن قیمتوں پر اس کے صارفین اپنی مصنوعات کو دوبارہ فروخت کرتے ہیں۔

دوبارہ فروخت کرنے کی قیمت کو برقرار رکھنے سے متعلق قوانین اور دوبارہ فروخت کرنے سے متعلق پابندیاں دنیا بھر میں مختلف ہیں۔ اگر یہ آپ کے منصب سے متعلق ہو تو آپ کو ان ممالک میں قابل اطلاق قوانین سے مانوس ہونا ضروری ہے جن کے لیے آپ جوابدہ ہیں۔

## انضمام اور اکتساب (M&A)

**جہاں گروپ کمپنیاں انضمام اور اکتساب میں شریک ہوتی ہیں، وہاں لین دین مکمل کرنے سے پہلے (خواہ یہ مسابقتی قوانین، غیر ملکی سرمایہ کاری کے قوانین کے تحت ہوں یا بصورت دیگر) ایک یا ایک سے زائد ممالک میں لازمی فائلنگ کو انجام دیا جا سکتا ہے۔**

فائلنگ کے قوانین ممالک در ممالک مختلف ہوتے ہیں لیکن انہیں انضمام، اکتساب (اثاثوں یا حصص کا)، جوائنٹ وینچرز، بشمول اقلیتی سرمایہ کاریوں اور کنٹرول میں دیگر تبدیلیوں کے سیاق و سباق میں ہمیشہ چیک کیا جانا چاہیے۔

تمام گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ لین دین میں مناسب طریقہ سے معلومات کی روانی کا انتظام کریں اور **M&A ٹرانزیکشنز کمپلائنس پروسیجر** کی تعمیل کریں۔

## ماہرین کے مشورے طلب کرنا

**اگر ہم ایسی کاروباری سرگرمیوں میں شامل ہوتے ہیں جہاں مسابقتی قوانین متعلق ہو سکتے ہیں تو ہمارے لیے ایسے علاقائی، علاقہ یا مارکیٹ کے رہنما خطوط کی تعمیل کرنا جو گروپ پالیسی اور اس علاقہ کے قانون کو نافذ کرتے ہیں، اور اپنے مقامی لیگل کونسل سے صلاح ومشورہ کرنا ضروری ہے۔**

ہمیں اس گمان میں نہیں رہنا چاہیے کہ مسابقتی قانون کا اطلاق صرف اس لیے نہیں ہوگا کیونکہ مقامی طور پر کوئی قانون نافذ نہیں ہے۔ بہت سے ممالک، جیسے کہ ریاستہائے متحدہ اور یورپی یونین کے اندر، اپنے مسابقتی قوانین کو ملک کی حدود سے باہر (جہاں طرز عمل رونما ہوتا ہے، اور جہاں اس کا اثر ہوتا ہے) نافذ کرتے ہیں۔



## تنخواہ سے متعلق معلومات اور 'نو ہائر' ایگریمنٹس کا تبادلہ کرنا

**ہم حریفوں سے معاہدہ نہیں کر سکتے ہیں اور نہ ہی اجرتوں اور فائدہ کی سطحوں کے تعلق سے ملی بھگت کر سکتے ہیں۔ اجرت اور فوائد سے متعلق مسابقتی طور پر حساس معلومات کو حریفوں کے ساتھ شیئر کرنا بھی مسابقہ کے مسائل کو اٹھا سکتا ہے، اور آپ کو ایسی سرگرمیوں پر غور کرنے سے پہلے ہمیشہ ماہرانہ مشورہ کے لیے لیگل کونسل سے جانچ کر لینی چاہیے۔**

ہائر نہ کرنے، شکار نہ کرنے۔ یا ایک دوسرے کے ملازمین کو برانگیختہ نہ کرنے سے متعلق حریفوں کے مابین معاہدے بھی مسابقتی تشویشات کو اٹھا سکتے ہیں الا یہ کہ وہ جائز لین دین سے بجا طور پر جڑے ہوئے ہوں۔ آپ کو ایسی سرگرمیوں پر غور کرنے سے پہلے ماہر کے صلاح ومشورہ کے لیے ہمیشہ لیگل کونسل سے جانچ کر لینی چاہیے۔

انسانی وسائل کے سیاق و سباق میں 'حریفوں' میں دیگر صنعتوں اور شعبہ جات میں کمپنیوں/اداروں کا بہت وسیع دائرہ شامل ہے کیونکہ ہم ہنر کے لیے ایک بہت ہی وسیع تر مارکیٹ میں مسابقہ کر رہے ہیں۔

**ہمیں اس گمان میں نہیں رہنا چاہیے کہ مسابقتی قانون کا اطلاق صرف اس لیے نہیں ہوگا کیونکہ مقامی طور پر کوئی قانون نافذ نہیں ہے۔**

**بہت سے ممالک، جیسے کہ ریاستہائے متحدہ اور یورپی یونین کے اندر، اپنے مسابقتی قوانین کو ملک کی حدود سے باہر (جہاں طرز عمل رونما ہوتا ہے، اور جہاں اس کا اثر ہوتا ہے) نافذ کرتے ہیں۔**



# پابندیاں اور برآمدات پر کنٹرول

ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ ہمارا کاروبار تمام قابل اطلاق پابندیوں اور برآمدات پر کنٹرول کے قوانین کے مطابق کیا جاتا ہے، اور یہ کہ ہم کسی بھی ایسے لین دین میں ملوث نہیں ہوتے ہیں جہاں ایسا کرنا ممنوع ہو۔

پابندیاں پابندی عائد کردہ علاقوں اور پابندی عائد کردہ جماعتوں کے ساتھ تقریباً تمام بلا واسطہ اور بالواسطہ سرگرمیوں اور لین دین پر پابندی لگاتی ہیں اگر ایسا طرز عمل متعلقہ حکومتی اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں ہو۔ ہم دنیا بھر میں کام کرتے ہیں اور پابندیوں کے متعدد ضوابط کے تابع ہیں، جو اپنے دائرہ کار، دائرہ اختیار اور پابندیوں میں مختلف ہو سکتی ہیں۔

BAT تمام قابل اطلاق پابندیوں کی تعمیل کے لیے پرعزم ہے۔ گروپ کسی ایسے رویے کو برداشت نہیں کرے گا جو اسے یا اس کے اہلکاروں کو پابندیوں کی خلاف ورزی میں ڈال سکتا ہے، یا جس کا مقصد قابل اطلاق پابندیوں کو روکنے یا ان سے بچنے کے لیے ہے۔ اس طرح کا رویہ گروپ اور اس کے اہلکاروں کے لیے قانونی خطرہ پیدا کرتا ہے اور BAT کو بعض قانونی اور معاہدہ جاتی عہد بستگیوں کی خلاف ورزی میں ڈال سکتا ہے۔

# پابندیاں اور برآمدات پر کنٹرول سے متعلق آگاہی، اور اس کی تعمیل

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے کاروبار کو متاثر کرنے والی پابندیوں اور برآمدات پر کنٹرول سے متعلق سارے قابل اطلاق قوانین سے باخبر رہیں اور مکمل طور پر ان کی تعمیل کریں۔ : ہمارے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہم بلا واسطہ یا بالواسطہ:**

- اپنی مصنوعات یا خدمات کو کبھی بھی فراہم نہ کریں، یا کسی بھی شخص کو اپنی مصنوعات یا خدمات کو فراہم کرنے کی اجازت نہ دیں؛
- کسی بھی شخص سے سامان یا خدمات نہ خریدیں؛ یا
- بصورت دیگر کسی بھی قابل اطلاق پابندیوں، تجارتی پابندیوں، برآمدات پر کنٹرولز یا دیگر تجارتی پابندیوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کسی بھی شخص یا جائیداد کے ساتھ سودا نہ کریں۔

پابندیاں انفرادی ممالک کی طرف سے لگائی جا سکتی ہیں، جیسے کہ امریکہ یا برطانیہ، یا ملک سے باہر کے اداروں کی طرف سے، جیسے کہ اقوام متحدہ اور یورپی یونین۔

پابندیاں صرف اقتصادی، تجارتی یا سفارتی پابندیوں کے ساتھ پورے ممالک کو نشانہ نہیں بناتی ہیں۔ اضافی طور پر، وہ پوری دنیا میں موجود پابندی عائد شدہ افراد، کمپنیوں، تنظیموں اور گروپوں کے اوپر پالیسی کے بہت سارے مختلف اسباب کی وجہ سےعائد پابندیوں کے ساتھ کی جانے والی بالواسطہ یا بلا واسطہ سودے بازیوں کو قبضہ میں لے لیتی ہیں۔

کچھ پابندیاں خاص صنعتی شعبوں کے ساتھ معاملات کو نشانہ بناتی ہیں، یا مخصوص منظور شدہ علاقوں کو یا وہاں سے سامان اور خدمات کی برآمد یا درآمد۔

پابندیوں کے کچھ قوانین بہت وسیع ہیں؛ مثال کے طور پر، امریکہ کی پابندیاں غیر امریکی افراد جیسے کہ BAT پر بھی قابل اطلاق ہو سکتی ہیں جب کہ وہ پوری طرح سے ریاستہائے متحدہ امریکہ کے باہر کام کر رہا ہو۔ خاص طور پر، امریکی پابندیاں ان غیر امریکی فریقوں کے مابین ادائیگیوں کے لیے امریکی ڈالرز اور امریکی بینکوں کے بھی استعمال سے روکتی ہیں جو پابندی لگے ہوئے علاقوں یا پابندی لگے ہوئے فریقوں سے متعلق ہیں، اور اسی طرح امریکہ سے تعلق رکھنے والی اور امریکہ سے متعلق مواد والی مصنوعات کو پابندی لگے ہوئے علاقوں یا پابندی لگے ہوئے مخصوص اشخاص کو یا ان کے لیے برآمد/دوبارہ برآمد/ان کی منتقلی سے بھی روکتی ہیں۔ یہاں تک کہ جہاں امریکہ کا کوئی گٹھ جوڑ نہیں ہے، امریکی حکومت ان افراد پر انتقامی پابندیاں عائد کر سکتی ہے اور کرتی ہے جنہیں وہ سمجھتی ہے کہ وہ پابندی عائد کردہ جماعتوں کو مادی مدد فراہم کرتے ہیں۔

پابندیوں سے الگ، برآمدات پر کنٹرولز مخصوص قسم کی اشیاء کی سرحد پار نقل و حرکت پر لائسنس کی ذمہ داریاں عائد کرتے ہیں۔ جہاں برآمدات پر کنٹرول کسی مخصوص چیز پر نافذ ہوتے ہیں وہاں ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم ہمیشہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس کو برآمد کرنے سے پہلے ہمارے پاس مناسب تیار لائسنس ہو(ں)۔

پابندیوں اور برآمدات پر کنٹرول کی خلاف ورزی سنگین ہرجانوں کی حامل ہوتی ہے جس میں ساکھ کو زبردست نقصان کے علاوہ افراد کے لیے جرمانے، برآمدات کے لائسنسوں سے محروم اور قید وبند کی صعوبتیں شامل ہیں۔

ہمارے وینڈرز پابندی عائد کردہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے یا ان کی مصنوعات اور خدمات کو استعمال کرنے سے بھی ہمیں روک سکتے ہیں، چاہے گروپ کے لیے قانونی ہی کیوں نہ ہو۔

# مکمل تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات

**پابندیوں کی تعمیل کے طریقۂ کار کے مطابق، گروپ کمپنیوں کے اور کاروباری یونٹوں کے داخلی کنٹرولز کے لیے ضروری ہے کہ وہ پابندیوں اور برآمدات پر کنٹرول کے ضوابط کی خلاف ورزی کے خطرہ کو کم سے کم کریں، اور یہ یقینی بنانے کے لیے تربیت اور تعاون فراہم کریں کہ ملازمین انہیں سمجھیں اور انہیں مؤثر طریقہ سے نافذ کریں، خاص طور پر وہاں جہاں ان کا کام بین الاقوامی مالی منتقلی یا سرحد پار کی سپلائی یا پروڈکٹس، ٹیکنالوجیز یا خدمات کی خریداری پر مشتمل ہو۔**

پابندی لگے ہوئے علاقوں اور پابندی لگی ہوئی پارٹیوں کی فہرست میں تواتر کے ساتھ تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ اگر ہمارے کام میں بین الاقوامی سرحدوں کے پار پروڈکٹس پ، ٹیکنالوجیز یا خدمات کی خرید، حصولیابی، یا ترسیل منتقلی شامل ہے تو ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اصولوں سے باخبر رہیں اور اپنے **سینکشنز کمپلائنس پروسیجر** کی پورے طور پر تعمیل کریں۔

پابندیاں لاگو ہونے کے باوجود، مستثنیات موجود ہیں اور اب بھی ہمارے لیے ایسے کاروبار میں شامل ہونا جائز ہو سکتا ہے جس میں بلا واسطہ یا بالواسطہ طور پر کوئی پابندی عائد کردہ علاقہ یا پابندی عائد کردہ پارٹی شامل ہو یا اس کو فائدہ پہنچتا ہو۔ تاہم، قانونی تجزیہ پیچیدہ ہے اور ہمیں خطرے کے وسیع تر ملاحظات کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے، اس لیے قانونی مشورے کی ضرورت ہے اس سے پہلے کہ ہم پابندی عائد شدہ علاقہ یا پابندی عائد شدہ فریق پر مشتمل کوئی بلا واسطہ یا بالواسطہ کاروبار کریں۔

اگر کسی لین دین کی وجہ سے پابندیوں یا برآمدات پر کنٹرول سے متعلق سرخ پرچم لگتا ہے تو ہمیں لیگل سے بھی رجوع کرنا چاہیے۔

سارے گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ **M&A ٹرانزیکشنز کمپلائنس پروسیجر** کی تعمیل کریں۔

اگر ہمیں سرکاری اداروں یا ہمارے کاروباری شرکاء (بشمول ہمارے بینکوں) کی طرف سے پابندیوں سے متعلق کوئی مواصلات یا درخواستیں موصول ہوتی ہیں تو ہمیں اپنے مقامی لیگل افیئرز کو بھی فوری طور پر مطلع کرنا چاہیے۔ ہمارے بینکوں (اور دیگر وینڈرز) کی توقعات اکثر قانون سے بالاتر ہوتی ہیں جنہیں ہم اپنی شفافیت سے متعلق مطلوبات کے ذریعہ حل کرتے ہیں۔ ہمارے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہم اس بارے میں اپنے بینکوں اور دیگر کاروباری شراکت داران کے ساتھ شفاف رہیں کہ آیا ہم انہیں ان سرگرمیوں میں شامل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں جو پابندیوں کے تئیں حساس ہیں۔ خاص طور پر، ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم کبھی بھی اس حقیقت کو نہ چھپائیں یا حقیقت سے منہ نہ موڑیں کہ ایک خاص کاروباری سرگرمی پابندیوں کے تعلق سے حساس ہے۔

ان خطرات کو کم کرنے کے لیے ہمارے ذریعہ اٹھائے گئے اقدامات اور پابندیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **سینکشنز کمپلائنس پروسیجر** ملاحظہ کریں۔



# غیر قانونی تجارت مخالف

اسمگل شدہ یا نقلی مصنوعات کی غیر قانونی تجارت ہمارے کاروبار کو نقصان پہنچاتی ہے جبکہ ہماری اصلی مصنوعات کا رخ موڑنا BAT کی ساکھ کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اسے روکنے کے لیے ہمیں اپنا کردار ضرور ادا کرنا چاہیے۔

## ہم اپنی مصنوعات میں غیر قانونی تجارت میں ملوث ہونے کو معاف نہیں کرتے ہیں یا اسے برداشت نہیں کرتے ہیں

**ہمیں یہ یقینی بنانا چاہیے کہ:**

- ہم گروپ کی مصنوعات کی غیر قانونی تجارت میں جان بوجھ کر شامل نہ ہوں؛
- ہمارے کاروباری طرز عمل گروپ کی مصنوعات میں صرف جائز تجارت کو سپورٹ کرتے ہوں؛ اور
- ہم غیر قانونی تجارت کی کسی بھی تفتیش میں حکام کا تعاون کریں۔

غیر قانونی تجارت سے سماج پر منفی اثرات پڑتے ہیں۔ یہ حکومتوں کو آمدنی سے محروم کرتا ہے، جرم کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، صارفین کو گھٹیا معیار کی مصنوعات خریدنے کے لیے گمراہ کرتا ہے، جائز تجارت کے ضابطہ کو کمزور کرتا ہے، اور وقت سے پہلے فروخت کو روکنا زیادہ مشکل بنا دیتا ہے۔

یہ ہمارے کاروبار اور ہماری ساکھ کو بھی نقصان پہنچاتا ہے اور مقامی آپریشنز اور تقسیم کاریوں میں ہمارے برانڈز اور سرمایہ کاری کی قیمت کو کم کرتا ہے۔

زیادہ ایکسائز ٹیکس، ٹیکس کی مختلف شرحیں، کمزور سرحدی کنٹرولز، اور ناقص نفاذ ، یہ سبھی غیر قانونی تجارت میں معاون ہوتے ہیں۔ ہم اس کی تمام صورتوں میں اسے ختم کرنے کے لیے حکومتوں اور ضابطہ کاران کو پورا سپورٹ کرتے ہیں (یہ یقینی بناتے ہوئے کہ یہ قانونی انداز میں اور کسی بھی قسم کی رشوت ستانی، بدعنوانی، یا فریب کے لیے ہماری صفر برداشت کے مطابق، سرکاری افسران کے ساتھ رشوت ستانی اور بدعنوانی کے زیادہ خطرے کو مدنظر رکھتے ہوئے، انجام دیا جائے)۔



## ہماری مصنوعات کی غیر قانونی تجارت کو روکنے اور اس سے دور رہنے کے لیے کنٹرول کو برقرار رکھنا

**ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے صارف کے ذریعہ غیر قانونی طریقہ سے اپنی مصنوعات فروخت کیے جانے یا غیر قانونی تجارتی چینلز کی طرف منتقل کیے جانے سے باز رکھنے کے لیے بنائے گئے کنٹرولز کو برقرار رکھیں۔**

**ان کنٹرول میں شامل ہونے چاہئیں:**

- **سپلائی چین کمپلائنس پروسیجر**، 'اپنے صارف کو جانیں' اور 'اپنے سپلائر کو جانیں'، بشمول **تھرڈ پارٹی AFC پروسیجر** اور کسی دیگر متعلقہ تدابیر کو نافذ کرنا، تاکہ مارکیٹوں کو سپلائی جائز مانگ کے مطابق ہونے کو یقینی بنایا جا سکے؛ اور
- غیر قانونی تجارت میں ملوث ہونے کے مشتبہ صارفین یا مہیا کنندگان کے ساتھ سودے بازیوں کی تفتیش کرنے، معطل کرنے اور ختم کرنے کی کارروائیاں

**'اپنے گاہک کو جانیں' اور 'اپنے سپلائر کو جانیں'، بشمول تھرڈ پارٹی AFC پروسیجر اور سپلائی چین کمپلائنس پروسیجر اہم طریقۂ کار ہیں۔ وہ یہ یقینی بنانے کے لیے ضروری ہیں کہ گروپ کے پروڈکٹس صرف معروف صارفین کو فروخت کی جاتی ہیں، معروف مہیا کنندگان کا استعمال کرتے ہوئے اور اتنی مقدار میں تیار کی جاتی ہیں جو جائز مانگ کی عکاسی کرتی ہیں۔**

اپنے صارفین اور مہیا کنندگان سے غیر قانونی تجارت کے تعلق سے ہمیں اپنے موقف کی وضاحت کرنا ضروری ہے۔ اگر ہمیں لگتا ہے کہ وہ غیر قانونی تجارت میں جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے ملوث ہیں تو جہاں بھی ممکن ہو، ہمیں ان کے ساتھ اپنی سودے بازیوں کی تفتیش کرنے، معطل کرنے اور بند کرنے کے معاہدہ جاتی حقوق مانگنے چاہئیں۔

اگر آپ کو شبہ ہو کہ گروپ کی مصنوعات غیر قانونی تجارت کے چینل میں شامل ہوگئی ہیں تو اپنے مقامی لیگل کونسل کو فورا مطلع کریں۔

## ہماری مارکیٹ میں غیر قانونی تجارت کی تشخیص اور نگرانی کرنا

**گروپ کمپنیوں میں اپنی داخلی مارکیٹوں میں غیر قانونی تجارت پر برابر نظر رکھنے اور اس حد تک تشخیص کرنے کی اہلیت ہونی چاہیے جس حد تک گروپ کے پروڈکٹس غیر قانونی طور پر فروخت کی جاتی ہیں یا دیگر مارکیٹوں کی طرف منتقل کی جاتی ہیں۔**

ہماری کارروائیوں کو کسی مخصوص مارکیٹ میں غیر قانونی تجارت کی سطح اور نوعیت کی تشخیص کرنے کے لیے اور اس سے نمٹنے کے منصوبے تیار کرنے کے لیے مخصوص اقدامات مطلوب ہیں۔




# ٹیکس چوری مخالف اور منی لانڈرنگ مخالف

ٹیکس چوری کا مطلب ہوتا ہے کسی بھی دائرۂ اختیار میں دانستہ طور پر یا بے ایمانی سے سرکاری آمدنی چرانا، یا دھوکہ دہی کے ذریعہ ٹیکس چوری کرنا۔ فریقین ثالث کے ذریعہ ٹیکس چوری میں سہولت فراہم کرنا بھی ایک جرم ہے۔

منی لانڈرنگ کا مطلب ہے غیر قانونی فنڈز یا پراپرٹی کو چھپانا یا تبدیل کرنا یا انہیں قانونی بنانا۔ اس میں مجرمانہ کارروائیوں کو اپنانا یا ڈیل کرنا شامل ہے۔ منی لانڈرنگ کے ساتھ ساتھ، دہشت گرد کا مالی تعاون کرنے کا عمل، دہشت گرد گروپوں کو مالی تعاون اور دیگر اثاثے فراہم کرنے کے لیے مالیاتی سسٹم کی کمزوری کا فائدہ اٹھاتا ہے۔

ہمیں ان سرگرمیوں میں کوئی کردار نہیں ادا کرنا چاہیے۔

## ٹیکس چوری یا ٹیکس چوری کی تسہیل میں عدم شمولیت

**ہمیں درج ذیل کو نہیں کرنا چاہیے:**

- کسی بھی قسم کا ٹیکس فراڈ، ٹیکس کی چوری یا کسی اور شخص (بشمول گروپ کے کسی ادارہ یا تھرڈ پارٹی) کے ذریعہ ٹیکس کی چوری میں آسانی پیدا کرنا؛ اور
- کسی ایسے شخص کو مدد فراہم کرنا جسے ہم جانتے ہیں، یا شبہ ہو کہ وہ ٹیکس چوری میں شامل ہے۔

**ہمیں درج ذیل کو کرنا چاہیے:**

- ان دائرۂ اختیار میں جہاں ہم کام کرتے ہیں، ٹیکس کے سبھی قوانین سے آگاہ رہنا چاہیے اور ان کی پوری طرح سے تعمیل کرنی چاہیے؛ اور
- جوابدہ ہونا چاہیے اور سبھی ٹیکسوں کو ادا کرنا چاہیے جو درست طور پر واجب الاداء ہیں۔

کسی بھی کمپنی یا فرد کے لیے ٹیکسوں کی چوری یا ٹیکس فراڈ کا ارتکاب کرنا ایک جرم ہے۔ ٹیکس میں پیسہ کی غلط طریقہ سے ادائیگی جرم کی کارروائیوں کا موجب بن سکتی ہے۔

کسی اور کمپنی یا فرد (دیگر گروپ کمپنیوں، ہمارے مہیا کنندگان، صارفین اور کاروبار کے دیگر شرکاء سمیت) کے ذریعہ ٹیکس کی چوری میں سہولت فراہم کرنا بھی جرم ہے۔ اس میں کسی تھرڈ پارٹی کی ٹیکس چوری میں مدد کرنا یا اسے ایسا کرنے کے لیے کہنا، دانستہ طور پر ان کی ٹیکس چوری میں شامل ہونا، یا بصورت دیگر کوئی ایسی کارروائی کرنا شامل ہے جس کے بارے میں آپ جانتے ہیں یا ارادہ رکھتے ہیں کہ اس کا نتیجہ کسی ملک میں ٹیکس چوری کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

ٹیکس کی جائز منصوبہ بندی اور ٹیکس چوری کے مابین امتیاز کرنا اہم ہے، جو کہ بسا اوقات دشوار کن ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کو ٹیکس کی منصوبہ بندی اور ٹیکس چوری کے درمیان فرق کے بارے میں شبہ ہو تو آپ کو اپنے لیگل کونسل سے صلاح ومشورہ کرنا چاہیے۔

## ٹیکس چوری کی تسہیل کو روکنے کے لیے کنٹرول کو برقرار رکھنا

**گروپ کمپنیاں اپنے ملازمین یا دیگر تھرڈ پارٹیز کے ذریعہ کیے جانے والے ٹیکس فراڈ یا ٹیکس چوری میں سہولت فراہم کرنے کی وجہ سے ذمہ دار ٹھہرائی جا سکتی ہیں۔**

اس لیے گروپ کمپنیوں کے لیے اس خطرہ کو روکنے کے لیے ایسے کنٹرولز رکھنا ضروری ہے کہ ہمارے ملازمین یا کاروباری شراکت داران کسی دیگر شخص یا کمپنی کے واسطہ سے ٹیکس چوری میں تسہیل کر سکتے ہیں۔ ان کنٹرول میں شامل ہونے چاہئیں:

- گروپ کے 'اپنے صارف کو جانیں' اور 'اپنے فراہم کنندہ کو جانیں' کے طریق کار، بشمول **سپلائی چین کمپلائنس پروسیجر** کا مکمل نفاذ، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ مناسب ضروری مستعدی سے کام لیا گیا ہے اور مناسب کنٹرولز رکھے گئے ہیں؛
- ٹیکس کی تعمیل اور تھرڈ پارٹیز کے ساتھ معاہدوں میں ٹیکس چوری کی شقوں کی عدم سہولت، جہاں مناسب ہو؛
- اس عملہ کو موزوں تربیت اور تعاون فراہم کرنا جو تھرڈ پارٹیز اور/یا ہماری اپنی ٹیکس سے متعلق ذمہ داریوں کے ساتھ رشتوں کا نظم کرتے ہیں؛ اور
- ان ملازمین اور تھرڈ پارٹیز کی تفتیش کرنا، اور اگر ضروری ہو تو معطل اور/یا اخراج کرنا جن کے بارے میں ٹیکس فراڈ، ٹیکس چوری، یا ٹیکس چوری کی تسہیل کا شبہ کیا جاتا ہے۔

**اگر آپ کو شبہ ہے کہ کوئی ملازم، ایجنٹ، ٹھیکیدار، صارف، مہیا کنندہ یا دیگر کاروباری شراکت دار ٹیکس فراڈ، ٹیکس چوری کر رہا ہے یا ٹیکس چوری کی تسہیل کر رہا ہے تو اپنے مقامی لیگل کونسل کو فورا مطلع کریں۔**

## مجرمانہ کارروائیوں کو ڈیل کرنے میں عدم شمولیت

**ہمیں درج ذیل کو نہیں کرنا چاہیے:**

- کسی بھی ایسے لین دین میں شامل نہیں ہونا چاہیے جس کے بارے میں ہمیں معلوم ہو، یا شبہ ہو کہ اس میں مجرمانہ کارروائیاں (بشمول ٹیکس کی چوری) شامل ہیں؛ یا
- بصورت دیگر جان بوجھ کر منی لانڈرنگ کی سرگرمی میں بالواسطہ یا بلا واسطہ شامل نہیں ہونا چاہیے۔

**نیز ہمارے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہماری سرگرمیاں غیر ارادی طور پر منی لانڈرنگ کے قوانین کی خلاف ورزی نہیں کرتی ہیں۔**

بیشتر دائرہ اختیاروں میں، کسی ایسے لین دین میں فرد یا کمپنی کا شامل ہونا بھی جرم ہے جسے وہ جانتے ہیں، یا جن کے بارے میں انہیں شبہ ہو، یا ان کے پاس جواز موجود ہو کہ یہ لین دین جرم سے ماخوذ ہیں۔

منی لانڈرنگ مخالف قوانین کی خلاف ورزی افراد کے لیے کارپوریٹ ذمہ داری اور ذاتی نتائج دونوں کا سبب بن سکتی ہے۔

## بڑی رقوم کو قبول کرنے سے انکار کرنا

**ہمیں مندرجہ ذیل نقد رقوم کو قبول کرنے سے انکار کرنا چاہیے یا اسے رپورٹ کرنا چاہیے:**

EU میں گروپ کمپنیوں کو کسی ایک لین دین یا لنک شدہ لین دین کی سیریز میں €10,000 (یا مماثل) سے زیادہ کی نقد ادائیگی ہر گز نہیں قبول کرنی چاہیے۔

ریاستہائے متحدہ میں (یا جب ریاستہائے متحدہ سے متعلق سودے میں شامل ہوں تو ریاستہائے متحدہ سے باہر) گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کسی ایک لین دین یا مربوط لین دین کی سیریز میں $10,000 (یا اس کے مماثل) سے زیادہ نقد ادائیگیاں ہرگز نہ قبول کریں۔

ان دائرہ اختیاروں سے باہر کی گروپ کمپنیوں کو بھی بھاری نقدی ادائیگیوں کو قبول کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔

## متعلقہ دہشت گردی مخالف اقدامات سے متعلق آگاہی، اور اس کی تعمیل

**ہمارے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہم دانستہ طور پر دہشت گردی کی سرگرمی میں مالی مدد یا بصورت دیگر تعاون نہ کریں، اور یہ کہ ہماری سرگرمیاں نادانستہ طور پر کسی متعلقہ دہشت گردی مخالف مالی تدابیر کی خلاف ورزی نہ کریں۔**

گروپ کمپنیوں کے داخلی کنٹرولز میں جانچیں شامل ہونی چاہئیں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ کسی ایسے ادارہ، تنظیم یا فرد کے ساتھ جس پر کسی حکومتی یا بین الاقوامی ادارہ کے ذریعہ اس کے معلوم یا مشتبہ دہشت گردانہ لنک کے سبب روک لگائی گئی ہے یا دہشت گردانہ سرگرمی میں شامل کسی ایسے ادارہ، تنظیم کے ساتھ جس پر اس طرح کی روک نہیں لگائی گئی ہے سودا نہ کریں (بشمول اس SoBC کے سینکشنز اینڈ ایکسپورٹ کنٹرولز کے ہمارے باب، **کاؤنٹر ٹیررسٹ فائنانسنگ پروسیجر** اور متعلقہ **سینکشنز کمپلائنس پروسیجر** کے مکمل نفاذ کے واسطہ سے)۔

دہشت گرد گروہ اس سے ملتے جلتے طریقے استعمال کر سکتے ہیں جیسے کہ ایسے افراد کا جنہیں منی لانڈرنگ میں ملوث جرائم پیشہ اداروں نے ملازمت پر رکھا ہو۔ اس میں جائز کاروبار، خوردہ دکانوں سے لے کر تقسیم یا مالیاتی سروس کی کمپنیوں تک، کا استعمال شامل ہو سکتا ہے تاکہ اپنے نیٹ ورکس کو فائنانس کر سکیں یا بصورت دیگر غیر قانونی فنڈز منتقل کر سکیں۔ اگر ہم ایسے کاروباروں، تنظیموں یا افراد سے سودا کرتے ہیں تو ہم نادانستہ طور پر انسداد دہشت گردی کی مالی معاونت کی خلاف ورزی کا خطرہ مول لیتے ہیں۔

لہذا ہمیں اس امکان سے خبردار رہنے کی ضرورت ہے کہ منی لانڈرنگ کے لیے خطرہ کی علامات دہشت گردوں کی مالی معاونت کے خطرہ کی علامات کو بھی جنم دے سکتی ہیں۔

### کس سے بات کریں

**اپنے لائن مینیجر سے**

**اعلی انتظامیہ سے**

**اپنے مقامی لیگل کونسل سے**

**کارپوریٹ کمپلائنس کے سربراہ:** sobc@bat.com

**اسپیک اپ پورٹل:** bat.com/speakup

**اسپیک اپ ہاٹ لائنز:** bat.com/speakuphotlines

**گروپ کے نامزد افسران:** gdo@bat.com

## مالیاتی جرم میں شمولیت کے خطرہ کو کم کرنا اور مشتبہ سرگرمی کی رپورٹ کرنا

**درج ذیل چیزوں کے لیے ہمارے پاس مؤثر کارروائیاں ہونی چاہئیں:**

- ان لین دین میں نادانستہ شرکت کے خطرہ کو کم کرنے کے لیے جو جرم کی آمدنی سے متعلق ہیں، بشمول ناجائز رقم اور پروڈکٹ کی روانی اور دیگر منی لانڈرنگ/دہشت گردی کی مالی مدد کے خطرہ کے سرخ پرچم کی نگرانی؛
- ملازمین، افسران، ڈائرکٹروں، ایجنٹوں، صارفین اور مہیا کنندگان کے ذریعہ منی لانڈرنگ کا پتہ لگانا اور اسے روکنا؛
- ایسے حالات کی شناخت کرنے میں ملازمین کا تعاون کرنے کے لیے جن سے منی لانڈرنگ یا دہشت گردی کی سرگرمی میں مالی مدد کے شبہ میں اضافہ ہوتا ہو؛ اور
- منی لانڈرنگ سے متعلق ذمہ داریوں کے ضمن میں موزوں حکام کو مطلوبہ رپورٹس حوالے کرنے کے لیے۔

گروپ کمپنیوں کے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ان کے صارف اور مہیا کنندہ کی منظوری کے طریق کار ('اپنے صارف کو جانیں'، اور 'اپنے مہیا کنندہ کو جانیں') معقول، خطرے پر مبنی ہوں، اور جہاں تک ممکن ہو یہ یقینی بناتے ہوں کہ صارفین اور مہیا کنندگان کسی مجرمانہ سرگرمی میں شامل نہ ہوں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ اس میں **تھرڈ پارٹی AFC پروسیجر** کا مکمل نفاذ شامل ہو۔

ہمیں چاہیے کہ ہم کسی بھی صارف یا دیگر تھرڈ پارٹی کے ذریعہ مشتبہ لین دین یا سرگرمی کو فوری طور پر اپنے جنرل مینیجر یا ہیڈ آف فنکشن اور مقامی لیگل کونسل کے حوالے کریں۔ ایک عمومی نکتہ کے طور پر، آپ کو چاہیے کہ دیگر ہمکاروں کے سامنے اس کا انکشاف نہ کریں یا ان سے اس بارے میں بات نہ کریں، سوائے اس حالت کے جہاں یہ سخت ضروری ہو، کہ آپ نے منی لانڈرنگ سے متعلق آواز اٹھائی ہے کیوں کہ اس کا نتیجہ 'ٹپنگ آف آفینس' پیش آنے کی صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔

## مالیاتی جرائم کے سرخ پرچموں سے چوکنا رہنا، بشمول:

- نان انوائس کرنسیز یا نقد یا نقدی کے برابر ادائیگیاں؛
- ایک انوائس کی بھرپائی کے لیے متعدد وسائل سے ادائیگیاں، یا ادائیگی کے دیگر غیر معمولی طریقے؛
- ایسے کھاتہ میں یا کھاتہ سے ادائیگیاں جو عام کاروبار سے متعلق کھاتہ نہ ہو یا جو کسی ایسے ملک میں واقع ہو جو سامانوں اور خدمات کی متعلقہ سپلائی سے غیر متعلق ہو؛
- زائد ادائیگیوں کی درخواست کرنا یا زائد ادائیگی کے بعد ریفنڈ کی درخواست کرنا؛
- غیر متعلق فریقین یا شیل/شیلف کمپنیوں کے ذریعہ، یا ان کے واسطہ سے یا انہیں کی جانے والی ادائیگیاں (یا ہمارے پروڈکٹس انہیں سپلائی کرنے کی درخواستیں)؛
- ان کمپنیوں یا افراد کے ذریعہ، ان کے واسطہ سے، یا انہیں کی جانے والی ادائیگیاں یا شپمنٹس جو ان ممالک میں قائم ہیں، مقیم ہیں یا کام کر رہی ہیں جو 'ٹیکس ہیونز'، ہونے کے طور پر مشہور ہیں یا ایسے بینک کھاتوں میں جو اس طرح کے ممالک میں پائے جاتے ہیں؛
- ہمارے پروڈکٹس کو ایک غیر معمولی جگہ پر پہنچانے، غیر معمولی ترسیل کا راستہ اختیار کرنے، یا وہی پروڈکٹس کو درآمد اور برآمد کرنے کی درخواستیں؛
- جھوٹی رپورٹنگ، جیسے قیمتوں کی غلط نمائندگی کرنا، ہم جو سامان یا خدمات فراہم کرتے ہیں ان کی غلط توضیح کرنا، قابل ادائیگی ٹیکس یا شپنگ کی غلط نمائندگی کرنا اور انوائس کے دستاویز کی عدم مطابقت؛
- کسی واجبی احتیاط سے متعلق اٹھائے گئے سوالات، بشمول ٹیکس رجسٹریشن سے متعلق کسی تفصیلات، کے صارفین اور مہیا کنندگان کے ذریعہ موزوں جوابات دینے میں ناکامی؛
- یہ شبہ کہ تجارت کے پارٹنرز مجرمانہ سرگرمی، بشمول فریب یا ٹیکس چوری میں شامل ہیں؛ اور
- واضح تجارتی جواز کے بغیر غیر معمولی طور پر پیچیدہ M&A یا دیگر لین دین کی ساخت (گروپ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ تمام متعلقہ لین دین پر **M&A ٹرانزیکشنز کمپلائنس پروسیجر** لاگو کریں)۔





# 8

# فرہنگ


طے شدہ شرائط 70

# طے شدہ شرائط

## G&E ٹریکر
ایک خودکار پیشگی منظوری اور ریکارڈ رکھنے کا حل ہے، جو سرکاری اہلکار اور نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈر کے تھریشولڈ سے اوپر کے G&E کے لیے لازمی ہے۔

## G&E
کا مطلب ہے تحائف اور/یا تفریح۔

## M&A لین دین کی تعمیل کا پروسیجر
کا مطلب ہے **گروپ کا انضمام اور لین دین کے اکتساب کی تعمیل کا طریقہ کار**۔

## SoBC پورٹل
مفادات کے ٹکراؤ کے انکشاف کو قبضہ میں لینے، برقرار رکھنے اور بندوبست کرنے کا پلیٹ فارم۔

## اندر کی معلومات
BAT p.l.c. کے سلسلے میں درست نوعیت کی معلومات ہوتی ہے، جو عام طور پر دستیاب نہیں ہوتی ہے؛ بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر BAT p.l.c. یا اس کی سکیورٹیز سے متعلق ہوتی ہے؛ اور، اگر عام طور پر دستیاب ہوتی ہے تو BAT p.l.c. کی سکیورٹیز، یا متعلقہ سرمایہ کاریوں کی قیمت پر قابل لحاظ اثر ڈالنے کا امکان رکھتی ہے۔ مکمل تعریف کے لیے براہ کرم **شیئر ڈیلنگ کا کوڈ** دیکھیں۔

## پابندی عائد شدہ خطہ
میں وہ علاقے شامل ہیں جو اقوام متحدہ، ریاستہائے متحدہ، یورپی یونین، مملکت متحدہ اور/یا دیگر بین الاقوامی تنظیموں یا قومی حکومتوں کے ذریعہ عائد کردہ جامع یا وسیع علاقائی پیمانہ کی پابندیوں کے تابع ہیں۔

## پابندی عائد شدہ فریق
کوئی فرد یا ادارہ ہے جس کے ساتھ کاروبار اقوام متحدہ، ریاستہائے متحدہ، یورپی یونین، مملکت متحدہ اور دیگر بین الاقوامی تنظیموں اور قومی حکومتوں کے ذریعہ نافذ کردہ اور/یا عائد کردہ پابندیوں کے ضوابط کے تحت محدود یا ممنوع ہے، جس میں بلا تحدید وہ افراد یا ادارے شامل ہیں جو پابندی عائد کردہ علاقہ میں رہتے ہیں یا اس میں واقع ہیں، یا اس کے قوانین کے تحت منظم ہوتے ہیں، جس کی نشاندہی مذکورہ بالا دائرہ اختیار کے ذریعہ رکھی گئی پابندیوں کی فہرستوں میں کی گئی ہو یا جو بصورت دیگر پابندیوں کا موضوع یا ہدف ہیں۔ اس میں غیر منظور شدہ یا غیر مندرج فریق بھی شامل ہیں جو ایک یا زیادہ منظور شدہ فریقوں کی ملکیت یا کنٹرول میں ہیں۔

## تحائف
میں کوئی بھی قیمت والی چیز شامل ہوتی ہے، یہاں تک کہ اگرچہ مالی قدر کا آسانی سے پتہ نہیں لگایا جا سکتا ہو، جو BAT سے باہر کسی ایسے شخص یا ادارے کو پیش کیا یا دیا گیا ہو، یا اس سے وصول کیا گیا ہو، جو تفریح نہ ہو۔

## تفریح
میں ورچوئل یا آمنے سامنے کی مہمان نوازی کی کوئی بھی شکل شامل ہوتی ہے، جیسے کھانا یا پینا، کسی ثقافتی یا کھیل کی تقریبات میں حاضری، BAT سے باہر کسی شخص یا ادارے کو پیش کیا جانے والا یا دیا جانے والا یا اس سے وصول یا قبول کیا جانے والا سفر یا رہائش۔

## تھرڈ پارٹی کمیونیکیشنز ایپلی کیشنز
کا مطلب ہے تھرڈ پارٹی ایپلی کیشنز (بشمول سوشل میڈیا ایپلی کیشنز جن میں براہ راست پیغام رسانی کی خصوصیات موجود ہوتی ہیں) کا استعمال کرتے ہوئے کسی بھی قسم کی مواصلات (مثلاً ای میل، وائس میمو، چیٹس یا ٹیکسٹ میسجز) جہاں اس طرح کی مواصلات کو **گروپ ریکارڈ اینڈ انفارمیشن مینجمنٹ پروسیجر** کے مطابق برقرار نہیں رکھا جا سکتا یا ان تک رسائی حاصل نہیں کی جا سکتی ہے۔ اس میں WhatsApp، WeChat، Facebook، Facebook Messenger، Instagram، SMS، iMessage، ٹیکسٹ میسجز، Yahoo، Gmail، Hotmail، Telegram، Viber، Signal اور اس جیسی دیگر ایپلی کیشنز شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں۔

## تھرڈ پارٹی AFC پروسیجر
کا مطلب ہے **گروپ تھرڈ پارٹی اینٹی فنانشل کرائم پروسیجر**۔

## تھریشولڈ
G&E کے حوالے سے پیشکش کی گئی، دی گئی یا موصول ہوئی، کا مطلب ہے:

1. **سرکاری اہلکار: £20** سے اوپر – G&E ٹریکر کے ذریعے پیشگی منظوری حاصل کی جانی چاہیے
2. **پرائیویٹ سیکٹر کے اسٹیک ہولڈرز: £20** سے £200 سے اوپر کے G&E کو G&E ٹریکر میں ریکارڈ کیا جانا چاہیے۔ £200 سے زیادہ – G&E ٹریکر کے ذریعہ پیشگی منظوری حاصل کی جانی چاہیے

گروپ کمپنیوں کو اس بارے میں رہنمائی فراہم کرنی چاہیے کہ ان رقومات سے تجاوز نہ کرتے ہوئے اور مقامی قوت خرید اور ضوابط کی عکاسی کرتے ہوئے، ان کی مارکیٹوں میں کون سی چیز معتدل اور قانونی ہے۔

## ٹیکس
کارپوریٹ اور ذاتی انکم ٹیکس، سوشل سیکورٹی کنٹریبیوشن، کسٹمز اور ایکسائز ڈیوٹیز، VAT اور سیلز ٹیکسز، اور ٹیکس کی کوئی دوسری شکل سمیت تمام قسم کے بلا واسطہ اور بالواسطہ ٹیکس۔

## ڈیلنگ
میں شامل ہے کوئی بھی فروخت، خریداری، یا منتقلی (بشمول تحفہ کے طور پر)، نیز اسپریڈ بیٹس، فرق کے معاہدے، یا دیگر مشتقات جن میں سیکیورٹیز شامل ہیں، براہ راست یا بالواسطہ، چاہے آپ کی طرف سے ہو یا کسی اور کی طرف سے۔ مکمل تعریف کے لیے براہ کرم **شیئر ڈیلنگ کا کوڈ** دیکھیں۔

## ریکارڈ
کسی بھی ذرائع ابلاغ میں ایسی معلومات جو کسی فرد کے ذریعہ کاروبار کے دوران اس کے مقام یا مادی شکل سے قطع نظر کرتے ہوئے تیار یا وصول کی گئی ہو۔

## سپلائرز
کا مطلب ہے کوئی بھی فریق ثالث جو کسی بھی BAT گروپ کمپنی کو براہ راست پروڈکٹ کے مواد یا بالواسطہ سامان یا خدمات فراہم کرتا ہے، بشمول کنسلٹنٹس، آزاد ٹھیکیدار، ایجنٹ، مینوفیکچررز، بنیادی پروڈیوسرز، ذیلی ٹھیکیدار، تقسیم کار اور تھوک فروش۔

## سرکاری افسر
میں کوئی بھی ایسا شخص شامل ہے جو حکومت یا سرکاری ادارہ/ایجنسی کی ملازمت میں ہو یا اس کی طرف سے کام کر رہا ہو، یا کوئی بھی ایسا شخص جو سرکاری کام کر رہا ہو۔ اس میں، مثال کے طور پر، وہ لوگ شامل ہوتے ہیں جو کسی قومی، علاقائی یا مقامی حکومت کے لیے یا پبلک ڈپارٹمنٹ یا ایجنسی کے لیے کام کرتے ہیں (جیسے حکومتی وزارت، فوج، یا پولیس کے اندر کوئی افسر)؛ وہ لوگ جو کسی سرکاری عہدے پر فائز ہیں؛ ریاست کی ملکیت والے یا ریاست کے زیر انتظام چلنے والے کاروباری اداروں کے ملازمین (مثلا ریاست کی ملکیت والی تمباکو کی کمپنی)؛ سرکاری بین الاقوامی تنظیموں، جیسے اقوام متحدہ، کے ملازمین؛ سیاسی پارٹی کے افسران؛ سرکاری منصب کے امیدوار؛ شاہی گھرانے کا کوئی فرد؛ اور مجسٹریٹ اور جج حضرات۔

## سیکیورٹیز
اس میں حصص (بشمول امریکی ڈپوزیٹری کی رسیدیں)، اختیارات، مستقبل کے اور کسی دیگر قسم کے اخذ کیے جانے والے معاہدے، قرض، اجتماعی سرمایہ کاری کے کاموں میں یونٹس (جیسے فنڈز)، فرق کے لیے مالی معاہدے، بونڈز، نوٹس یا ایسی دیگر سرمایہ کاریاں شامل ہیں جن کی قیمت اس طرح کی سیکورٹیز کے ذریعہ طے کی جاتی ہے۔ مکمل تعریف کے لیے براہ کرم **شیئر ڈیلنگ کا کوڈ** دیکھیں۔

## غیر مناسب طرز عمل
کا مطلب ہے کہ کسی ایسی توقع کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کوئی کاروباری سرگرمی یا عوامی عمل کو انجام دینا (یا نہ انجام دینا) کہ اسے نیک نیتی کے ساتھ، غیر جانبدارانہ طریقہ سے یا بھروسہ کے فرض کے مطابق انجام دیا جائے گا۔

## فوری پیغام رسانی
کا مطلب ہے فریق ثالث کی ایپلی کیشنز (بشمول سوشل میڈیا براہ راست پیغام رسانی کی خصوصیات) کا استعمال کرنے والے مواصلاتی آلات کے درمیان کسی بھی قسم کی فوری یا عارضی پیغام رسانی کی کوئی بھی شکل ہے جہاں پیغامات گروپ ریکارڈ اور معلومات کے انتظام کی صلاحیتوں کو سہولت نہیں فراہم کرتے ہیں۔

### قریبی رشتہ دار
کا مطلب ہے شریک حیات، پارٹنرز، بچے، والدین، بہن بھائی، بھانجے بھانجیاں، بھتیجے بھتیجیاں، چچی پھوپھی ممانی خالہ، چچا پھوپھا ماموں خالو، دادا دادی نانا نانی، پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں اور کزن (بشمول جہاں شادی سے رشتہ بنا ہو، جیسے کہ ساس یا داماد)۔ قریبی رشتہ دار کا مطلب ملازم کے گھر کا کوئی بھی فرد ہے۔

### 'قوانین' کے حوالے
میں تمام قابل اطلاق قومی اور ملک سے باہر کے قوانین اور ضوابط شامل ہیں۔

### کمپنی
کا مطلب British American Tobacco p.l.c. ہے۔

### کمیونٹی سرمایہ کاریاں
رضاکارانہ سرگرمیاں ہیں، جو ہماری تجارتی اور بنیادی کاروباری سرگرمیوں اور ہمارے قانونی فرائض سے الگ ہیں، جو ان ممالک اور کمیونٹیز کی اقتصادی، سماجی اور ماحولیاتی پائیداری میں تعاون کرتی ہیں جن میں ہم کام کرتے ہیں۔ یہ سرمایہ کاریاں ان کمیونٹیز میں مختلف مسائل اور وجوہات پر توجہ دیتی ہیں جن میں ہم، اکثر رفاہی اداروں، غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) اور 'سول سوسائٹی' کو شامل کرتے ہوئے، کام کرتے ہیں اور اس میں کمیونٹی پروجیکٹس یا رفاہی تعاون، مخیرانہ عطیات اور ملازم کے رضاکارانہ عمل شامل ہوتے ہیں۔

### گروپ اور BAT
کا مطلب British American Tobacco p.l.c. اور اس کے تمام ماتحت ادارے ہیں۔

### گروپ کمپنی
کا مطلب ہے برٹش امریکن ٹوبیکو گروپ کی کوئی بھی کمپنی۔

### مارکیٹ کا غلط استعمال
کا مطلب یہ ہے کہ ایسا طرز عمل جو مالیاتی مارکیٹوں کی دیانتداری اور سیکیورٹیز اور مشتقات کے تعلق سے عوام کے اعتماد کو نقصان پہنچاتا ہو۔

### معیارات اور SoBC
کا مطلب ہو سکتا ہے اس دستاویز میں بیان کردہ گروپ کے معیارات اور/یا گروپ کمپنی کے ذریعہ مقامی طور پر اپنائے ہوئے معیارات۔

### ملازمین
میں شامل ہیں، جہاں سیاق و سباق اس کی اجازت دیتا ہو، ڈائرکٹرز، افسران اور گروپ کمپنیوں کے مستقل ملازمین۔

### ملی بھگت
حریفوں کے ساتھ کوئی بھی ایسا انتظام ہے جو مسابقہ کو محدود کر سکتا ہو ، یا جس کا مقصد مسابقہ کو محدود کرنا ہو۔ اس میں رسمی اور غیر رسمی معاہدے خواہ بلا واسطہ ہوں یا فریق ثالث کی ثالثی کے ذریعہ، مفاہمتیں، تجارتی لحاظ سے حساس معلومات (بالواسطہ یا بلا واسطہ) اور تجارتی اداروں کے فیصلے/سفارشات کا تبادلہ کرنا شامل ہیں۔

### نجی سیکٹر کے اسٹیک ہولڈر
کا مطلب ہے سرکاری اہلکاروں کے علاوہ دیگر تمام ادارے اور افراد۔

# کاغذ اور پرنٹنگ

## کاغذ

مملکت متحدہ میں پیورپرنٹ گروپ کے ذریعے ریوائیو 100% ری سائیکل شدہ کاغذات پر پرنٹ کیا گیا ہے، جو مکمل طور پر پوسٹ کنزیومر کے فضلے سے بنایا گیا ہے۔ تمام گودے عنصری کلورین سے پاک ہیں۔ مینوفیکچرنگ ملز ماحولیاتی انتظام کے لیے ISO 14001 اور EU ایکولیبل (EMAS) سرٹیفکیٹ رکھتی ہیں۔

یہ اشاعت ریوایو 100 سلک پر پرنٹ کی گئی ہے جو ذمہ دار ذرائع سے حاصل شدہ FSC® کے ذریعہ تصدیق شدہ کاغذ ہے۔ یہ یقینی بناتی ہے کہ اچھی طرح نظم کردہ جنگل میں درخت سے لے کر پرنٹنگ فیکٹری میں تیار کردہ دستاویز تک ایک پڑتال کی گئی چین آف کسٹڈی پائی جاتی ہے۔

RECYCLED
Paper made from recycled material
FSC® C022913
FSC
www.fsc.org

## پرنٹنگ

یہ کاغذ ورلڈ لینڈ ٹرسٹ کے ساتھ کاربن بیلنسڈ ہے، جو ایک بین الاقوامی تحفظاتی رفاہی ادارہ ہے، جو زیادہ تحفظاتی ویلو کی زمین کی خریداری اور تحفظ کے واسطہ سے کاربن کے اخراج کو متوازن کرتا ہے۔

ان مستحکم جنگلات کی حفاظت کر کے جو ختم ہونے کے خطرہ میں ہیں، وہ کاربن بند کیا جاتا ہے جو بصورت دیگر جاری ہو جائے گا۔ پھر یہ محفوظ جنگلات ماحول سے کاربن جذب کرنے کے اہل ہوتے ہیں، جسے REDD (ریڈیوسڈ امیشنز فرام ڈیفوریسٹیشن اینڈ فوریسٹ ڈیگریڈیشن) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اسے اب کرہ ہوا والی $CO_2$ اور گلوبل وارمنگ کے اثرات میں اضافہ پر قابو پانے کے سب سے سستے اور تیز رفتار طریقوں میں سے ایک کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ کاربن کے فوائد کے علاوہ وہ نباتات اور حیوانات ہیں جنہیں یہ زمین محفوظ رکھتی ہے، جن میں وہ متعدد ذی حیات حیوے بھی شامل ہیں جن کی شناخت IUCN ریڈ لسٹ آف تھریٹینڈ اسپیسیز میں خاتمہ کے خطرہ میں ہونے کے طور پر کی گئی ہے۔

CARBON BALANCED PAPER
WORLD LAND TRUST™
www.carbonbalancedpaper.com

# مزید معلومات کے لیے

**برائے مہربانی رابطہ کریں:**

کارپوریٹ کمپلائنس کے سربراہ: **sobc@bat.com**
British American Tobacco p.l.c.
Globe House
4 Temple Place
London WC2R 2PG
United Kingdom

ٹیلیفون: +44 (0)207 845 1000

bat.com/sobc/online

A BETTER TOMORROW